اللہ والوں کے نصیحت آموز تقریباً 4000 اقوال
میسج کرنے کیلئے بہترین نصیحتوں کا انسائیکلوپیڈیا

انمول جواھرات

جمع وترتیب
محمد اسحق ملتانی
مدیر ماہنامہ "محاسن اسلام" ملتان

ادارۂ تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
(0322-6180738, 061-4519240

بسم الله الرحمن الرحيم

انمول
جواہرات

ماہنامہ "محاسن اسلام" ملتان کے جدید وقدیم شماروں سے نصیحت آموز اصلاحی اقوال پر مشتمل زریں اقوال کا انسائیکلوپیڈیا... ہر عمر کے افراد اور بچوں کیلئے اصلاح افروز نکات علمی عملی اور اخلاقی تربیت کے ضامن نادر اقوال جو حکمت معرفت سے لبریز ہیں... ان جواہرات میں سے کوئی ایک موتی بھی آپ کے دل کی دُنیا بدل سکتا ہے

جمع و ترتیب
محمد اسحٰق ملتانی
مدیر ماہنامہ "محاسن اسلام" ملتان

اِدارۂ تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
(0322-6180738, 061-4519240)

انمول جواہرات

تاریخ اشاعت............ ذیقعدہ ۱۴۳۴ھ
ناشر..........................ادارہ تالیفات اشرفیہ ملتان
طباعت.........................سلامت اقبال پریس ملتان

انتباہ

قارئین سے گذارش

ادارہ کی حتی الامکان کوشش ہوتی ہے کہ پروف ریڈنگ معیاری ہو۔
الحمدللہ اس کام کیلئے ادارہ میں علماء کی ایک جماعت موجود رہتی ہے۔
پھر بھی کوئی غلطی نظر آئے تو برائے مہربانی مطلع فرما کر ممنون فرمائیں
تاکہ آئندہ اشاعت میں درست ہو سکے۔ جزاکم اللہ

ملنے کے پتے

ادارہ تالیفات اشرفیہ.... چوک فوارہ.... ملتان
مکتبہ سید احمد شہید........اردو بازار......لاہور — دارالاشاعت.......اُردو بازار...........کراچی
مکتبہ علمیہ................اکوڑہ خٹک......پشاور — مکتبہ رشیدیہ.......سرکی روڈ......کوئٹہ
اسلامی کتاب گھر.....خیابان سرسید.....راولپنڈی — مکتبہ دارالاخلاص.....قصہ خوانی بازار......پشاور

ISLAMIC EDUCATIONAL TRUST U.K — 119-121- HALLIWELL ROAD
(ISLAMIC BOOKS CENTERE — BOLTON BLI 3NE. (U.K.)

عرضِ ناشر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَحْدَہٗ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ لَا نَبِیَّ بَعْدَہٗ

امابعد! اللہ تعالیٰ کا فضل اوراس کی نصرت جب شاملِ حال ہوتی ہے تو کوئی معمولی واقعہ یا کوئی مختصر نصیحت بھی زندگی میں خوشگوار انقلاب کا ذریعہ بن جاتی ہے... بعض لوگ جو بڑے بڑے علمی و اصلاحی مضامین نہیں پڑھ سکتے...وہ نصیحت پر مشتمل مختصر اقوال کے دلدادہ ہوتے ہیں اورانہیں بڑے ذوق وشوق سے پڑھتے ہیں اگر آدمی روزانہ ایک مختصر اچھی بات یادکر کے عمل شروع کردے تو سال بھر میں وہ 365 اچھی باتوں اوراچھی خصلتوں سے خودکو آراستہ کرسکتا ہے۔

ادارہ کے زیرانتظام شائع ہونے والے ماہنامہ ''محاسن اسلام'' میں ہر مضمون کے نیچے ایک سطر میں کوئی نہ کوئی اچھی بات یا نصیحت لکھی جاتی ہے... یہ نصائح واقوال بھی مستند کتب ہی سے ماخوذ ہوتے ہیں۔

آج کل موبائل میں میسج کی سہولت کے پیش نظر دینی سوچ کے حامل افراد ایک دوسرے کو مختصر اچھی باتیں بھیجتے رہتے ہیں... اللہ تعالیٰ کی توفیق سے زیرنظر کتاب انمول جواہرات ماہنامہ محاسن اسلام کے مختصر اقوال کا مجموعہ ہے جو کہ شمارہ نمبر 59 سے شمارہ نمبر 167 سے ماخوذ ہیں۔

اللہ تعالیٰ ان انمول جواہرات سے اپنے ظاہر و باطن کو آراستہ کرنے کی توفیق عطا فرمائیں یقیناً یہ کتاب قارئین محاسن اسلام اور دیگر افراد کیلئے ایک ایسا تحفہ ہے جو واقعۃً انمول ہے۔

والسلام محمد اسحٰق غفرلہ

ذیقعدہ ۱۴۳۴ھ بمطابق ستمبر 2013ء

بسم اللہ الرحمن الرحیم
اللھم
صل علی محمد و علی آل محمد
کما صلیت علی ابراہیم و علی آل ابراہیم
انک حمید مجید
اللھم
بارک علی محمد و علی آل محمد
کما بارکت علی ابراہیم و علی آل ابراہیم
انک حمید مجید

◄ ہر نئے زمانے میں قرآن کی حقیقت آشکارا ہوتی رہے گی

◄ حدیث کے بغیر قرآن کا سمجھنا ناممکن ہے

◄ تقدیر پر ایمان رکھنا سب افکار و غموم کو دور کر دیتا ہے (حدیث)

◄ زیادہ بولنے سے بڑھ کر انسان کے لیے کوئی چیز بری نہیں

◄ مجلس میں بیٹھنا کا معزز طریقہ یہ ہے کہ قبلہ منہ ہو کر بیٹھا جائے

◄ جب تم کو اپنے اچھے عمل سے مسرت اور برے کام سے رنج ہو تو تم مومن ہو

◄ دُنیا... مومن کے لیے قید خانہ اور کافر کے لیے جنت ہے

◄ رہو... بھائیوں کی طرح... معاملہ کرو... اجنبیوں کی طرح

◄ اے لوگو! اللہ سے ڈرو اور طلب رزق میں اعتدال سے کام لو

◄ سفید کپڑے پہنو اس لیے کہ وہ زیادہ پاکیزہ اور اچھے ہوتے ہیں

◄ آنکھ کی قدر نابینا سے اور آزادی کی قدر کسی غلام سے پوچھو

◄ ماں کے پاس رہو کیونکہ جنت اس کے پاؤں تلے ہے

◄ اِخلاص کے بغیر بڑے سے بڑا عمل بھی بے کار ہے

◄ تقویٰ کے بعد مومن کے لیے کوئی چیز نیکی بیوی سے بہتر نہیں

◄ لوگوں کے ساتھ برا گمان کرنے سے بچو!

- اپنا حساب کرلو اس سے پہلے کہ تمہارا حساب کیا جائے
- زیادہ ہنسا مت کرو اس لیے کہ ہنسی کی کثرت دل کو مردہ کر دیتی ہے
- زندگی کا واحد مقصد... صرف تعلق مع اللہ ہے
- ایسی بات نہ کہو جس سے کل معذرت کی ضرورت ہو
- اوندھا لیٹنا اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہے (حدیث)
- نماز اور صبر کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی مدد مانگو
- اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ہوں
- جس شخص نے اپنے مال کی زکوٰۃ دی اس کے مال سے شر دفع ہو گیا
- اپنے کھانے میں حلال کا اہتمام کرو تمہاری دُعائیں قبول ہونے لگیں گی (حدیث)
- جو کام سب سے زیادہ سبب مغفرت ہو گا وہ کشادہ روئی اور شیریں زبانی ہے
- قرآن کا سب سے اہم ادب یہ ہے کہ اس پر عمل کیا جائے
- کارخانہ قدرت میں فکر کرنا بھی عبادت ہے
- زبان کو بند رکھنے... گھر میں ٹھہرنے... اور گناہوں پر نادم ہونے میں نجات ہے
- مشکل ایسا عذر ہے جسے تاریخ کبھی تسلیم نہیں کرتی
- دُنیا دار العمل ہے لہٰذا کسی چھوٹی نیکی کرنے میں بھی سستی نہ کیجئے
- تمام صحابہ کرام رضی اللہ عنہم معیار حق ہیں اور ہمارے ایمان کا حصہ ہیں
- پاؤں پھسل جائیں تو پھسلنے دو مگر زبان نہ پھسلنے دو
- دوسروں کے مال کی طمع نہ کرنا بھی سخاوت ہے
- انسان کا سب سے بڑا دشمن اس کا غصہ ہے
- دُنیا دار دُنیا کے پیچھے دوڑ رہے ہیں... اور دُنیا اللہ والوں کے پیچھے
- سب سے بڑا خطا کار وہ ہے جو لوگوں کی خطائیں بیان کرتا پھرے

- شرک کے بعد سب سے بڑا گناہ والدین کی نافرمانی ہے
- موت سے محبت کرو گے تو زندگی عطا کی جائے گی
- بوڑھے کا مشورہ جوان کی طاقتِ بازو سے زیادہ مضبوط ہے
- انسان کا شرف صورت سے نہیں سیرت سے ہے
- گناہ سے توبہ واجب مگر گناہ سے بچنا واجب تر ہے
- راز پوشیدہ رکھنا... اپنی عزت بچانا ہے
- سادگی... ایمان کی علامت ہے
- انسان کی قدر و منزلت علم کے اعتبار سے ہے۔
- دُنیا کی محبت تمام برائیوں کی جڑ ہے
- تیرا عمل عقائد کی دلیل ہے اور ظاہر باطن کی علامت ہے
- چھوٹے ذہن میں ہمیشہ خواہش اور بڑے ذہن میں ہمیشہ مقصد ہوتا ہے
- سنت کے مطابق معتدل عمل بدعت کے بڑے سے بڑے مجاہدہ سے بہتر ہے
- آخرت میں نامہ اعمال کے ترازو میں اچھے اَخلاق سب سے زیادہ وزنی ہوں گے
- بیوی کی جھوٹی تعریف کرنا جھوٹ نہیں
- لڑنے جھگڑنے والا آدمی اللہ تعالیٰ کو سب سے زیادہ ناپسند ہے (بخاری شریف)
- جو تجھے تیرے عیب سے آگاہ کرے وہ تیرا مخلص دوست ہے
- مسکراہٹ... استاد... دُنیا میں زیادہ کیا چیز کھائی جاتی ہے... شاگرد... جناب استاد کی مار
- استاد... مغلیہ سلطنت کے زوال کے اسباب بتاؤ؟ شاگرد... بڑی دکھ بھری باتیں ہیں نہ پوچھیں
- کسی مسلمان کی عیادت کرنے والا اپنا گھر جنت میں بنالیتا ہے
- گلے اور شکوہ سے اپنی زبان بند رکھو، راحت نصیب ہوگی
- خطرات و مشکلات کا اطمینان سے مقابلہ کرنا مردانگی ہے

- حقیقی غلام وہ ہے... جو اپنے جذبات کا غلام ہے
- آدمی جب تک ذکر کرتا رہے شیطان سے محفوظ رہتا ہے
- وقت کی قدر وہی لوگ کرتے ہیں جو زندگی میں لگن اور محنت سے کام کرتے ہیں
- فرض کے ادا کرنے میں ناکامی بھی کامیابی سے کم نہیں
- خاموشی غصہ کا بہترین علاج ہے
- قضا پر راضی رہنا دُنیا میں جنت ہے
- صلہ رحمی سے عمر اور رزق میں برکت ہوتی ہے
- زبان کی لغزش پاؤں کی لغزش سے زیادہ خطرناک ہے
- محنت پسند طبائع کے لیے تمام مشکلات آسان ہو جاتی ہیں
- حقیقی راحت خودداری خود اعتمادی اور خود مختاری پیدا کرنے میں ہے
- سب نشے زوال پذیر لیکن علم کا نشہ ترقی پذیر ہے
- مومن کو اتنا علم کافی ہے کہ وہ خدا سے ڈرتا رہے
- اپنے حواس پر حکومت کرو تا کہ انسانی عظمت نصیب ہو
- مایوسی اور کامیابی... اکٹھے نہیں رہ سکتے
- تمہاری عقل ہی تمہاری استاد ہے
- بچوں کی پرورش رزق حلال کے ساتھ کرو
- ہمیشہ کی ندامت یہ ہے کہ آدمی اللہ تعالیٰ کو راضی کیے بغیر مر جائے
- جو کوئی برے راستے سے گزرتا ہے اس پر تہمت ضرور لگتی ہے
- عالم چاہے حقیر حالت میں ہو اسے ذلیل نہ سمجھو
- جاہل چاہے مرتبے والا ہو اسے بڑا مت خیال کرو
- اپنی غلطیوں کا احساس ہی کامیابی کی کنجی ہے

- اپنی ضرورتوں کو محدود کر دینا ہی دولت مندی ہے قناعت وہ سرمایہ ہے جو کبھی ختم نہیں ہوگا
- نفل نماز کی جماعت کرانا مکروہ تحریمی ہے
- کامل مسلمان...وہ ہے جس کے ہاتھ اور پاؤں سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں
- بد بخت ہے وہ شخص جو خود تو مر جائے لیکن اس کا گناہ نہ مرے
- جو زکوۃ روک لیتا ہے...اس کے مال کی حفاظت روک لی جاتی ہے
- نصیحت کا فائدہ یہ ہے کہ اسے سنو...اور آگے بڑھاؤ
- آدمی کی زندگی پر عقل مندی کی نہیں...تقدیر کی حکمرانی ہوتی ہے
- گھریلو جھگڑوں سے نجات کے لیے مجرب نسخہ یہ ہے کہ رہائش علیحدہ کر لی جائے
- دُنیا میں وہی پست ہیں جن کے دل پست ہیں
- دُنیا داروں کی دوستی معمولی بات سے ختم ہو جاتی ہے
- خوشی انسان کو وہ کچھ نہیں سکھاتی جو غم سکھاتا ہے
- بہترین دوست وہ ہے جو عیب کی اصلاح کر دے
- تجھ کو غافل فکر عقبیٰ کچھ نہیں...کھانہ دھوکا عیش دُنیا کچھ نہیں
- زندگی چند روزہ کچھ نہیں...کچھ نہیں اس کا بھروسہ کچھ نہیں
- بہر غفلت یہ تری ہستی نہیں...دیکھ جنت اس قدر سستی نہیں
- رہ گذر دُنیا ہے یہ بستی نہیں...جائے عیش و عشرت و مستی نہیں
- یاد حق دُنیا میں صبح و شام کر...جس لیے آیا ہے تو وہ کام کر
- جگہ جی لگانے کی دُنیا نہیں ہے...یہ عبرت کی جا ہے تماشا نہیں ہے
- دل کا دُنیا سے لگانا ہے عبث...رہ گزر کو گھر بنانا ہے عبث
- عیش و عشرت کے لیے انساں نہیں...یاد رکھ تو بندہ ہے مہماں نہیں
- بزم عالم میں فنا کا دور ہے...جائے عبرت ہے مقام غور ہے

- کیسے کیسے گھر اجاڑے موت نے... کھیل کتنوں کے بگاڑے موت نے
- آخرت کی فکر کرنی ہے ضرور... جیسی کرنی ویسی بھرنی ہے ضرور
- ہے یہاں سے تجھ کو جانا ایک دن... قبر میں ہوگا ٹھکانہ ایک دن
- منہ خدا کو ہے دکھانا ایک دن... اب نہ غفلت میں گنوانا ایک دن
- ملے خاک میں اہل شاں کیسے کیسے... لامکاں ہوگئے مکیں کیسے کیسے
- ہوئے نامور بے نشاں کیسے کیسے... زمین کھا گئی آسماں کیسے کیسے
- غفلت و مستی تجھے شایاں نہیں... بندگی کر تو اگر ناداں نہیں
- آنے والی کس سے ٹالی جائے گی... جان ٹھہری جانے والی' جائے گی
- ترک اب ساری فضولیات کر... یوں نہ ضائع اپنے تو اوقات کر
- ایک دن مرنا ہے آخر موت ہے... کرلے جو کرنا ہے آخر موت ہے
- دار فانی کی سجاوٹ پر نہ جا... نیکیوں سے اپنا اصلی گھر سجا
- جب تجھے مرنا ہے اک دن بالیقین... چھوڑ فکر ایں و آں کر فکر دین
- ہو رہی ہے عمر مثل برف کم... چپکے چپکے رفتہ رفتہ دم بدم
- عمر اپنی یوں نہ غفلت میں گذار... ہوشیار اے محو غفلت ہوشیار
- دل کا دُنیا سے لگانا ہے عبث... رہ گزر کو گھر بنانا ہے عبث
- عمر یہ اک دن گزرنی ہے ضرور... قبر میں میت اترنی ہے ضرور
- یوں نہ اپنے آپ کو بیکار رکھ... آخرت کے واسطے تیار رکھ
- جہاں میں ہیں عبرت کے ہر سُو نمونے... مگر تجھ کو اندھا کیا رنگ و بو نے
- مسکراہٹ کی مٹھاس... شکر کی مٹھاس سے بہتر ہے
- حریص آدمی ہمیشہ ذلیل ہوتا ہے (قول مسیح الامت مولانا مسیح اللہ خان صاحب رحمہ اللہ)
- جو شخص حلیم نہیں وہ ذلیل ہے (قول مسیح الامت)

- تصوف کا اصل یہ ہے کہ فرائض کو نوافل پر مقدم رکھا جائے (مسیح الامت)
- عیب گوئی اور عیب جوئی بدترین خصلت ہے (مسیح الامت)
- میرے تمام صحابہ ستاروں کی مانند ہیں جس کی بھی پیروی کرو گے ہدایت پاؤ گے
- جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی سخت معاملہ پیش آتا تو فوراً نماز کی طرف متوجہ ہو جاتے
- علماء کی نسبت دین کی طرف ہے اسی لیے کبھی ان کی بے ادبی نہیں کرنی چاہیے
- اِخلاص سے چھوٹی نیکی بھی نجات کا ذریعہ بن جاتی ہے ریا کاری ہر عمل کو ضائع کر دیتی ہے
- اصل کام ہے نام نہیں، نام تو کام کے تابع ہے (از مسیح الامت)
- کسی واقعہ پر اگر تحقیق سے کام لیا جائے تو جھگڑے کی نوبت بہت کم آئے
- گوشہ نشینی دل سے ہوتی ہے نہ کہ الگ بیٹھ جانے سے
- اپنے متعلقین کی جانچ کرتے رہنا ضروری ہے نہ کہ تجسس
- اک دن مرنا ہے آخر موت ہے کر لے جو کرنا ہے آخر موت ہے
- مال اور عقل... ایک دوسرے کو لازم نہیں
- سورۂ ملک کی تلاوت... مغفرت کا سبب ہے
- کام کرنیوالوں کے لیے سب موسم برابر ہیں اور کاہل کے لیے ہر موسم رکاوٹ ہے
- موت کے لیے وقت مقرر ہے... عمر مقرر نہیں (از مسیح الامت)
- ترقی درجات کا مدار اعمال پر ہے نہ کہ احوال پر (از مسیح الامت)
- خدا نے زبان میں ہڈی نہیں رکھی
- زبان کا زخم تلوار سے زیادہ گہرا ہے
- جب زندگی کا بھروسہ ہی نہیں... پھر فریضہ حج میں تاخیر کیوں؟
- عبادت میں اگر جی لگے سمجھو غذا ہے... اگر جی نہ لگے سمجھو دوا ہے
- مال کا نہ ہونا... بزرگی نہیں... دل میں دُنیا نہ ہونا... بزرگی ہے

- شیخ کو زبان...اور مرید کو کان ہونا چاہئے
- بدگمانی کا عام مرض ہے حسن ظن کا تو گویا خانہ رہا ہی نہیں (از مسیح الامت)
- سالک کو بازار سے بیزار رہنا چاہئے
- اہل علم کو عوامی جھگڑوں کا فیصل نہیں بننا چاہئے (از مسیح الامت)
- انسان کی قدر و قیمت...اس کی خصلتوں اور کردار سے ہوتی ہے
- ٹیلی ویژن مسلمانوں کے ایمان کو تباہ کرنے کے لیے ہے (از مسیح الامت)
- قابل رشک ہے وہ جسے عقل دی گئی ہو اور وہ اس کے تقاضوں پر عمل پیرا ہو
- جسے رونے کی طاقت نہ ہو وہ رونے والوں پر رحم ہی کرے (ابوبکر رضی اللہ عنہ)
- جو شخص تمہاری نگاہوں سے تمہاری ضرورت کو نہیں سمجھتا اس سے کہہ کر خود کو شرمندہ نہ کرو
- سب سے بڑا دشمن گناہ ہے سب سے بڑی نیکی گناہ سے بچنا ہے
- اپنے عیبوں کو دیکھو تا کہ دوسروں کو دیکھنے کی فرصت نہ ملے (شیخ سعدی)
- ایسے مفلس کو غرق کر دینا چاہئے جو افلاس کے باوجود خدا کی عبادت نہ کرے
- سب اعضاء زبان سے درخواست کرتے ہیں کہ ہمارا خیال کر کے خدا سے خوف رکھو (حدیث)
- عالم بے عمل کی مثال ایسی ہے جیسے اندھے نے چراغ اٹھایا ہو
- ہر رنگ میں راضی برضا ہو تو مزا دیکھ...دُنیا ہی میں بیٹھے ہوئے جنت کی فضا دیکھ
- نماز دین کے لیے ایسی ہے جیسا آدمی کے بدن کے لیے سر ہوتا ہے
- عورتیں اپنے محرموں کے سوا اور مَردوں سے بات چیت نہ کریں (حدیث)
- اللہ کو فراغت و عیش میں یاد رکھو اللہ تمہیں تمہاری مصیبت اور سختی میں یاد رکھے گا
- خالی پیٹ شیطان کا قید خانہ اور بھرا پیٹ اس کا اکھاڑا ہے (حضرۃ حسن بصری رحمہ اللہ)
- جتنی محنت سے لوگ جہنم میں جاتے ہیں اس سے آدھی محنت سے "جنت" میں جا سکتے ہیں
- دُنیا میں ہوں دُنیا کا طلب گار نہیں ہوں... بازار سے گزرا ہوں، خریدار نہیں ہوں

- وعظ وتفسیر کی حاجت نہ رہے اے واعظ ...زندگی تیری جو آئینہ قرآں ہو جائے
- تصور عرش پر ہے وقف سجدہ ہے جبیں میری...مرا اب پوچھنا کیا ہے فلک میراز میں میری
- کسی کا راز تلاش نہ کرو... معلوم ہو جائے...تو فاش نہ کرو (حدیث)
- بخشواتا تھا میں جب رو کر خطا روتی تھی تو... پہلے سوتی تھی مگر ایسی نہیں سوتی تھی تو
- پرتو رحمت تھی میرے حق میں تیری زندگی...نور تھا تجھ سے ہوئی بے نور میری زندگی
- ہائے وہ کہنا تیرا دل مت دکھا بیٹا مرا... بعد میرے کوئی اتنا بھی نہیں ہوگا ترا
- اگر عافیت چاہتے ہو تو اپنے عیبوں کو دیکھو...تاکہ دوسروں کے دیکھنے کی فرصت نہ ملے
- اعمال کے ترازو میں... خوش خلقی سے زیادہ وزنی کوئی چیز نہیں (حدیث)
- سادہ کا غذا...ہلکی ورزش... پاکیزہ خیالات...دواؤں سے چھٹکارا...صحت کے کمالات
- ناکامی کا خوف ہی ناکامی کی بنیاد ہے...مایوسی سب سے بڑی کمزوری ہے
- عبادت کر کے غرور کرنیوالے سے گناہ گار توبہ کرنے والا بہتر ہے
- خدا تعالیٰ سے دل لگ جانے کی پہچان یہ ہے کہ دُنیا کی کسی چیز سے دل بستگی اور دلچسپی نہ ہو
- موت کو تکئے کے نیچے رکھ کر سوؤ...اور جب اٹھو...زندگی کی امید زیادہ مت رکھو
- معرفت کی بات یہ ہے کہ اپنے اندر ذرہ برابر عجب وغرور نہ پائے
- جب بات کہو حق کہو...خواہ غصے میں ہو یا خوشی میں
- گناہوں پر کثرت سے رونے سے چہرے کے حسن اور نور میں اضافہ ہوتا ہے
- اب باپ بن کر اولاد کی تربیت کا دور نہیں بلکہ دوست بن کر تربیت کرنے کا دور ہے
- طالب علم...مدرسہ میں داخل ہو...دخیل نہ ہو
- جس میں جتنی زیادہ شہوت ہوتی ہے (وہ اسکی مخالفت کے ذریعے) اتنا ہی بڑا متقی بن سکتا ہے
- اولاد کا ہونا نعمت...نہ ہونا رحمت ہے
- مخالفت...علامت ہے...مقبولیت کی

- معاف کرنے کی عادت مستقل کرلو اس سے تمام مسائل حل ہو جائیں گے
- عبادت سے جنت... اور... خدمت سے خدا ملتا ہے
- عزت نفس وعفت نفس حاصل کرنے کی نیت سے نکاح کرنا چاہئے
- کس کس کو راضی کرو گے؟ بس ایک رب کو راضی کرلو! سارے مسئلے حل ہو جائیں گے
- جب تم حیاء نہ کرو... تو جو چاہو کرو (بخاری ومسلم)
- ''عبرت'' یہ ہے کہ دوسرے کے کمالات دیکھ کر اپنے نقائص سامنے آجائیں
- اللہ تعالیٰ نے ہر قلب مومن کو صحیح... متقی... مفتی بنایا ہے
- حقیقی تواضع یہ ہے کہ اس قدر مٹا ہوا ہو کہ اپنے مٹنے کی بھی خبر نہ ہو
- میری طلب بھی انہی کے کرم کا صدقہ ہے قدم یہ اٹھتے نہیں اٹھائے جاتے ہیں
- جس گھڑی بندہ اللہ تعالیٰ کے حضور نادم ہوتا ہے عین اس گھڑی... اللہ کا ولی بن جاتا ہے
- امراض جسمانی سے زیادہ امراض روحانی خطرناک ہیں
- حدیث... دُعا... عبادت کا مغز ہے
- دینی مجالس میں... شرکت کی غرض... اپنی اصلاح ہونی چاہئے
- تین چیزیں انسان کو زندگی میں ایک بار ملتی ہیں... والدین... حسن... جوانی
- تین چیزیں کبھی چھوٹی نہ سمجھیں' قرض... فرض... مرض
- تین چیزیں خلوص دل سے کرنی چاہئے' رحم... کرم... دُعا
- تین چیزیں کوئی دوسرا نہیں چرا سکتا' تعلیم... علم... ہنر
- تین چیزیں کسی کا انتظار نہیں کرتیں' موت... وقت... گاہک
- نہال اس گلستاں میں جتنے بڑے ہیں... ہمیشہ وہ نیچے سے اوپر چڑھے ہیں
- نظر بد... شیطان کے تیروں میں سے ایک تیر ہے
- تین چیزیں... بھائی کو بھائی کا دشمن بنا دیتی ہیں' زن... زر... زمین

- تین چیزیں یاد رکھنا ضروری ہیں، سچائی... فرائض... موت
- جو اپنے باطن کی اصلاح کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے ظاہر کو درست فرما دیتے ہیں
- تین چیزیں انسان کو اصل مقصد سے دور کرتی ہیں، غصہ... بد چلنی... طمع
- آخرت کے لیے جو عمل کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی دُنیا کی کفالت فرماتے ہیں
- تین چیزیں واپس نہیں آتیں، تیر کمان سے... بات زبان سے... جان جسم سے
- جو اپنا معاملہ اللہ تعالیٰ سے درست کر لیتا ہے اللہ تعالیٰ لوگوں کیساتھ درست فرما دیتے ہیں
- ایسے مال کا کوئی فائدہ نہیں جس میں سخاوت نہ ہو
- ایسی دُعا کا کوئی فائدہ نہیں جس میں اِخلاص نہ ہو (فرمان حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- عیب دیکھنا بھی عیب ہے... عیب اپنا دیکھنا چاہئے... دوسرے کے محاسن
- جنت... والدہ کے قدموں کے نیچے ہے (حدیث)
- ایسی نماز کا کوئی فائدہ نہیں جس میں خشوع نہ ہو (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- تین چیزیں ہر انسان کی جدا ہیں، صورت... سیرت... قسمت
- تین چیزیں انسان کو ذلیل کرتی ہیں، چوری... چغلی... جھوٹ
- مسلمان بننے کے معنی یہ ہیں کہ قرآن کی روح اپنے اندر جذب کر لے
- قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کا سوال ہوگا
- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم قیامت تک ہمارے لیے مشعل راہ ہیں
- نور نبوت کے لیے صحبت صالح نہایت ضروری ہے
- کم بولنا حکمت... کم کھانا صحت... کم سونا عبادت ہے
- بندگی کے معنی... اپنی رضا و ارادہ کو فنا کر دیا جائے
- دُنیا و آخرت کی کامیابی اسوۂ حسنہ پر عمل کرنے میں ہے
- سیرت کے عجائبات کبھی ختم ہونے والے نہیں

- دریا کے پانی اور آنکھ کے پانی میں صرف جذبات کا فرق ہے
- زیادہ ہنسنا موت سے غفلت کی نشانی ہے... موت سے زیادہ خوفناک موت کا ڈر ہے
- خوبصورتی ختم ہو جاتی ہے لیکن سیرت قبر تک جاتی ہے
- مجاہدین ختم نبوت کی عظمت کو سلام
- دین کا ذوق پیدا کرنے کے لیے اہل اللہ کی صحبت لازمی ہے
- فقہ کے بغیر... قرآن وحدیث پر عمل... ممکن نہیں
- شریعت میں اہل خانہ سے حسن سلوک کی بڑی تاکید کی گئی ہے
- خاموش رہو یا ایسی بات کہو جو خاموشی سے بہتر ہو
- کامل مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے محفوظ رہیں
- میزان میں زیادہ وزنی چیز حسن اَخلاق ہے
- عورت کا دل... اس کے دماغ پر حکومت کرتا ہے
- امن چاہتے ہو تو کان اور آنکھ استعمال کرو لیکن زبان بند رکھو
- آدمی پر اپنی اولاد کی دینی تربیت واجب ہے
- سخت گو اور ترنت خو آدمی جنت میں نہیں جائے گا (حدیث)
- سیرت طیبہ میں زندگی کے ہر گوشتہ سے متعلق واضح ہدایات موجود ہیں
- صحبت صالح سے لفظی علم حقیقی علم بن جاتا ہے
- علم اور بصیرت کا مرکز... انسان کا دل ہے
- حقیقی علم وہ ہے جس سے انسان حلال وحرام میں فرق کرے
- خوش نصیب انسان... جو اپنے نصیب پر خوش رہے
- دل سے کدورت نکال دو اور کسی کا سکون برباد نہ کرو.. سکون مل جائے گا
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی محبت کے بغیر ایمان کامل نہیں

- دل سے جو بات نکلتی ہے... اثر رکھتی ہے
- کسی کافر کی بھی غیبت کرنا جائز نہیں
- زندگی کے ہر شعبہ میں سیرت رسول ہمارے لیے بہترین نمونہ ہے
- یا اللہ! ہمیں صحابہ کرام جیسی محبت رسول عطاء فرما
- ہر شے کا راستہ ہے اور جنت کا راستہ علم ہے
- نبی کے واسطے کے بغیر کوئی بھی خدا تک نہیں پہنچ سکتا
- حقیقی عقلمند وہی... جو اپنی آخرت کی فکر کرے
- مرد عورتوں کی تابعداری کرنے لگیں گے تو ہلاک ہو جائیں گے
- مہمان کے ساتھ خود بھی کھانا کھاؤ اور حد سے زیادہ تکلف نہ کرو (حدیث)
- عورتوں میں جس کا مہر سب سے ہلکا ہو وہ سب سے زیادہ برکت والی ہے
- کامیابی کے دو گر اِخلاص کامل... اتباع کامل
- اصلاح قلب کا نسخہ اکسیر... اصلاح نفس اور ذکر اللہ ہے
- انسان نہ فرشتہ ہے... نہ شیطان... بلکہ خیر وشر کا مجموعہ ہے
- دل میں خدا کا خوف نہ ہو تو محض قانون سے جرائم ختم نہیں کیے جاسکتے
- مکاری اور دھوکہ بازی کی سزا دوزخ ہے
- قبر آخرت کی منزلوں میں سے پہلی منزل ہے
- جو مسلمان جمعہ کے دن مر جائے قبر کے عذاب سے محفوظ رہے گا
- گمنامی کی زندگی ہی میں عافیت چھپی ہوئی ہے (ابی حبیب بدری رحمہ اللہ)
- جس آدمی کے پاس کتاب ہے... وہ اکیلا نہیں
- اسلام میں سیرت منانا نہیں... اپنانا ہے
- نیک اولاد سے بہتر... میراث کوئی نہیں

- انمول ہے وہ عورت جسے کسی نامحرم نے نہیں دیکھا
- وہ نابینا نہیں جس کے ہاتھ میں... کسی بینا کا دامن ہو
- گناہوں سے بچنا عبادت سے زیادہ ضروری ہے
- ہر سنت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہے
- قرآن... جسم اور روح... دونوں کے لیے شفاء ہے
- یقین سے کلام کی تاثیر میں اضافہ مجرب ہے
- خدا سے مانگ جو کچھ مانگنا ہوائے اکبر... یہی وہ در ہے جہاں آبرو نہیں جاتی
- جو نظر آتے ہیں وہ نہیں اپنے... جو ہے اپنا وہ نظر نہیں آتا
- ہر وقت اس کی فکر رہنی چاہئے کہ میرا تعلق اللہ تعالیٰ سے کیسا ہے
- پریشانی کا حل... اللہ تعالیٰ کے حاکم اور حکیم ہونے کا مراقبہ
- گانا... زنا کا منتر ہے

- دل دیا ہے اس نے تخم عشق بونے کیلئے... آنکھ دی ہے اس نے ساری عمر رونے کیلئے
- ساری مخلوق... اللہ کا کنبہ ہے (مفہوم حدیث)
- اللہ تعالیٰ کی اپنے بندوں سے محبت... ماں کی محبت سے ستر گنا زیادہ ہے
- علوم نبوت... کتابوں سے... نور نبوت... صحبت صالح سے حاصل ہوتا ہے
- بتایا جو گُر حضرت نے استحضار و ہمت کا... عجب نسخہ اکسیر ہے اصلاح امت کا
- نفس و شیطان کی چالوں سے بچ جانا عقلمندی ہے
- جھوٹی باتوں کو پھیلانا... منافقانہ خصلت ہے
- رشتے اعتبار سے ہی استوار رہتے ہیں
- اعمال کے وزن میں خیرات سے اضافہ کرو (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- پچھتانا نہیں پڑے گا... اگر آپ ہر کام سے پہلے استخارہ کا معمول بنالیں

- جو اللہ کا ہو گیا... اللہ اس کا ہو گیا (حدیث)
- اللہ کو ہر وقت اپنے ساتھ سمجھنا افضل ترین ایمان ہے (حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)
- اَخلاق کی قوت سے... کائنات کو فتح کیا جا سکتا ہے
- معاملات... لین دین کی صفائی... دین کا ایک اہم جزو ہے
- ہر فرد اپنی اصلاح کی فکر کرے تو جلد معاشرہ سنور سکتا ہے
- یہ غلط ہے کہ ایک کان سے سنو دوسرے کان سے نکال دو ہو سکتا ہے نہ نکلے
- بری صحبت انسان کو حیوان بنا دیتی ہے
- اسلام... عورت کی عزت وعفت کا واحد محافظ ہے
- عزت وذلت ہے اس کے ہاتھ میں... پھر بھی عمر گزری اہتمام ابرو کرتے ہوئے
- وقت طلوع دیکھا وقت غروب دیکھا... اب تو فکر آخرت ہے دُنیا کو خوب دیکھا
- اَسلاف کے دائرے میں رہ کر قرآن کے معنی متعین کیے جائیں گے
- اَسلاف کا دامن چھوڑ کر قرآن کا معنی متعین کیا جائے تو وہ ہوائے نفس ہوگا
- طریقت... درحقیقت خدمت خلق ہی کا نام ہے
- دین کے دوسرے کاموں کی بنیاد درحقیقت نماز ہی سے ہے
- اعلیٰ ترین عبادت... نماز ہے
- صحابی پر تنقید کرنے والا پہلے اپنے دین کی خبر لے کہ وہ باقی رہا یا ختم ہو گیا
- ہر کجا کہ باشی باخدا باش... جہاں کہیں بھی تو رہے باخدا رہنا
- اپنے معاملات خدا کے سپرد کرنا بہترین تدبیر ہے
- بداَخلاق کا علم کبھی مؤثر نہیں ہوگا
- ولی اللہ کی پہچان یہ ہے کہ شریعت کی مکمل اتباع کرتا ہو
- دُنیا کو آدمی جس قدر مختصر کر لے اسی قدر راحت ہے

- صابر و شاکر کے لیے مصیبت... رفع درجات کا سبب ہے
- قرآن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ایسا علمی معجزہ ہے جو کبھی ختم نہیں ہوسکتا
- قرآن اللہ کی رسی ہے جو آسمان سے زمین کی طرف لٹکائی گئی (حدیث)
- استاد کی مار والد کی شفقت سے بہتر ہے
- بیمار روح کا علاج اللہ والوں کی صحبت ہے
- ایمانداری... کامیاب تجارت کا بنیادی اصول ہے
- فکر آخرت سے تمام حقوق کی ادائیگی... آسان ہو جاتی ہے
- انسان اچھے کپڑوں کا نہیں اچھے کردار کا نام ہے
- نہ پوچھ ان گدڑی پوشوں سے ارادت ہو تو دیکھ ان کو... ید بیضاء لیے بیٹھے ہیں آستینوں میں
- اگر محنت و توجہ ہو تو گھر بیٹھے اللہ کے قرب کا اعلیٰ مقام حاصل کیا جا سکتا ہے
- ہر کامیاب مرد کی زندگی میں عورت کا روشن کردار کارفرما ہوتا ہے
- اگر تم کسی معاملہ میں اختلاف کرنے لگو تو اس کو اللہ اور رسول کے حوالے کر دیا کرو (القرآن)
- عورت جس دن ٹیڑھی چلے تو خوش رہو کہ فطرت کے مطابق چل رہی ہے
- الدین کلہ ادب... دین سارا ادب ہی ہے
- عقلمندی یہ ہے کہ نعمت کی موجودگی میں ہی اس کی قدر کر لی جائے
- تجوید کے ضروری قواعد کے مطابق تلاوت کرنا قرآن کریم کا حق ہے
- ہر شخص کو چاہئے کہ علوم نبوت سے اپنے دل کو منور کرے
- تا قیامت مسلمانوں کی گردنوں پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے احسانات ہیں
- نماز کے مسائل سیکھئے... اور اپنی نمازیں سنت کے مطابق ادا کیجئے
- میرے نزدیک اس دور میں اہل اللہ کی صحبت فرض عین ہے (حکیم الامت رحمہ اللہ)
- بہر غفلت یہ تیری ہستی نہیں... دیکھ! جنت اس قدر سستی نہیں

- اسلام نے انسان کو حقیقی وفطرتی آزادی دی ہے
- یہی حقیقی آزادی تھی کہ مسلمان روئے زمین پر چھاگئے
- زندگی کے لمحات کی قدر آخرت میں ہوگی
- اللہ والوں کی باتوں میں نور ہوتا ہے خواہ وہ دُنیا ہی کی بات کیوں نہ ہو
- آخرت کی فکر کرنی ہے ضرور... جیسی کرنی ویسی بھرنی ہے ضرور
- عمر یہ اک دن گزرنی ہے ضرور... قبر میں میت اترنی ہے ضرور
- دینی مسائل میں تدبیر سے اسلام کے محاسن آشکارا ہوتے ہیں
- جب کوئی نیک عمل ہی نہیں تو پھر شامت اعمال کا شکوہ کیسا
- آزادی حقیقی ہو تو دُنیا کی بڑی نعمت ہے
- نفس وشیطان سے آزادی حقیقی آزادی ہے
- انوار نبوت کے آئینہ میں ہم اپنا سب کچھ سنوار سکتے ہیں
- انسان کے جھوٹا ہونے کیلئے یہ بات کافی ہے کہ وہ ہر سنی سنائی بات کو (بلاتحقیق) بیان کرے (مسلم)
- وہ جسم جنت میں نہیں داخل ہوگا جس کی پرورش حرام غذا سے ہوئی ہو (طبرانی)
- ظفر! آدمی اس کو نہ جانئے گا گو ہو وہ کیسا ہی صاحب فہم وذکا...
- جسے عیش میں یاد خدا نہ رہی جسے طیش میں خوف خدا نہ رہا
- نرم دم گفتگو گرم دم جستجو پاک دل اور پاکباز... ان کی ادا دلفریب ان کی نگاہ دلنواز
- دُنیا ایک پونجی ہے اور اس کی بہترین پونجی نیک عورت ہے (مسلم)
- ایک بالشت زمین غصب کرنے پر ساتوں زمینوں کا طوق گردن میں ڈالا جائیگا (مفہوم حدیث)

دُنیا کی محبت ہر برائی کی جڑ ہے (حدیث)

- جھگڑا ختم... اگر آپ صرف ایک کی بات سن کر متاثر نہ ہوں
- دُنیا کافر کے لیے جنت اور مومن کے لیے قید خانہ ہے (حدیث)

- ہر پریشانی میں نماز کی طرف متوجہ ہونا سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے
- بعض اشعار... حکمت ودانائی پر مبنی ہوتے ہیں (حدیث)
- ختم نہ ہونے والا سرمایہ... قناعت ہے
- سب سے بڑا بیوقوف... جو دوسروں کی دُنیا بنانے کیلئے اپنی آخرت تباہ کردے
- زندگی کا سب سے اچھا ہمسفر... سب سے اچھا عمل ہے
- بہترین یادداشت... کہ انسان اپنی نیکی اور دوسروں کی کوتاہی بھول جائے
- دُنیا کی نعمت اگر تکلیف کے بغیر ہوتی تو یہ دُنیا ہی جنت ہوتی
- آخرت کی تیاری نہ تھی.. اپنی ہستی سے بیزاری نہ تھی اس سفر پہ چلدیئے.. جس کی تیاری نہ تھی
- من كان لله كان الله له... جو اللہ کا ہوگیا... اللہ اس کا ہوگیا (حدیث)
- ناداں کے لیے خاموشی سے بہتر کوئی ہنر نہیں اور جو یہ نقطہ سمجھ گیا وہ ناداں نہیں
- موتی کیچڑ میں گر جائے تب بھی موتی ہے... گرد آسمان پر بھی چڑھ جائے بے قیمت ہے
- عافیت کے 9 حصے لوگوں سے الگ رہنے میں ہیں اور ایک حصہ ان سے ملنے میں ہے (حضرت عثمانؓ)
- تعجب ہے اس پر جو تقدیر کو جانتا ہے اور پھر جانے والی چیز کا غم کرتا ہے (حضرت عثمانؓ)
- مثالی بیوی وہ ہے جس کو دیکھ کر شوہر خوش ہو جائے (مفہوم حدیث)
- دین کی جو چیز جس درجہ میں ثابت ہو اس کو اسی کے درجہ میں رکھو یہی دین ہے
- نہ کتابوں سے نہ وعظوں سے نہ زر سے پیدا... دین ہوتا ہے بزرگوں کی نظر سے پیدا
- آج وقت ہے... موت سے پہلے اپنی فائل مکمل کر لیجئے
- باتوں سے بھی بدلی ہے کسی قوم کی تقدیر... بجلی کے چمکنے سے اندھیرے نہیں جاتے
- بچپن کی نیکی پچپن سال تک اپنے اثرات دکھاتی ہے
- جو قرآن پڑھ کر دُعا کرے تو چار ہزار فرشتے آمین کہتے ہیں (تحفہ حفاظ)
- قرآن کی تلاوت کا سب سے بڑا حق یہ ہے کہ یہ سوچ کر پڑھا جائے کہ اللہ نے سننے کی فرمائش کی ہے

- مراقبہ... ہر وقت اس کا خیال رکھیں کہ میرا تعلق اللہ تعالیٰ سے کیسا ہے
- نماز کے مسائل اور طریقہ سیکھنا بھی فرض ہے اس میں غفلت نہ کریں
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت' عظمت اور متابعت تینوں کا ہونا ضروری ہے
- دین میں ادب بنیادی چیز ہے (با ادب بانصیب بے ادب بے نصیب)
- دُنیا میں ہوں دُنیا کا طلب گار نہیں ہوں... بازار سے گزرا ہوں خریدار نہیں ہوں
- سورۃ الم نشرح لکھ کر پانی میں گھول کر پلانا حفظ قرآن کے لیے خاص عمل ہے
- خدا کے پاک بندوں کو حکومت میں غلامی میں... زرہ کوئی اگر محفوظ ہے تو استغناء (اقبال)
- چار بڑے گناہ... شراب نوشی... والدین کی نافرمانی... قطع رحمی اور کینہ رکھنا
- دین کا خلاصہ... اول حقوق شناسی پھر ادائیگی حقوق (حضرۃ عارفی رحمہ اللہ)
- سراپا عجز بن کر بھی والدین کے احسانات کا بدلہ نہیں دیا جا سکتا
- زکوٰۃ صرف نکالنی ہی نہیں بلکہ حق دار تک پہنچانی ضروری ہے
- متقی وہ شخص ہے جو اپنے حق میں اللہ کے سوا کسی سے نیکی کی امید نہ رکھے (عارفی رحمہ اللہ)
- ہر ایسی چیز جو اللہ سے غافل کر دے وہ دُنیا ہے ہر وقت اس کی فکر کیجئے
- دُعا پڑھنے کا نہیں بلکہ لپٹ کر مانگنے کا نام ہے
- صاحب کمال رکھتے ہیں اکسیر کا خواص... چٹکی اٹھائی خاک کی اور زر بنا دیا
- ہمارے اکابر نے تعویذات کے مشغلہ کو ناپسند فرمایا ہے
- عورت کی سب سے بڑی خوبی اور اس کی محافظ... شرم و حیاء ہے
- 21 مرتبہ بسم اللہ پڑھنا چوری' شیطانی اثرات اور اچانک موت سے حفاظت ہے
- زندگی کی مصیبتیں کم کرنا چاہتے ہو تو... گناہ نہ کرو
- نیکی کا مطلب اچھے اوصاف کا انسان میں جمع ہونا ہے
- نماز کا چھوڑنا بندہ کو کفر سے ملانے والی چیز ہے

- قسم... مال تجارت کو بکوا دیتی ہے (لیکن) برکت کو ختم کر دیتی ہے (حدیث)
- وصیت ترک کرنا... دُنیا میں شرم ہے اور آخرت میں آگ اور عار ہے (حدیث)
- اللہ تعالیٰ کی طرف سے دکھ ٹلنے کا انتظار کرنا عبادت ہے (حدیث)
- مسلمان کو کھانا کھلانا اسباب مغفرت میں سے ہے (حدیث)
- پوشیدہ صدقہ دینا اللہ تعالیٰ کے غصہ کو بجھاتا ہے (حدیث)
- جو کام اللہ کے لیے کیا جائے اس میں بندوں کا خوف نہ کرو (حضرت لقمان علیہ السلام)
- نعمت کا نامناسب جگہ پر خرچ کرنا ناشکری ہے... بڑے کام کرو بڑے وعدے نہ کرو
- نہ کرنا کمال نہیں... کرنے کے بعد نئے سرے سے اٹھ کھڑے ہونا کمال ہے
- کام ختم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ کام شروع کر دیا جائے
- اللہ تجھ پر رحم کرے اے عثمان! نہ تو نے دُنیا سے کچھ فائدہ اٹھایا نہ دُنیا نے تجھ سے (حدیث)
- سلام میں پہل کرنیوالے کو 90 نیکیاں اور جواب دینے والے کو 10 نیکیاں ملتی ہیں (حدیث)
- دوسروں کی شکایت کرنا... اپنی نہ اہلی کا اعتراف کرنا ہے
- جو کام نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کیخلاف ہو اگرچہ عبادت کی شکل میں ہو گناہ ہے
- اللہ کے قوانین سے ہٹنے والا کبھی محفوظ نہیں رہتا (یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- شرافت، عقل اور ادب سے ہے نہ کہ مال و نسب سے ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- اگر آنکھیں روشن ہیں تو ہر روز، روز محشر ہے (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ)
- جنت میں لے جانیوالی دو چیزیں... اللہ کا ڈر اور خوش خلقی
- نیک بات دوسروں تک پہنچا دے اور مخالفوں سے بحث نہ کر (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- جنت میں رونا عجیب اور دُنیا میں ہنسنا عجیب تر ہے (حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)
- دھوکہ باز، بخیل اور احسان جتلانے والا جنت میں داخل نہ ہوگا (ترمذی)
- تعجب ہے اس پر جو جنت پر ایمان رکھتا ہے پھر بھی دُنیا کے ساتھ آرام پکڑتا ہے

- اے انسان! خداتعالیٰ نے تجھے اپنے لیے پیدا کیا ہے اور تو دوسروں کا ہونا چاہتا ہے
- مت رکھ اُمید کسی سے مگر اپنے رب سے' اور مت ڈر کسی سے مگر اپنے گناہ سے
- جس نے دُنیا کو جس قدر پہچانا اسی قدر اس سے بے رغبت ہوا (حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)
- لوگوں سے جس طرح چاہے آزمالو سانپ بچھوؤں سے کم نہیں پاؤ گے (حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)
- جس کو مسلمان کا غم نہ ہو وہ میری امت میں سے نہیں (حدیث)
- شرک کے بعد بدترین گناہ اللہ کی مخلوق کو تکلیف پہنچانا ہے (حدیث)
- مومن کا چہرہ بشاش رہتا ہے اور دل غمگین (حدیث)
- مرد بغیر عورت کے مسکین ہے اور عورت بغیر مرد کے مسکینہ ہے خواہ مالدار ہی ہو
- جس چیز میں فحش ہوگا اس کا انجام سوائے تباہی کے کچھ نہیں (حدیث)
- جو دُنیاوی حیثیت میں تجھ سے زیادہ ہے اس کو مت دیکھ کہ ناشکری پیدا ہوگی (حدیث)
- جب کوئی تم کو دُعا دے تو تم بھی دُعا دو...اس سے بہتر یا وہی (حدیث)
- میں اور میری امت کے پرہیز گار لوگ تکلف سے بری ہیں (حدیث)
- علم کے بغیر عمل وبال ہے اور عمل کے بغیر علم گمراہی ہے (حدیث)
- جو عورت اس حال میں مرجائے کہ اسکا شوہر اس سے راضی ہو تو وہ جنت میں داخل ہوگی (حدیث)
- مسکین کو صدقہ دینا ایک صدقہ ہے اور قرابتی کو صدقہ دینا دو صدقے ہیں (حدیث)
- جو چیز اولاد کیلئے بازار سے لائے پہلے لڑکی کو دے پھر لڑکے کو دے (حدیث)
- ایسی نعمت کسی کو بھی نہیں ملی جو صبر سے بہتر اور بڑی ہے (حدیث)
- جو شخص اپنے ظالم پر بددُعا کرتا ہے وہ اپنا بدلہ لے لیتا ہے (حدیث)
- اپنا بوجھ مخلوق میں سے کسی پر نہ رکھ خواہ کم ہو یا زیادہ (حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)
- ایک پرہیز گار فقہ کو جاننے والا شیطان پر ہزار عابد سے بھاری ہے (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ)
- دُنیا کیا ہے؟... ہر وہ کام جس سے آخرت مقصود نہ ہو

- اگر تو گناہ پر آمادہ ہے تو کوئی ایسا مقام تلاش کر جہاں خدا تعالیٰ نہ ہو (حضرۃ عثمانؓ)
- کلام اللہ کا اہم تقاضا ہے کہ اپنے کسی قریبی عالم سے ترجمہ وتفسیر ضرور پڑھئے
- نماز دن میں پانچ مرتبہ فرض ہے اس لیے اسے سیکھ کر ادا کرنا چاہئے
- صدق (سچائی) یہ ہے کہ دل باتیں کرے یعنی وہ بات کہے جو دل میں ہو
- حتی المقدور کوشش اور دُعا سے انسان اپنی منزل پا سکتا ہے
- انسان کے پاس جو کچھ بھی ہے محض عطائے خداوندی ہے
- گناہ کے بعد دل سے ندامت بھی توبہ کی شاخ ہے (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- دوا کم کریں دُعا زیادہ کریں
- تمام مشکلات کا حل دُعا مع شرائط یعنی لجاجت اور آئندہ گناہوں سے بچنے کا پختہ عزم
- تجارت میں برکت کے لیے اکسیر نسخے... معاملات کی صفائی اور بروقت ادائیگی
- راحت اگر چاہئے تو کسی کے معاملات میں دخل نہ دو... (تجھ کو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو)
- آتے ہوئے اذان جاتے ہوئے نماز... اتنے قلیل وقت میں آئے اور چلے گئے
- عورت کا نامحرم مرد کے ساتھ ملائم (نرم) گفتگو کرنا بدکاری میں داخل ہے
- کفر کے بعد سب سے بڑا گناہ دل آزاری ہے خواہ مومن کی ہو یا کافر کی (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- ایمانی وروحانی قوتیں لقمہ حلال کے تابع ہیں
- اہل وعیال کیساتھ حد سے زیادہ محبت نہ کر کہیں ضروری کام میں فتور نہ آجائے (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- علماء کی سیاہی کا پلہ شہیدوں کے خون سے زیادہ بھاری ہے (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- ہر عمل جو موافق شریعت ہے ذکر میں داخل ہے اگرچہ خرید وفروخت ہو (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- قرآن مجید کو خوش آواز سے پڑھا کرو (حدیث طبرانی)
- اپنے آپ کو بدل دو... تمہاری قسمت خود بخود بدل جائے گی
- جو نماز نہ پڑھے اس کا کوئی دین نہیں (حدیث المروزی)

- جو شخص حق کیخلاف کرتا ہے حق تعالیٰ خود اس کا مقابلہ کرتا ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- جس نے ہمارے بڑوں کی تعظیم نہ کی چھوٹے پر رحم نہ کیا وہ ہم میں سے نہیں (حدیث طبرانی)
- مومن کا اچھا ہتھیار... صبر اور دُعا ہے
- ہوشیار وہ شخص ہے جس نے نفس کو اپنا مطیع بنایا اور آخرت کے لیے عمل کیا (احمد حدیث)
- عالم کے ساتھ بیٹھنا عبادت ہے (حدیث دیلمی)
- برائی لکھنے والا مثل اس کے کرنے والے کے ہے (حدیث دیلمی)
- تم میں بہتر وہ ہے جو قرض اچھی طرح ادا کرے (حدیث نسائی)
- اپنے بھائی سے مصافحہ کرنا صلہ رحمی ہے (حدیث دیلمی)
- حسد کرنیوالا چغلخور اور کاہن ہم سے نہیں (حدیث طبرانی)
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کوئی ضرورت پیش آتی تو نماز پڑھ لیا کرتے (مسند احمد)
- میراث جلدی تقسیم کر دو ورنہ فتنہ اور فسادات کا اندیشہ ہے
- جس قوم نے زکوٰۃ کو روکا اللہ ان کو قحط سالی میں مبتلا کر دیتا ہے (حدیث طبرانی)
- ہر انسان خطا کار ہے اور بہترین خطا کار توبہ کرنیوالے ہیں (حدیث مسلم)
- فرض مسجد میں اور نفل گھر میں پڑھنے چاہئیں (حدیث مسند ابویعلی)
- مومن کی جان اس کے قرضہ کے سبب لٹکی رہتی ہے جب تک وہ ادا ہو جائے (مسند احمد)
- تو دُنیا میں مسافر کی طرح رہ یا راہ رو کی طرح (حدیث بخاری)
- جس کی زبان اس پر حکمران ہو تو وہی اسکی ہلاکت اور موت کا فیصلہ کرتی ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- اسلام ظاہر ہے اور ایمان دل میں ہے (حدیث ابن ابی شیبہ)
- حافظ قرآن کو رات کو نماز لازم ہے اگرچہ دو رکعت ہی ہو (دیلمی حدیث)
- اگر مسواک موجود نہ ہو تو انگلی ملنے سے بھی مسواک کی سنت ادا ہو جائے گی
- جو شخص کسی برے کام کی بنیاد ڈالتا ہے وہ اس کو اپنی جان پر قائم کرتا ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)

- حیاء کی غایت یہ ہے کہ آدمی اپنے آپ سے حیاء کرے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- علم کی خوبی اس پر عمل کرنا اور احسان کی خوبی اس کے نہ جتلانے پر منحصر ہے
- بری عادت پر غالب آنا کمال فضیلت ہے
- متکبر کی پہچان یہ ہے کہ غصہ ضبط نہ کر سکے
- کسی بھی نیکی کو حقیر نہ جانو (حدیث)
- کسی پر طعن کرنے سے آپ کے اندر اَخلاقی خرابیاں پیدا ہو جائیں گی
- جو تمہارے پاس ہے اس پر قناعت کرنا شکر ہے
- جو تمہارے پاس نہیں اس کی کوشش کرنا خدا کی خواہش کی تکمیل ہے
- سب سے برا حسد کسی کے ساتھ اپنا مقدر تبدیل کرنے کی خواہش کرنا ہے
- دانا وہ ہے جو اپنا محاسبہ آپ کرے
- خدا جس کو زمین پر عاجز کرنا چاہتا ہے اس سے عاجزی چھین لیتا ہے
- مغرور آدمی بے خبری اور غلط فہمی کا شکار رہتا ہے
- گھر کو جنت بنانے کیلئے میاں بیوی کسی اللہ والے سے باقاعدہ اصلاحی تعلق قائم کریں
- مت رکھ امید کسی سے مگر اپنے رب سے اور مت ڈر کسی سے مگر اپنے گناہ سے (حضرت عثمانؓ)
- جس نے دُنیا کو جس قدر پہچانا اسی قدر اس سے بے رغبت ہوا (حضرت عثمانؓ)
- تلوار کا زخم جسم پر ہوتا ہے اور بری باتوں کا روح پر (حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)
- بیگانوں سے نیکی کرنے سے عمر دراز اور رزق فراخ ہوتا ہے
- کشادہ روئی اور شیریں زبان سب سے زیادہ سبب مغفرت ہوگا (حدیث)
- ہر دین کے واسطے خلق ہے اور اسلام کا خلق حیا ہے (حدیث)
- کسی انسان کے دل میں ایمان اور حسد اکٹھے نہیں رہ سکتے
- نماز پڑھیئے: اس سے پہلے کہ آپ کی نماز پڑھی جائے

- قرآن مجید اللہ کے قرب کا بڑا ذریعہ اور نسخہ کیمیا ہے
- سارے تصوف کا خلاصہ سنت کی پیروی ہے اور کچھ نہیں
- وقت کو کسی کام میں لگاؤ خواہ وہ دین کا ہو یا دُنیا کا
- صحیح عالم باعمل ہو اگر تنہا بھی ہو تو دُنیا کو نور سے بھر دیتا ہے
- طلباء تحصیل علم کے بعد کسی شیخ کامل سے اپنی باطنی اصلاح کرائیں (مفتی اعظم)
- راہ سلوک میں اصل وظائف نہیں بلکہ تہذیب اَخلاق ہے
- ادب... نام ہے راحت رسانی کا (ارشاد حکیم الامت رحمہ اللہ)
- رات کو دین کی کتابیں پڑھنا (عمل کی نیت سے) رات بھر کی عبادت سے بہتر ہے
- ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے صرف علم ہی نہیں سیکھا بلکہ عمل بھی سیکھا ہے (ابن عمر رضی اللہ عنہ)
- متقی وہ شخص ہے جو اپنے حق میں اللہ کے سوا کسی سے نیکی کی امید نہ رکھے (ابن عمر رضی اللہ عنہ)
- عارفین دُنیا کو قید خانہ سمجھتے ہیں اس لیے ان کو دُنیا سے جانے کی خوشی ہوتی ہے
- گناہوں سے بچنے کی کوشش کا نام تقویٰ ہے
- برکت کی تشریح یہ ہے کہ آمدنی اپنی ہی ذات پر خرچ ہو نہ کہ ڈاکٹر وکیل پر
- ہر عمل میں حسن عمل کو دیکھا جائے گا نہ کہ کثرت عمل کو
- چھوٹے گناہ کو بار بار کرنا بھی بڑا گناہ ہے
- مذہبی بحث ایمان کے نور کو زائل کر دیتی ہے
- بیوی کے ساتھ بدخُلقی نہ کرو مگر یہ بھی نہیں کہ اس کو میاں بنالو
- ساری طاعتیں اگر سنت سے ہٹ کر کی گئیں تو وہی بدعت اور گمراہی ہیں
- جتنے بھی کام ہیں اگر ان میں نیت سیدھی ہو جائے تو سب عبادت ہو جائیں
- بکثرت مسواک کا استعمال حسن خاتمہ کے لیے مجرب ہے
- حسن و جمال اللہ کی نعمت ہے لیکن اس میں فتنے کا غالب احتمال ہے

- توجہ: آج کل کا میک اپ... ڈسٹمبر ہے
- عورت کیلئے بے پردہ رہنا خود دُنیا میں بھی نقد عذات ہے... اگر حس درست ہو
- ماں باپ کی نافرمانی اس کو کہتے ہیں جس میں انہیں تکلیف ہو
- تقدیر پر ایمان رکھنا سب افکار کو دور کر دیتا ہے
- میزان اعمال کو خیرات کے وزن سے بھاری کرو (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- خاموشی غصے کا بہترین علاج ہے
- امتحان میں کامیابی کے لیے یاعلیم کثرت سے پڑھنا مفید ہے
- ہر وقت کا مراقبہ... کہ ہمارا اللہ تعالیٰ سے معاملہ کیسا ہے
- میں اور میری امت کے پرہیز گار لوگ تکلیف سے بری ہیں (حدیث)
- بہتر صدقہ وہ ہے جو صاحب توفیق دے اور اپنے عیال سے شروع کرے (حدیث)
- حرام چیزوں اور باتوں سے بچتے رہو تو مستجاب الدعوات بن جاؤ گے (حدیث)
- اعلیٰ ترین صدقہ یہ ہے کہ ایک مسلمان علم سیکھے اور دوسرے مسلمان کو سکھائے (حدیث)
- قرآن پاک آپ سے کیا کہتا ہے؟ کسی عالم سے باقاعدہ عمل کی نیت سے پڑھئے
- اقرار جرم... مجرم کے لیے بہت اچھا سفارشی ہے
- نماز کامل جب ہوگی جب سنت کے مطابق ہوگی
- پسند آئیں اتنی مدینے کی باتیں کہ اب ہیں یہی میرے جینے کی باتیں
- قرآن پاک کی ایک آیت سیکھ لینا ہزار نفل سے بہتر ہے
- میرے صحابہ ستاروں کی مانند ہیں
- مدینہ جاؤں پھر آؤں مدینہ پھر جاؤں... تمام عمر اسی میں تمام ہو جائے
- آخرت کا کام آج کر... دُنیا کا کام کل پر چھوڑ دے (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- ضروری حاجتیں دُنیا طلبی میں داخل نہیں ہیں (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)

- نیکی کا بتانے والا مثل اس کے کرنے والے کے ہے (حدیث)
- مخلوق سے ایسا معاملہ کرو جو اپنے حق میں پسند کرتے ہو (امام غزالی رحمہ اللہ)
- اگر اللہ کے ماسوا کو سجدہ جائز ہوتا تو میں عورت کو حکم دیتا کہ اپنے خاوند کو سجدہ کرے (حدیث)
- غریب مہمان آجائے تو قرض لے کر بھی تکلف کرو (امام غزالی رحمہ اللہ)
- اگر کوئی شخص قرض لے اور دینے کی نیت نہ ہو تو وہ چور ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- دولت کے بھوکے کو کبھی راحت نہیں ہو سکتی (معروف کرخی رحمہ اللہ)
- عورت کی بدخُلقی پر صبر کرنیوالا حضرت ایوب علیہ السلام کے صبر کے برابر ثواب پائے گا
- تنگ دست قرض دار کو مہلت دینا رحمت الٰہی کو جوش میں لاتا ہے
- لیے جاؤں گا عمر بھر نام تیرا... ہے سننا نہ سننا شہا کام تیرا (مجذوب رحمہ اللہ)
- کسب دُنیا تو کر ہوس کم رکھ... اس پہ تو دین کو مقصد رکھ
- نعمت کا نامناسب جگہ پر خرچ کرنا ناشکری ہے (حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)
- ہر نیک و بد کیساتھ نیکی کر... اگر وہ نیکی کے قابل نہیں تو' تو اس لائق ہے (حدیث)
- جو کام سب سے زیادہ سبب مغفرت ہوگا... وہ کشادہ روئی اور شیریں زباں ہے (حدیث)
- تہمت کی جگہ سے دور رہ کسی کو اپنی نسبت بدگمانی میں نہ ڈال (حدیث)
- زیارت قبور کیلئے جا.. خود عبرت حاصل کر' اور مسلمین کیلئے مغفرت کی دُعا کر (حدیث)
- سخی اللہ سے اور جنت سے اور لوگوں سے قریب ہے اور آگ سے دور ہے (حدیث)
- نجات کیا ہے؟ اپنی زبان کو بند رکھنا' اپنے گھر میں قیام رکھنا' اور گناہوں پر نادم ہونا
- مظلوم کی بددُعا سے ڈر کیونکہ اس کے اور خدا تعالیٰ کے درمیان کوئی پردہ حائل نہیں
- فرمایا: تکبر کی بیماری ہمیشہ احمقوں کو ہوتی ہے اور حماقت خدائی قہر ہے (حضرت پھولپوری)
- جو شخص کسی برائی میں حاضر ہوا... اور اس سے راضی ہوا تو گویا اس نے خود برائی کی
- حسن خلق کو حقیر مت سمجھو... خواہ وہ اسی قدر ہو کہ تم اپنے بھائی سے بکشادہ پیشانی ملو

- بشریت انکار کرتی ہے رجوع الی اللہ ہونے سے مگر مصیبت کے وقت (حضرت خرقانی رحمہ اللہ)
- جو دُنیاوی حیثیت میں تجھ سے زیادہ ہے..اس کو مت دیکھ...کہ ناشکری پیدا ہوگی (حدیث)
- عبادت کے دس جز ہیں ان میں سے نو طلب حلال ہیں
- دُنیا کا لفظ دنائیت سے نکلا ہے خواری، ذلت کمینگی...اس سے اندازہ لگاؤ دُنیا کیا چیز ہے
- عورت کے ساتھ نیک خو (عادت) رہنا چاہیئے اس کو رنج نہ دے بلکہ اس کا رنج سہے
- عورت اگر محافظ عصمت ہے تو اس کی معمولی فروگذاشتوں سے درگزر کرو (امام غزالی)
- مصائب کا مقابلہ صبر سے اور نعمتوں کی حفاظت شکر سے کرو (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- اعلانیہ گناہ پوشیدہ کی نسبت زیادہ سخت ہے اور اظہار گناہ دوسرا گناہ ہے (حضرت خرقانی رحمہ اللہ)
- ہر چیز کے ثواب کا ایک اندازہ ہے اور صبر کے ثواب کا اندازہ نہیں وہ بے انداز ہے
- کیا آپ نے اپنا وصیت نامہ لکھ لیا اگر نہیں لکھا تو لکھ لیجئے
- شکستہ قبروں میں غور کر کہ کیسے کیسے حسینوں کی مٹی خراب ہو رہی ہے (حضرت غوث اعظم رحمہ اللہ)
- بچوں کو اسلامی آداب سکھا کر اپنی اور ان کی دُنیا و آخرت بنایئے
- جس کا انجام موت ہے اس کے لیے خوشی کی کونسی بات ہے...
- موت کو یاد رکھنا نفس کی تمام بیماریوں کی دوا ہے
- جو اچھی بات سنو، لکھ لو اور جو لکھوا سے حفظ کر لو، جو حفظ ہے اسکو بیان کرو اور اس پر عمل کرو
- جو مانگنے کا طریقہ ہے اس طرح مانگو...درِ کریم سے بندے کو کیا نہیں ملتا
- دُنیا کی عزت مال سے اور آخرت کی اعمال سے ہے (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ)
- جو خدا سے ڈرتا ہے سب اس سے ڈرتے ہیں (حضرت حسن بصری رحمہ اللہ)
- انسان بیماری کے خوف سے کھانا پینا چھوڑ دیتا ہے مگر اللہ کے خوف سے گناہ نہیں چھوڑتا
- غیر کے لیے کوئی صدقہ نہیں جب قریبی رشتہ دار محتاج ہوں (حدیث)
- ہر قوم کے معزز آدمی کی تعظیم کرو (حدیث)

- جس نے کسی ظالم کی مدد کی اس نے گویا اللہ کے غضب کو اپنے سر لے لیا (حدیث)
- کیا آپ نے نماز جیسی اہم عبادت جو پانچ وقت فرض ہے باقاعدہ سیکھ لی ہے؟ ورنہ فکر کیجئے
- کامل مومن وہی ہے جس کا اَخلاق اچھا ہے (حدیث)
- پہلے علم پھر عمل پھر اِخلاص اور پھر عمل قلبی آتا ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام کمالات لفظ ختم نبوت میں منحصر ہیں
- اگر کسی پر بے جا غصہ نہیں کرو گے تو اللہ کے غصہ سے بچے رہو گے
- ایمان دو نصف ہیں... نصف صبر اور نصف شکر ہے (حدیث)
- عقلمند اپنے کو پست کر کے بلندی اور نادان اپنے کو بڑھا کر ذلت اٹھاتا ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- ادب بہترین کمالات اور خیرات افضل ترین عبادات سے ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- دُنیا میں سچے لوگ ہمیشہ رہیں گے (سچی طلب چاہئے)
- اصل زندگی وہی ہے جو یادِ حق میں گذرے اور جو اس کے علاوہ ہے وہ بمنزلہ موت ہے
- مسجد سے کوڑا کباڑ نکالنا بڑی آنکھوں والی حوروں کا مہر ہے (حدیث)
- حدیث: نیک گمان کرنا عبادت میں داخل ہے (ابوداؤد)
- حدیث: سب سے بڑا گناہ خدا تعالیٰ کی نسبت بدگمانی کرنا ہے (مسند الفردوس دیلمی)
- سخی آدمی کا کھانا دوا اور بخیل کا کھانا بیماری ہے (حدیث)
- وعدہ ایک طرح کا فرض ہے کم بختی ہے اسکی جو وعدہ کر کے اس کیخلاف کرے (حدیث)
- جو کچھ مجھ کو حاصل ہوا وہ سب نماز تہجد کی برکت سے حاصل ہوا (سید احمد شہید رحمہ اللہ)
- اللہ تعالیٰ کے نزدیک دُعا سے بڑھ کر کوئی چیز قدر کی نہیں (حدیث)
- علم دل کے لیے باعث زندگی ہے (حضرت سلطان باہو رحمہ اللہ)
- حقیقی علم ایک نور ہے جو اللہ انسان کے قلب میں ڈال دیتا ہے (امام مالک)
- ایسی نعمت کسی کو بھی نہیں ملی جو صبر سے بہتر اور بڑی ہے (حدیث)

- گناہوں پر ندامت ان کو مٹاتا' اور نیکیوں پر مغرور ہونا ان کو برباد کرنا ہے
- ہم ایسی قوم ہیں اللہ نے ہمیں اسلام سے عزت دی ہے (حضرت عمر رضی اللہ عنہ)
- سب سے بڑا عمل... دُعا سب سے بڑا وظیفہ... گناہ کا چھوڑنا
- معافی... نہایت ہی اچھا انتقام ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ
- علم بے عمل ایک آزار (تکلیف دہ) ہے اور عمل بغیر اِخلاص کے بے کار ہے
- مسلمان اور مومن میں فرق... مسلمان اللہ کو مانتا ہے اور مومن اللہ کی مانتا ہے
- عقل مند اگر خاموش رہے تو فکر کرتا ہے اور جب دیکھتا ہے تو عبرت حاصل کرتا ہے
- خاموش اے دل! بھری محفل میں چلانا نہیں اچھا... ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں
- حتی المقدور ہر ایک سے نیکی کرو خواہ وہ نیک ہو یا بد (حدیث)
- بوڑھے مسلمان کی تعظیم کرنا اللہ کی تعظیم میں داخل ہے (حدیث)
- جو میانہ روی اختیار کرتا ہے وہ مفلس نہیں ہوتا (حدیث)
- پرہیز علاج سے بہتر ہے قول حکماء
- ہماری تمام پریشانیوں کا حل قرآن کریم پڑھنا اور اس پر عمل کرنا ہے
- سالگرہ... سال گرا... یہ بجائے خوشی کے افسوس کی بات ہے کہ زندگی کا ایک سال کم ہوگیا
- عملیات کے چکر میں نہ پڑنا (وصیت حضرت لاہوری)
- ہر نماز کو زندگی کی آخری نماز سمجھ کر پڑھئے
- اللہ تعالیٰ کا محبوب بننے کے لیے اتباع سنت سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں
- صحابی کے نام کیساتھ رضی اللہ عنہ اور فوت شدہ شخصیت کے ساتھ رحمہ اللہ ضرور پڑھئے
- کسی سے بدلہ لینے میں جلدی اور نیکی کرنے میں دیر نہ کرو
- ہر ایک شخص سے اس کی فہم کے مطابق معاملہ کرنا چاہئے

- اللہ والوں کی ایک لحظہ صحبت سو سالہ بے ریا عبادت سے بہتر ہے
- حقیقی راحت اسلامی اصولوں پر چلنے ہی میں ہے
- قوانین قدرت سے انحراف کرنے والا کبھی محفوظ نہیں رہ سکتا
- دُنیا میں حقیقی آرام کا خواہشمند عقل سے دور ہے
- جو عمل آج تم پر بھاری ہے وہ آخرت میں میزان پر بھاری ہوگا (ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ)
- عمل کی نیت سے پڑھو بس اسی وقت سے ثواب شروع ہو جائے گا
- ہر وقت اس کا خیال رکھو کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ ہمارا کیا معاملہ ہے یعنی اپنے گریبان میں جھانکتے رہو
- جملہ اُمور میں علماء و مفتیان کرام سے مشاورت رکھیں پھر خیر و برکت دیکھئے
- اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا قریب ترین راستہ... تواضع اور عاجزی ہے
- عملیات میں پڑنے کی بجائے... ہر کام میں دُعا کو اپنا وظیفہ بنائیں
- صبح شام کی مسنون دُعاؤں کو اپنا معمول بنائیے اور اللہ کی حفاظت میں رہئے
- تین چیزیں انسان کو تباہ کر دیتی ہیں، حرص... حسد... غرور
- لوگ کہتے ہیں وقت گزر جاتا ہے... جی نہیں ہم گزر جاتے ہیں
- جب ضمیر ملامت کرنا چھوڑ دے تو سمجھ لو انسانیت ختم ہوگئی
- نہ کتابوں سے نہ وعظوں سے نہ زر سے پیدا... دین ہوتا ہے بزرگوں کی نظر سے پیدا
- ضرورت مند سے مال خریدنا احسان اور صدقہ کی مانند ثواب ہے
- وقت کی قدر وہی لوگ کرتے ہیں جو لگن اور محنت سے کام کرتے ہیں
- دفعۃً سر پر جو آپہنچے اَجل... پھر کہاں تو اور کہاں دار العمل
- فوری انصاف صرف اور صرف شریعت ہی سے مل سکتا ہے
- خالی تمنا... حماقت کا جنگل ہے جس میں احمق مارا مارا پھرتا ہے
- دُنیا کی جنت یہ ہے کہ میاں بیوی دونوں نیک ہوں اور ایک ہوں (علامہ عثمانی رحمہ اللہ)

- ماں کی گود پہلی درسگاہ ہے...اس لیے شروع سے ہی بچوں کی تربیت ضروری ہے
- صندل اس کلہاڑے کا منہ بھی خوشبودار کر دیتا ہے جو اسے کاٹتا ہے
- برائی کو حکمت وبصیرت سے روکو ورنہ یہ تمہیں نیکی سے روک دے گی
- امامت کبھی نہ چھوڑنا اس سے نماز محفوظ رہے گی (وصیت حضرت مفتی محمد حسن رحمہ اللہ)
- زبردست گناہوں کا کفارہ...زیردستوں کی امداد کرنا ہے اور درماندگان کی دستگیری ہے
- عورت کا معنی مخفی چیز کے ہیں اس لیے اس کی حقیقی عزت وعفت گھر کے اندر رہنے میں ہے
- عورت کے لیے افضل نماز وہی ہے جو مکان کے اندر در اندر ہو
- لطیفہ: ایک اللہ والے نے سیاہ رنگ کی کار میں بیٹھتے ہوئے فرمایا ہم سیاہ کار ہیں
- جب قرآن پڑھا جائے تو اسے پوری توجہ سے سننا ضروری ہے
- نجات کیا ہے؟ اپنی زبان کو بند رکھنا...اپنے گھر میں قیام رکھنا اور گناہوں پر نادم ہونا
- علماء کا فقر اختیاری ہوتا ہے...اور جہلا کا اضطراری
- فرمایا نماز روزہ اچھی چیز ہے...لیکن غرور حسد دل سے دور کرنا انکو زیادہ اچھا بنا دیتا ہے
- اپنے آپ کو عظمت اور دوسروں کو حقارت کی نظر سے دیکھنے کا نام عجب ہے
- جس کام میں خودغرضی آجائے اس کام سے برکت اٹھ جاتی ہے
- ہر کام اپنے بڑوں سے پوچھ کر کرنا چاہئے...خواہشات کی یلغار انسان کو کمزور کر دیتی ہے
- جس کے پاس بیوی...گھر...نوکر اور سواری ہو وہ بادشاہ ہے (حضرت یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- گناہ صغیرہ کا اصرار کبیرہ تک اور کبیرہ کا اصرار کفر تک پہنچا دیتا ہے (حضرت یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- عورتوں میں ایک قسم کا ضعف ہے اور تحمل اس کا علاج ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- نکاح نہ کرنے والا شرمگاہ کو بچالے مگر نظر اور دل کا بچانا اس کو محال ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- دانشمند بیوی نعمت خداوندی ہے (حضرت سلیمان علیہ السلام)
- اپنے فرائض ادا کرتے رہو گے تو تمہارا شمار اطاعت گزاروں میں کیا جائیگا (حدیث)

- ریا کاری وہ ہے جس میں نیت یہی ہو کہ میں دکھلاوے کے لیے یہ کام کر رہا ہوں
- جو شخص اللہ تعالیٰ کو بھول جاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو اپنی پہچان بھی بھلا دیتا ہے
- اگر دل پاک ہے تو جسم پاک ہے اگر دل پاک نہیں تو جسم میں فساد ہوگا
- ریا کاری گویا خدا تعالیٰ کی نسبت لوگوں کو زیادہ عزیز رکھنا ہے
- زکوۃ ایک پیسہ نفلی طور پر سونے کا پہاڑ صدقہ کرنے سے بہتر ہے
- میانہ روی نصف روزی ہے...اور حسن اَخلاق نصف دین ہے
- تیری غفلت کی علامت اہل غفلت کے پاس بیٹھنا ہی ہے
- فقیر کا ایک درہم صدقہ بہتر ہے غنی کے لاکھ درہم صدقہ سے
- خوشامد اور تعریف کی محبت شیطان کے نہایت مضبوط داؤ ہیں
- شرم مَردوں سے خوب ہے مگر عورتوں سے خوب تر ہے
- عمل بہت کرنا اور عمل کو ناقابل اور قاصر خیال کرنا طریقت کا فرض ہے
- خلوص یہ ہے کہ ہر وقت اور ہر حال میں خالق کو دیکھے (نہ کہ مخلوق کو)
- تصوف یہ ہے کہ اللہ کے ساتھ صدق دل سے معاملہ کرے اور لوگوں کے ساتھ نیک وخلق ہو
- جس شخص کی عزت لوگوں میں زیادہ ہو...اسے اپنے نفس کو نظر حقارت سے دیکھنا چاہیے
- کسی کی تحقیر بھی بہت بری بات ہے...متواضع امراء کے ساتھ سختی کرنا بھی تکبر ہے
- مصیبتوں کو چھپا...قرب حق نصیب ہوگا (شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ)
- نفس پر شریعت کی پابندی سے زیادہ کوئی چیز دشوار نہیں (حضرت یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- عبادت میں تشدد سے بچو اور میانہ روی اور مداومت کو لازم پکڑو
- حق پر قائم رہنے والے مقدار میں کم ہوتے ہیں...منزلت واقتدار میں زیادہ ہے
- اعلیٰ ترین صدقہ یہ ہے کہ مسلمان علم سیکھے اور دوسرے کو سکھائے (حدیث)
- دانائی کی سب سے بڑی بات...خدا سے ڈرنا ہے (حدیث)

- اچھی بات سیکھنے یا سکھانے کی نیت سے مسجد جانے پر حج کے برابر ثواب ہے (مفہوم حدیث)
- کیا آپ نے نماز سیکھ لی ہے؟ جو دن میں پانچ مرتبہ فرض ہے
- غیرت... ایمان کی اور بے غیرتی منافقت کی علامت ہے (حدیث)
- جب اللہ کسی سے محبت کرتا ہے تو لوگوں کے دلوں میں اسکی محبت ڈال دیتا ہے (حدیث)
- امانت میں خیانت نہ کرنا... غنی ہو جانا ہے (حدیث)
- عورتوں کی دینداری کے مقابلہ میں ان کی خوبصورتی کو ترجیح نہیں دینی چاہیے (حدیث)
- اللہ کو مسلمان آدمی سے زیادہ کوئی چیز عزیز نہیں ہے (حدیث)
- پروردگار عالم فیاض ہے اور فیاضی کو پسند کرتا ہے (حدیث)
- مسلمان غیرت مند ہوتا ہے اور اللہ سب سے زیادہ غیرت مند ہے (حدیث)
- بڑا وظیفہ اور سب سے بڑی نیکی گناہ کا چھوڑ دینا ہے
- جو آدمیوں کا شکر نہیں کرتا وہ اللہ کا بھی شکر نہیں کرتا (حدیث)
- صفائی اور پاکیزگی ایمان کا جز ہے (حدیث)
- جو آدمی پہلے سے سلام کرتا ہے وہ غرور سے پاک ہوتا ہے (حدیث)
- مسلمانو! ایک دوسرے کو تحفہ بھیجا کرو کیونکہ اس سے کینہ دور ہوتا ہے (حدیث)
- اللہ اپنے ان بندوں کو پسند کرتا ہے جو غیرت مند ہوں
- خوشامد اور حسد مسلمان کے اَخلاق نہیں ہو سکتے (حدیث)
- سب سے افضل عمل انسان کا اپنے ہاتھ سے روزی کمانا ہے (حدیث)
- جو شخص کسی کام میں کامیاب ہو اس کو لازم ہے کہ اس کام کو نہ چھوڑے (حدیث)
- انسان کی بدبختی اس میں ہے کہ وہ بداَخلاق ہو (حدیث)
- حلال روزی کا تلاش کرنا بھی جہاد ہے (حدیث)
- مسلمان وہ ہے جو ہوشیار و دانا اور ہر حالت میں احتیاط کرنے والا ہو (حدیث)

- کم بختی ہے اس آدمی کی جو جھوٹ بول کر لوگوں کو ہنسانا چاہے (حدیث)
- مسلمان پر لعنت کرنا ایسی بات ہے کہ اس کو جان سے مار ڈالنا (حدیث)
- کم بختی ہے اس کی جو کسی مسلمان پر ہاتھ دراز کرے اور اس کو نقصان پہنچائے (حدیث)
- اچھا مال اچھے آدمی کے لیے اچھی چیز ہے (حدیث)
- گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسے اس کا کوئی گناہ ہی نہ تھا (حدیث)
- لوگوں میں بدترین شخص وہ ہے جو اپنے گھر والوں کے حق میں تنگی کرنے والا ہو (حدیث)
- دولت و افلاس میں میانہ روی کیا ہی عمدہ بات ہے (مفہوم حدیث)
- اللہ کے بندے بہت سے چھپے ہوئے ہیں کسی کو ظاہری حالت کی وجہ سے حقیر نہ سمجھو
- توکل یہ ہے کہ تو زندگانی کو ایک دن کے لیے جانے اور کل کی فکر نہ کرے (بایزید بسطامی)
- سب سے بڑا عمل اور وظیفہ گناہ کو چھوڑنا اور اللہ کو راضی کرنا ہے
- لوگوں کے ساتھ ہمدری کرنا بھی صدقہ میں داخل ہے (حدیث)
- دوست سے ہم کلامی کی سعادت قرآن شریف کی تلاوت سے حاصل ہوتی ہے
- قرآن مجید کا خلاصہ ہے بندے سے توڑ... خدا سے جوڑ (حضرت لاہوری رحمہ اللہ)
- اذان و قرآن کا الحان سے زیادہ بڑھانا اور راگ کے طور پر پڑھنا منع ہے
- نقش قدم نبی کے ہیں جنت کے راستے... اللہ سے ملاتے ہیں سنت کے راستے
- امت کو توڑنے والی چیزیں معاشرت اور معاملات کی خرابیاں ہیں
- جو گناہ کر کے پشیمان ہوا سے ولی سمجھو کہ یہی انسانیت کی معراج ہے
- زندگی کو ہمیشہ امانت سمجھو یہ بہت جلد چلی جائے گی
- زبان کو شکوہ سے روک... خوشی کی زندگی عطا ہو گی (حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ)
- اول عمر میں جو وقت ضائع کیا ہے... آخر عمر میں اس کا تدارک کرتا کہ تیرا انجام بخیر ہو
- نفس اللہ تعالیٰ کا مخالف ہے اور نفس کی مخالفت اللہ تعالیٰ کی دوستی ہے

- رنجش کی حالت میں بہتر وہ ہے جو صلح میں سبقت اور سلام علیک کرے
- میری نصیحت کو قبول کرنے والا دل موت سے زیادہ کسی کو محبوب نہ رکھے
- اپنے آپ کو تمنا سے بچا کہ وہ بیوقوفوں کی وادی ہے
- سخاوت کے ساتھ احسان رکھنا نہایت کمینگی ہے
- مصیبت کے اوقات میں خدا کی شکایت نہ کرو سب سے بزرگ تر ہو جاؤ گے
- زبانی استغفار کرنا بغیر اس کے کہ گناہوں سے اسکی طبیعت اکھڑ جائے جھوٹوں کی توبہ ہے
- جس پر نصیحت اثر نہ کرے وہ جانے کہ میرا دل ایمان سے خالی ہے
- گھر اور مال وہ میراث ہے جو باپ سے حاصل ہوتی ہے لیکن دانشمند بیوی نعمت خداوندی ہے
- احوال پرسی کرنا اور پھر غم خواری نہ کرنا منافقت کی دلیل ہے
- ادب بہترین کمالات اور خیرات افضل ترین عبادات سے ہے
- بدکاروں کی صحبت سے دور رہ کہ برائی برائی سے جلد مل جاتی ہے
- جب زبان اصلاح پذیر ہو جاتی ہے تو دل بھی صالح ہو جاتا ہے
- عمل صالح وہ ہے جس پر لوگوں کی ثناء کی امید ہی نہ رکھی جائے
- علم کا مطالعہ کیا کرو... اور وہ علم اپنے دل کے حالات جاننے کا ہے
- ماں باپ کا بیٹے کے مال میں جبراً تصرف کرنا ظلم نہیں
- کچھ بننا چاہتے ہو تو بڑوں کی عزت کرو
- مکمل نماز ترجمہ کے ساتھ باقاعدہ سیکھئے
- نظر اس وقت تک پاک ہے جب تک اٹھائی نہ جائے
- حد سے بڑھا ہوا اعتقاد بربادی ہے اور نقطہ چینی بدنصیبی ہے
- کتاب ''سکون قلب'' کے مطالعہ سے بہت سے لوگوں کو نفع ہوا ہے
- اپنا محاسبہ کیجئے... کہ قرآن پاک صحیح پڑھنے کے لیے آپ نے کیا کوشش کی ہے

- ماں کی گود پہلا مدرسہ ہے خود نیک بنئے اولاد بھی نیک بنے گی
- ایمان سب سے بڑی نعمت ہے اس کی سب سے زیادہ فکر اور حفاظت کیجئے
- علم دین تو کتابوں سے آجاتا ہے لیکن دین کا ذوق اللہ والوں کی صحبت سے آتا ہے
- گمنامی پسند کر... اس میں ناموری کی نسبت بڑا امن ہے (شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ)
- مجلسیں امانت ہیں یعنی جو بات مجلس میں ہو وہ امانت ہے (حدیث ابوداؤد)
- جاہلوں کی صحبت سے پرہیز کرو ایسا نہ ہو یہ تمہیں بھی جاہل بنادیں
- جو اللہ کے کاموں میں لگ جاتا ہے' اللہ اس کے کاموں میں لگ جاتے ہیں
- صرف اللہ کو پکاریئے اور راضی کیجئے یہی سب پریشانیوں کا حل ہے
- تو سمجھ ہرگز نہ قاتل موت کو... زندگی کا جان حاصل موت کو
- رکھتے ہیں محبوب عاقل موت کو... یاد رکھ ہر وقت غافل موت کو
- بچیئے اور بچایئے! ایمان کی حفاظت کے لیے ہر کسی کی کتاب نہ پڑھئے
- السلام علیکم کے کہنے سے ترک کلام کے گناہ سے نکل جاتا ہے
- خالق سے ایسا معاملہ کرو جیسا کہ تم اپنے غلام سے اپنے لیے کروانا چاہتے ہو
- پاجامہ آدھا لباس ہے نہ کہ زیادہ ستر پوش ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- کسی کے اَخلاق پر اعتماد نہ کرنا وقتیکہ غصہ کے وقت نہ دیکھ لے (صدیق اکبر رضی اللہ عنہ)
- کسی کی دین داری پر اعتماد نہ کرنا تا وقتیکہ طمع کے وقت اسے آزمانہ لے
- اللہ والوں کے واقعات پر مبنی کتابیں ان کی مبارک صحبت کا بدل ہیں
- خدا تعالیٰ اس شخص پر رحمت فرمائے جو میرے عیوب پر مجھے مطلع کرتا ہے
- صدق ویقین کے ساتھ سو رہنا اس نماز سے کہیں اچھا ہے جو شک کے ساتھ ادا کی جائے
- زبان نرم ترین عضو... اگر گفتار بھی نرم ہو تو زبان ہے ورنہ زیان ہے
- کلام میں نرمی اختیار کر کیونکہ الفاظ کی نسبت لہجے کا زیادہ اثر ہوتا ہے

- فرض کے بعد سنتیں پڑھتے ہوئے اس کا خیال رکھیں کہ سامنے گزرنے والے کو تکلیف نہ ہو
- باادب بانصیب... بے ادب بے نصیب' ادب راحت رسانی کا نام ہے
- حدیث: مسلمان معاملہ میں اس قدر نرم ہوتا ہے کہ تم اس کو بیوقوف خیال کرو گے (بیہقی)
- حدیث: لوگوں کی مدارت کرنا بھی صدقہ میں داخل ہے (الطبرانی فی الکبیر)
- ادب... ادب نام ہے راحت رسانی کا (ملفوظ حکیم الامۃ حضرت تھانوی رحمہ اللہ)
- مومن جس قدر بوڑھا ہوتا ہے اس کا ایمان طاقتور ہوتا ہے (شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ)
- کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں... یہ جہاں چیز ہے کیا لوح قلم تیرے ہیں (اقبال)
- ظالم مظلوم کی دُنیا بگاڑتا ہے اور اپنی آخرت (شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ)
- مخلصین... مفلسین... مصلحین... مفسدین میں امتیاز کیجئے
- نیک کام سے بہتر... نیک کی صحبت... بد کام سے بدتر... بد کی صحبت
- سچے پکے مسلمان بنئے ہر دیکھنے والا بے ساختہ کہہ اٹھے یہ ہے مسلمان...
- تنگدست قرض دار کو مہلت دینا رحمت الٰہی کو جوش میں لاتا ہے
- پُرسکون زندگی گزارنے کے لیے ایک ایک نعمت کو یاد کر کے شکر کرتے رہیں
- جس شخص میں محبت غالب ہوگی اس میں درد و حزن زیادہ تر ہوگا
- گناہ جوان کا بھی اگرچہ بد ہے لیکن بوڑھے کا بدتر ہے (ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ)
- اس دن پر آنسو بہا... جو تیری عمر کا گذر گیا اور اس میں کوئی نیکی نہ کی (صدیق اکبر رضی اللہ عنہ)
- زبان کو شکوہ سے روک... خوشی کی زندگی عطا ہوگی (صدیق اکبر رضی اللہ عنہ)
- مخلوق سے تکلیف دور کر کے خود اٹھا لینا حقیقی سخاوت ہے (صدیق اکبر رضی اللہ عنہ)
- جس کی زبان اس پر حکمران ہو... تو وہی اس کی ہلاکت اور موت کا فیصلہ کرتی ہے
- منہ خدا کو ہے دکھانا ایک دن... اب نہ غفلت میں گنوانا ایک دن
- گمنامی پسند کر... اس میں ناموری کی نسبت بڑا امن ہے (شیخ عبدالقادر رحمہ اللہ)

- جو اچھی بات سنو، لکھ لو اور جو لکھوا سے حفظ کرلو، جو حفظ ہے اسے بیان کرو
- نہایت خوشحالی اور نہایت بدحالی برائی کی طرف لے جاتی ہے
- حقیقی خوبصورتی کا سرچشمہ دل ہے اگر یہ سیاہ ہو تو چمکتی آنکھیں بھی کچھ کام نہیں دیتی ہیں
- جوانی کے دھوکے میں نہ آ کیونکہ بوڑھا ہونے سے پہلے کئی جوان گذر چکے ہیں
- حقیر شخص جو بات تجھے کہے اسے حقیر نہ سمجھ کیونکہ شہد کی مکھی گو مکھی ہے مگر شہد کا پرندہ ہے
- اکثر جو چیز جنت میں داخل کریگی وہ اللہ کا خوف اور عمدہ اخلاق ہیں (ترمذی شریف)
- امن اور سلامتی کا واحد راستہ صرف دین اسلام کی تعلیمات پر عمل کرنے میں ہے
- اسلام... محبت... ہمدردی امن وسکون کا پیغام دیتا ہے
- آخرت کا کام آج کر... دُنیا کا کام کل پر چھوڑ دے
- جو اللہ تعالیٰ سے واقف ہوجاتا ہے وہ مخلوق کے سامنے متواضع ہوجاتا ہے
- اولاد کے نیک ہونیکی دُعا کا معمول بنائیں کہ اے اللہ انکو آنکھوں کی ٹھنڈک بنا آمین
- مہمان کے آگے کھانا رکھنے سے پہلے اپنے اہل وعیال کا حصہ نکالیے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- یہ مفید نہیں کہ زبان تو ماہر ہو اور قلب نادان (شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ)
- مکانوں کے بنانے میں عمر ختم کر رہا ہے بسیں گے اور دوسرے حساب دے گا تو
- میانہ روی نصف روزی ہے اور حسن اخلاق نصف دین ہے
- جو خلق کے ساتھ خلق میں فراخ تر ہو وہ خالق کے نزدیک تر ہے
- اپنے کو گناہ سے بچانا... کیونکہ گناہ کرنے سے اللہ کا غضب نازل ہوجاتا ہے (مسند احمد)
- ایک گناہ بہت ہے اور ہزار طاقت قلیل... توبہ کرنا آسان ہے اور گناہ چھوڑنا مشکل
- ہمارا دین سراپا ادب ہے جو اس کو ملحوظ نہیں رکھے گا وہ بے نصیب ہے
- قدرتِ انتقام رکھتے ہوئے غصے کو پی جانا افضل ترین جہاد ہے
- گناہ ناسور ہے اگر ترک نہ کرو تو برابر بڑھتا رہے گا

- بلا کا نازل ہونا ہلاکت کے لیے نہیں بلکہ امتحان کے لیے ہوتا ہے
- صبر اختیار کر کیونکہ دُنیا تمام تر ہی آفات و مصائب کا مجموعہ ہے
- دین کی اصل عقل... عقل کی اصل علم اور علم کی اصل صبر ہے
- مصیبتوں کو چھپا... قرب حق نصیب ہوگا... شکر گزار مومن عافیت سے قریب تر ہے
- اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے قرض طلب کرتا ہے اور اسکے قاصد سائل لوگ ہیں
- تجھ کو لوگ تکبر کرنے سے بڑا نہیں سمجھ سکتے' بلکہ تو اضع سے بڑا ہوگا
- کمزور پر حملہ کرنا بزدلی ہے' ہم پلہ پر بدخُلقی ہے اور زبردست پر شوخ چشمی ہے
- بھائی کا حق دُنیا میں معاف کرالے ورنہ آخرت میں نیکیاں دینی پڑیں گی
- جس شخص کی زبان اس پر حکمران ہو تو وہی اس کی ہلاکت اور موت کا فیصلہ کرتی ہے
- ہر ایک آدمی کی رائے اس کی ذاتی تجربے کی بنیاد پر ہوا کرتی ہے
- کفر کے بعد سب سے بڑا گناہ دل آزاری (دل دکھانا) ہے خواہ مومن کا ہو یا کافر کا
- کیا آپ نے باقاعدہ نماز سیکھ لی ہے؟ اگر نہیں تو اس کی فکر کیجئے
- اللہ تعالیٰ کے محبوب بننے کا آسان طریقہ... اتباع سنت
- حدیث: میری امت کے بوڑھوں کی تعظیم کرنا میری تعظیم کرنا ہے (رواہ الخطیب فی الجامع)
- گھڑی بھر غور و فکر کرنا ساٹھ برس عبادت کرنے سے بہتر ہے (رواہ ابوالشیخ فی العظمۃ)
- خدا کے بندو! علاج کرایا کرو کیونکہ خدا نے ہر بیماری کی دوا پیدا کی ہے (مسند احمد)
- ہم ایسی قوم ہیں کہ اللہ نے ہمیں اسلام سے عزت دی ہے (حضرت عمر رضی اللہ عنہ)
- ذکر بیج ہے اعمال کے درختوں کا... ذکر نیک وطیرہ ہے نیک بختوں کا
- نہ چھوڑ اے دل فغان صبح گاہی... امان شاید ملے ''اللہ ھو'' میں
- نماز میں سلام پھیرنے سے اعصاب اور دل کے امراض کم ہو جاتے ہیں
- یارب دلِ مسلم کو وہ زندہ تمنا دے... جو روح کو تڑپا دے جو قلب کو گرما دے

- بندہ ہر کام میں محتاج صلاح ہوتا ہے... مشورہ باہمی آغاز فلاح ہوتا ہے
- بچے بھی ہونگے عالم' عالم اگر ہیں مائیں... بچے بھی ہونگے جاہل' جاہل اگر ہیں مائیں
- سب سے بڑا وظیفہ اور عمل... گناہ کو چھوڑنا اور اللہ کو راضی کرنا ہے
- اصل چیز شیخ سے باقاعدہ اصلاح کرانا ہے صرف بیعت کافی نہیں
- جو عمل آج تم پر بھاری ہے وہ آخرت میں میزان پر زیادہ وزنی ہوگا
- انسانیت بیش بہا خزانہ ہے' اسے لباس میں نہیں' انسان میں تلاش کرو
- اللہ کے سامنے دو آنسو بہا.. صرف اسی سے مانگ جو سب کا داتا ہے
- یقین کے ساتھ مانگئے... درِ کریم سے بندہ کو کیا نہیں ملتا
- تمام پریشانیوں کا ایک ہی حل... توبہ استغفار سے اللہ کو راضی کر لیجئے
- جو اکڑتے ہیں وہ اُکھڑتے ہیں جو جھکتے ہیں وہ سلامت رہتے ہیں
- خوش رہنے کیلئے شکر کی عادت بنایئے ہر حال میں الحمدلله علی کل حال کہیے
- تلاوت قرآن اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی ہے اس لیے اس کو باقاعدہ سیکھئے
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام نامی آئے تو (صلی اللہ علیہ وسلم) کہیں اور تحریر میں مکمل لکھیں
- مومن کا چہرہ بشاش اور دل غمگین رہتا ہے (حدیث)
- تمام خوبیوں کا مجموعہ... علم سیکھنا اور عمل کرنا اور پھر دوسروں کو سکھانا ہے
- اس دن پر رو... جو تیری عمر کا گزر گیا اور اس میں کوئی نیکی نہ کی
- اپنے اَخلاق اور عادات سنوار لو ایمان مکمل ہو جائے گا (حدیث)
- گناہ بیماری ہے... توبہ دوا ہے... گناہ کا چھوٹ جانا شفا ہے
- ہر وہ نعمت جو اللہ تعالیٰ تک نہ پہنچائے وہ مصیبت ہے
- حدیث: خوشامد اور حسد مسلمان کے اَخلاق نہیں ہو سکتے (بیہقی)
- سخی آدمی کا کھانا دوا اور بخیل کا کھانا بیماری ہے (حدیث)

- ایماندار آدمی کی نیت اس کے عمل سے بہتر ہوتی ہے (بیہقی)
- بجا کہے جسے عالم اسے بجا سمجھو... زبان خلق کو نقارۂ خدا سمجھو
- تیرا عمل تیرے عقائد کی دلیل اور تیرا ظاہر تیرے باطن کی علامت ہے
- علم بغیر عمل کے نفع دیتا ہے اور عمل بغیر علم کے کوئی فائدہ نہیں بخشتا
- عقلمند وہ ہے جو اللہ کی خوشنودی حاصل کرے اس سے پہلے کہ وہ اللہ کے روبرو بلایا جائے
- جو کرنا ہے اللہ نے کرنا ہے اور اللہ جو کرتا ہے بہتر کرتا ہے
- ایک دوسرے کے حقوق واجبہ کا علم اور ان کی ادائیگی سے ہی زندگی پرسکون ہوسکتی ہے
- زبان کو شکوہ سے روک... خوشی کی زندگی عطا ہوگی
- موت کو یاد رکھنا... نفس کی تمام بیماریوں کی دوا ہے
- قرض بغیر تقاضا کے ادا کر دینا قرض دار کی طرف احسان ہے
- جو شخص حرام کھاتا ہے اس کے تمام اعضاء گناہ میں پڑ جاتے ہیں
- بے حد اعتقاد بربادی ہے اور نکتہ چینی بدنصیبی (حضرت جعفر رضی اللہ عنہ)
- دُنیا کی مصیبتیں درحقیقت ترقیوں کا موجب ہیں (حضرت یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- لائی حیات آئے... قضا لے چلی چلے... اپنی خوشی نہ آئے... نہ اپنی خوشی چلے
- مغربی فیشن کیا ہے؟ ایک غیر فطری غیر اسلامی ہے جو مسلمان کو زیبا نہیں
- بڑی بات کہنے کے لیے بڑا ہونا ضروری نہیں
- چار انمول نعمتیں... راست گفتاری... حفظ امانت خوش خلقی... غذائے حلال
- میں اور میری امت کے پرہیزگار لوگ تکلف سے بری ہیں (حدیث)
- تسخیر کا سب سے بڑا عمل تقویٰ ہے جو گناہ کے چھوڑنے سے حاصل ہوتا ہے
- بہترین حکمت اور دانائی یہ ہے کہ انسان کے دل میں اللہ کا خوف ہر وقت موجود رہے
- بدنی عبادات اور نوافل سے صدقہ افضل ہے (شیخ احمد رفاعی رحمہ اللہ)

- سلامتی تنہائی میں ہے (حضرت اویس قرنی رحمہ اللہ)
- جو شخص کسی مسلمان کو دکھ دیتا ہے اس کی عبادت قبول نہیں ہوتی (ابوالحسن خرقانی رحمہ اللہ)
- اللہ تعالیٰ کا ذکر تمام گناہوں کو غرق کر دیتا ہے (یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ)
- معرفت کے تین رکن ہیں' ہیبت...حیاء...امن (شیخ ابن عطاء رحمہ اللہ)
- سب سے ضروری چیز عقائد کا درست کرنا ہے (حکیم الامت تھانوی رحمہ اللہ)
- انسان کے لیے بری صحبت سے بڑھ کر اور کوئی بری چیز نہیں
- اصل چیز بیعت نہیں...اصلاح نفس ہے
- میراث میں پائی مسند ارشاد...زاغوں کے تصرف میں عقابوں کی نشیمن (اقبال)
- آپس میں تحفہ ایک دوسرے کو لیا دیا کرو کہ تحفہ دل کی کدورت کو دور کرتا ہے
- تبلیغ دین کی نیت سے انگریزی پڑھئے لیکن انگریز نہ بنئے
- مخلوق کی محبت ان کی خیر خواہی کرنا ہے
- جس پر نصیحت اثر نہ کرے وہ جانے کہ میرا دل ایمان سے خالی ہے
- محتاج کو مہلت دینے میں کوئی احسان نہیں بلکہ عدل وانصاف ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- اوروں پر ہر دم نیک گمان رکھ اور اپنے نفس پر بدظن رہ (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- حق بات حق طریقے اور اچھی نیت سے کہی جائے تو کبھی جھگڑے کا سبب نہیں بنتی
- یہ سب سے بڑی حماقت ہے کام دوزخ کے کرو اور طمع بہشت کی رکھو (حضرت یحییٰ معاذ رحمہ اللہ)
- بلا اور مصیبتوں پر صابر رہنا صدیقوں کا درجہ ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- معاملات میں بدگمانی کی گنجائش ہے...تجارت میں برکت کا نسخہ نقد لو نقد دو
- بیشک دُنیا تمہارے لیے پیدا کی گئی ہے اور تم آخرت کیلئے پیدا کیے گئے (اقوال زریں)
- دُنیا میں سب سے بڑا تحفہ...کسی کو نیک دُعا دینا ہے
- مومن کو نیند کرنا زیبا نہیں جب تک کہ اپنا وصیت نامہ اپنے سرہانے نہ رکھ لے

- اعمال کا دارومدار خاتمہ پر ہے (حدیث)
- اگر موافقت نہ ہو تو پھر مفارقت بہتر ہے
- شکستہ قبروں پر غور کر... کہ کیسے کیسے حسینوں کی مٹی خراب ہو رہی ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- جب تک کسی سے بات چیت نہ ہو اسے حقیر نہ سمجھو (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- جب عقل کامل ہو جائے تو بولنا کم ہو جاتا ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- اِخلاص یہ ہے کہ ہر وقت اور ہر حال میں اللہ پر ہی نظر ہو (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- حلاوت دُعا... قبولیت دُعا کی علامت ہے (حضرت شفیق بلخی رحمہ اللہ)
- مسلمان کے لیے زیبا نہیں کہ دشمنان اسلام کے فیشن کو اپنائے
- اذان وقرآن کا الحان سے زیادہ بڑھانا اور راگ کے طور پر پڑھنا منع ہے
- دُعاء کیجئے: یا اللہ! ہمیں یہود ونصاریٰ کے مکروفریب اور شر سے بچا آمین
- مت رکھ امید کسی سے مگر اپنے رب سے... اور مت ڈر کسی سے مگر اپنے گناہ سے
- مصائب کا مقابلہ صبر سے اور نعمتوں کی حفاظت شکر سے کرو (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- نفس اللہ تعالیٰ کا مخالف ہے اور نفس کی مخالفت اللہ تعالیٰ کی دوستی ہے
- گناہ ناسور ہے... اگر ترک نہ کرو تو برابر بڑھتا رہیگا (حضرت جعفر رضی اللہ عنہ)
- مخلوق سے ایسا معاملہ کرو جوان سے اپنے حق میں پسند کرتے ہو (امام غزالی رحمہ اللہ)
- علم بغیر عمل کے نفع دیتا ہے عمل بغیر علم کے کوئی فائدہ نہیں بخشتا (حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)
- مُردوں کو برائی سے یاد نہ کرو وہ اپنے کیفر کردار کو پہنچ چکے ہیں (حضرت خرقانی رحمہ اللہ)
- عبادت میں تشدد سے بچو اور میانہ روی اور مداومت کو لازم پکڑو (امام غزالی رحمہ اللہ)
- خوشامد اور تعریف کی محبت شیطان کے نہایت مضبوط داؤ ہیں (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- آدمی کے چہرہ کا حسن خدا تعالیٰ کی عمدہ عنایت ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے نگینہ مہر پر یہ لکھا تھا اے عمر! نصیحت کیلئے موت کافی ہے

- خداوند تعالیٰ کا خوف عمر دراز کرتا ہے لیکن شریروں کی زندگی گھٹائی جاتی ہے.
- اگر کسی پر بے جا غصہ نہ کرو گے تو اللہ تعالیٰ کے غضب اور ناراضگی سے بچے رہو گے
- بھوک سے پہلے کھانا مکروہ بھی ہے اور مذموم بھی
- محتاجوں سے مہنگا مال خریدنا احسان میں ہے اور صدقہ سے بہتر ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- اپنی آرزوؤں کو دل ہی میں مار ڈالو اور دلوں کو ان میں نہ مرنے دو (حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمہ اللہ)
- مخلوق سے ایسا معاملہ کرو جو ان سے اپنے حق میں پسند کرتے ہو
- اپنی زندگی میں اپنے نفس کو مردہ بنالو تاکہ موت کے بعد مُردوں میں تم زندہ نظر آؤ
- دینی کتب بہترین رفیق اور نیک صحبت کا بدل ہیں
- تلاوت قرآن کرنا ایسا ہے گویا کہ تم اللہ تعالیٰ سے باتیں کر رہے ہو
- حادثات دُنیا کی تلخی کڑوی دوا کی مثل ہے (حضرت یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- دُنیا کی مصیبتیں بظاہر زخم ہیں مگر درحقیقت ترقیوں کا سبب ہیں (حضرت یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- پوری دل کی توجہ سے حق تعالیٰ کی عبادت میں مشغول ہو اور متعلقین کا غم حق تعالیٰ کے سپرد کردیا
- جس مال میں زکوٰۃ ملی ہوئی رہی وہ اس کو برباد کردیتی ہے (بزار)
- قناعت ایسی دولت ہے جو کبھی تمام نہیں ہوتی (حدیث)
- گناہ سے توبہ کرنیوالا ایسا ہے جیسے اس کا کوئی گناہ ہی نہ تھا (بیہقی)
- حق بات کہنے سے زیادہ کوئی صدقہ نہیں ہے (بیہقی)
- ہر شب شب قدر است گر قدر بدانی.. یعنی ہر رات شب قدر ہے اگر تو اس کی قدر کرلے
- کامل مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں (مفہوم حدیث)
- گھڑی بھر غور و فکر کرنا ساٹھ برس عبادت کرنے سے بہتر ہے (مفہوم حدیث)
- سب سے بڑا گناہ خدا کی نسبت بدگمانی کرنا ہے (مفہوم حدیث)
- نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں لوگوں کی دلجوئی کیلئے بھیجا گیا ہوں

- مسلمانو احتاجی مفلسی اور ذلت وخواری سے پناہ مانگا کرو (مفہوم حدیث)
- حلال روزی کا تلاش کرنا بھی جہاد ہے (مفہوم حدیث)
- اس میں شک نہیں کہ میں بھی تمہاری طرح انسان ہوں اور ظرافت کی باتیں کرتا ہوں
- دُنیا میں جنت یہ ہے کہ میاں بیوی دونوں نیک ہوں اور ایک ہوں (علامہ شبیر احمد عثمانی رحمہ اللہ)
- عورت پر سب سے بڑا حق اسکے شوہر کا ہے اور مرد پر سب سے بڑا حق اس کی ماں کا ہے
- اولاد کی دینی تعلیم وتربیت ہی سے والدین کے حقوق کا علم ہوسکتا ہے
- مسلمانو! تم سے اچھے وہ لوگ ہیں جو قرض لے کر اس کو اچھی طرح سے ادا کرتے ہیں
- معتکف کو ہر فرض نماز پر سینتیس لاکھ اسی ہزار فرض پڑھنے کا ثواب ملتا ہے
- معتکف کو قیامت کے دن عرش الٰہی میں جگہ ملنے کی امید ہے (تحفہ رمضان)
- پریشانیوں سے بچنے کے لیے سب سے بڑا وظیفہ... گناہوں کو چھوڑنا ہے
- انسان کے اکثر گناہ زبان سے تعلق رکھتے ہیں (طبرانی)
- جوانی کے دھوکہ میں نہ آ... کیونکہ بوڑھا ہونے سے پہلے کئی جوان گزر چکے ہیں
- بت پرستی دین احمد میں کہیں آئی نہیں... اس لیے تصویر جاناں ہم نے کھنچوائی نہیں
- علم نر ہے اور عمل مادہ... دین ودُنیا کے کام ان کے ملنے سے ہیں
- اول عمر میں جو وقت ضائع کیا ہے... آخر عمر میں اس کا تدارک کر... کہ تیرا انجام بخیر ہو
- نیک عمل کا ثواب اس کی مشقت کے اندازے پر ملتا ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- بڑا خطا کار وہ ہے جس کو لوگوں کی برائیوں کا ذکر کرنے کی فراغت ملی ہو (حضرۃ عثمان رضی اللہ عنہ)
- اے ابن آدم اللہ سے اتنا تو شرما جتنا تو اپنے دیندار پڑوسی سے شرماتا ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- توبہ کرنا آسان ہے اور گناہ چھوڑنا مشکل ہے (حضرت جعفر رحمہ اللہ)
- حج زندگی میں ایک بار فرض ہے اس لیے اسے اچھی طرح سیکھ کر ادا کیجئے
- ادب کی حقیقت دوسرے کو راحت پہنچانا ہے نہ کہ تکلفات میں مبتلا ہونا

- کون بچے گا؟ وہی بچے گا جو اتباعِ سنت کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنائے گا
- اللہ والوں کی باتوں میں نور ہوتا ہے، جس سے دل کی دُنیا بدل جاتی ہے
- رمضان کے بعد یہ دُعا کرتے رہنا چاہیے یا اللہ برکاتِ رمضان ہم سے ضائع نہ ہوں
- سچ ہے کہ اللہ والے جو بات کہہ دیتے ہیں اللہ تعالیٰ اس کو اپنے فضل سے پورا فرما دیتے ہیں
- لوگ عافیت اور سکون چاہتے ہیں لیکن معمولی باتوں میں اُلجھ کر اس سے محروم رہتے ہیں
- معافی کی عادت بنائیں انگریزی قانون سے کبھی انصاف اور سکون نہیں مل سکتا
- جب بھی کوئی پریشانی ہو تو دو رکعت نماز پڑھ کر دُعا کرنا طریقہ نبوی ہے
- تجارت میں برکت اور سکون کا بہترین نسخہ... نقد دو... نقد لو ادھار سے پرہیز
- اگر عافیت چاہتے ہو تو کسی ایک صحیح اللہ والے کا دامن پکڑ لو
- اپنے آپ کو اللہ کی محبت کا نشہ لگاؤ یہ اہل محبت سے ملے گا... پھر دُنیا میں جنت کا مزہ دیکھو
- نفس کو کسی چیز کا چسکہ چاہئے اس کو نیک اعمال کا عادی بناؤ تو اسے انہی میں مزہ آنے لگے گا
- عورت کیلئے حیاء سب سے بڑی دولت ہے
- جھوٹ بولنا اس لیے حرام ہے کہ دل میں اثر کرتا ہے اور دل کی شکل کو ٹیڑھا اور سیاہ کر دیتا ہے
- دینی ذوق پیدا کرنے کے لیے سچے اہل اللہ کی محبت اکسیر ہے
- توبہ کرنے پر نامہ اعمال سے گناہ مٹ جاتے ہیں اور دل کی سیاہی دور ہوتی ہے
- عبادات کا قبلہ بیت اللہ ہے، اور اعمال کا قبلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں
- دولت کے بھوکے کو کبھی حقیقی راحت حاصل نہیں ہو سکتی
- دل کو بدگمانی سے محفوظ رکھنا اور زبان کو بدگوئی سے محفوظ رکھنا عبادت ہے
- زندہ قومیں انفرادی مفاد کی بجائے قومی وملکی مفاد کو ترجیح دیتی ہیں
- عورت کی سعادت مندی یہ ہے کہ نہ وہ نامحرم کو دیکھے نہ اسے کوئی نامحرم دیکھے
- بظاہر کچھ بھی سامان راحت نہ ہو لیکن دل میں سکون ہو یہ بھی برکت ہے

- اس تصور کے ساتھ قرآن کریم کا مطالعہ کیجئے کہ میرا رب مجھ سے مخاطب ہے
- قرآن کریم کی کثرت سے تلاوت اصلاح کے لیے نسخہ اکسیر ہے
- موت سے محبت کرو تو زندگی عطا کی جائے گی (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ)
- نیک کام کرنے سے خوشی اور گناہ پر ندامت ہونا اُمتی کی ولایت ہے (مولانا الیاس رحمہ اللہ)
- قربانی کی حقیقت یہ ہے کہ اپنی خواہشات کو حکم خداوندی کے سامنے قربان کر دیا جائے
- دُعا مانگنے میں دل کا لگنا... قبولیت دُعا کی علامت ہے
- بہترین عمل دوسروں کو دینا ہے نا کہ دوسروں سے لینا (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- جو شخص کافی مال رکھتا ہو اس کے لیے کمانے سے عبادت کرنا بہتر ہے
- افراد کے مل جل کر رہنے کا نام معاشرہ ہے ہر فرد اپنی اصلاح کر لے تو معاشرہ سنور جائے
- نیک بخت وہ ہے جس کا دل عالم... بدن صابر... موجودہ نعمتوں پر قناعت کرنیوالا ہو
- وقت طلوع کیا دیکھا وقت غروب دیکھا... اب تو فکر آخرت ہے دُنیا کو خوب دیکھا
- حقیقی دوست وہ ہے جو اصلاح کی غرض سے عیوب کی نشاندہی کرے
- دین کی اصل عقل... عقل کی اصل علم اور علم کی اصل... صبر ہے
- گناہ کے بعد دل سے ندامت بھی توبہ کی شاخ ہے
- ظالم مظلوم کی دُنیا بگاڑتا ہے اور اپنی آخرت
- خالق کا مقرب وہی ہے... جو مخلوق پر شفقت کرتا ہے
- سب سے بلیغ و مؤثر وعظ یہ ہے کہ انسان قبرستان دیکھ کر اس سے عبرت حاصل کرے
- تمام خوبیوں کا مجموعہ علم سیکھنا اور عمل کرنا پھر اوروں کا سکھانا ہے
- بیشک خدا تعالیٰ کی یہ بڑی نعمت ہے کہ انسان پر گناہوں کا کرنا دشوار ہو
- بڑا زہد دُنیا میں یہ ہے کہ لوگوں کی ملاقات سے کنارہ کش ہو جائے
- جب کلام کم ہو جائے تو آدمی اکثر صحیح بات کہتا ہے

- غذا سے جسم کو اور قناعت سے روح کو راحت پہنچتی ہے
- سب سے بڑی دولت زبان ذاکر...دل شاکر اور زن (عورت) فرمانبردار (امام غزالی رحمہ اللہ)
- علاج سنت ہے پرہیز کرنا فرض ہے (ارشاد مولانا الیاس صاحب رحمہ اللہ)
- بیٹی سے حسن سلوک...بہترین صدقہ ہے
- جاننا چاہئے کہ مقصود حق تعالیٰ ہے اور پیر حق تعالیٰ کی جناب تک پہنچنے کا وسیلہ ہے (حضرت مجدد رحمہ اللہ)
- دُنیا دار دُنیا کے پیچھے...اور دُنیا اللہ والوں کے پیچھے دوڑ رہی ہے
- صوفی وہ ہے جس کا دل اللہ تعالیٰ کے ساتھ صاف ہو
- وہ رزق کی فراخی جس پر شکر نہ ہو اور معاش کی تنگی جس پر صبر نہ ہو فتنہ ہے
- جس نے دُنیا کی حقیقت کو جس قدر پہچانا اسی قدر اس سے بے رغبت ہوا
- لوگوں کے سامنے کسی کو نصیحت کرنا ایک طرح کی ملامت ہے
- کامیابی کا فارمولا...نیک مقصد...اِخلاص...شائستگی اور تسلسل
- ان سے ملنے کی ہے یہی اک راہ...ملنے والوں سے راہ پیدا کر
- دین کا مدار عقل پر نہیں محبت اور اعتقاد پر ہے
- مصیبتوں سے بچنے کا سب سے بڑا وظیفہ گناہ کو چھوڑنا اور اللہ تعالیٰ سے اپنا تعلق صحیح کرنا ہے
- سب سے موثر وعظ یہ ہے کہ انسان قبرستان دیکھ کر اس سے عبرت حاصل کرے
- پرانے گناہوں کو نئی نیکیوں سے مٹاؤ (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ)
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اصل محبت یہی ہے کہ آپ کا اتباع کیا جائے
- نماز دن میں پانچ مرتبہ فرض عین ہے اس لیے دیکھا دیکھی نہیں بلکہ باقاعدہ سیکھئے
- اپنے مالوں کو شریک خدا نہ سمجھو کہ ان پر بھروسہ کر کے بیٹھ جاؤ (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- جو کام حضور علیہ السلام کے حکم کیخلاف ہو اگرچہ بشکل عبادت ہو گناہ ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- گناہوں سے بچنے کے لیے باطنی تقویٰ ضروری ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)

- بیگانوں سے نیکی کرنا عمر دراز اور رزق فراخ کرتا ہے (حدیث)
- جس کا دل حب دُنیا سے خالی ہو گا محبت الٰہی سے پُر نور ہو گا (حضرت سلطان باھو رحمہ اللہ)
- اعمال میں وزنی چیز اچھے اَخلاق ہیں (مفہوم حدیث)
- علم نیک لوگوں کو دیا جاتا ہے بد بخت لوگ اس سے محروم رکھے جاتے ہیں (یحییٰ برکی رحمہ اللہ)
- دُنیا... تمام تر آفات و مصائب کا مجموعہ ہے اس لیے صبر اختیار کرو (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- دین کے طالب علمو! اپنی قدر پہچانو! (حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا رحمہ اللہ)
- جس شخص کی زباں اس پر حکمران ہو تو وہی اسکی ہلاکت کا فیصلہ کرتی ہے (علی رضی اللہ عنہ)
- عورت کی آواز بھی عورت ہی ہے یعنی آواز کا بھی پردہ ہے
- جو کام سب سے زیادہ سبب مغفرت ہو گا وہ کشادہ روئی اور شیریں زبان ہے (حدیث)
- بندوں کے حقوق اللہ کے حقوق سے مقدم ہیں اس لیے اللہ بے نیاز اور بندے محتاج ہیں
- عقل مند وہ ہے جو اللہ کی خوشنودی حاصل کرے (حضرت شفیق بلخی رحمہ اللہ)
- رضائے حق کے خواہش مند... مخلوق کی اذیت پر صبر کر (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- خالی تمنا حماقت کا جنگل ہے جس میں احمق مارا مارا پھرتا ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- حقیر سے حقیر پیشہ اختیار کرنا ہاتھ پھیلانے سے ہزار درجہ بہتر ہے (عثمان رضی اللہ عنہ)
- اللہ تعالیٰ نے ہر مرض کی دوا نازل فرمائی (مفہوم حدیث)
- اللہ تعالیٰ کو ہر وقت اپنے ساتھ سمجھنا افضل ترین عبادت ہے (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ)
- جیسا تم اللہ کو کل کیلئے چاہتے ہو تم آج اس کیلئے ویسے ہی بن جاؤ (بایزید بسطامی رحمہ اللہ)
- جو شخص اپنے نفس کا معلم نہیں وہ دوسروں کا معلم کس طرح ہو گا (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- جوانی کے دھوکہ میں نہ آ... کیونکہ بوڑھا ہونے سے پہلے کئی جوان گزر چکے ہیں (عرب حکماء)
- ایمان خدائی نور ہے جو صرف اس کے فضل سے حاصل ہوتا ہے
- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم معیار حق ہیں اور جو چیز معیار ہوتی ہے وہ ہر تنقید سے بالاتر ہوتی ہے

- کارخانہ قدرت میں فکر کرنا بھی عبادت ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- افضل ترین صدقہ اپنے گھر والوں پر خرچ کرنا ہے (مفہوم حدیث)
- نفس پر شریعت کی پابندی سے زیادہ کوئی چیز دشوار نہیں ہے (حضرت یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- جب تم امیدیں باندھتے جا پہنچو تو موت کی ناگہانی آمد کو یاد کرو (علی رضی اللہ عنہ)
- جو شخص میانہ روی اختیار کرتا ہے وہ مفلس نہیں ہوتا
- بخل اور ایمان ایک دل میں جمع نہیں ہو سکتے
- ایسے فائدہ سے درگزر کر جو دوسروں کے نقصان کا باعث ہو (خلیفہ مامون الرشید)
- ہمارے اَسلاف نے الفاظ سے زیادہ کردار سے اسلام کی تبلیغ کی ہے
- نیک بخت وہ ہے جو دوسروں کو دیکھ کر نصیحت حاصل کرے
- مجھے عافیت تنہائی میں اور سلامتی خاموشی میں نصیب ہوئی (ابوالحسن خرقانی رحمہ اللہ)
- تمام عبادات نماز کے لیے وسیلہ اور نماز مقصد اصلی ہے (حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- خلوص یہ ہے کہ ہر وقت ہر حال میں صرف اللہ پر نظر رہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- حق تعالیٰ کا ذکر تمام گناہوں کو غرق کر دیتا ہے (حضرت یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ)
- نماز میں اگر الفاظ اور معانی کی طرف توجہ رہے تو وساوس بند ہو جاتے ہیں (ابوالحسن رحمہ اللہ)
- دُنیا کی محبت تمام برائیوں کی جڑ ہے (حدیث شریف)
- متکبر شخص معرفت حق کی بو نہ سونگھ سکے گا (حضرت بایزید بسطامی رحمہ اللہ)
- حلال کی روزی سے جو نور دل میں پیدا ہوتا ہے وہ کسی اور شے سے نہیں ہو سکتا (امام غزالی رحمہ اللہ)
- دُنیا کا بہترین نفع نیک عورت ہے
- اسلام ہی وہ واحد مذہب ہے جو عورتوں کے حقوق کا محافظ ہے
- تم میں بہترین وہ ہے جو اپنے اہل خانہ سے اچھا برتاؤ کرے (مفہوم حدیث)
- خاوند کی بداَخلاقی پر صبر کرنیوالی عورت کو آسیہ (زوجہ فرعون) کے برابر اجر و ثواب ملے گا

- بیوی ایمان' عفت اور اولاد کی محافظ ہی نہیں بلکہ خیر کثیر کا مجموعہ ہے
- مرد کے لیے سب سے زیادہ حق اس کے والدہ کا ہے
- عورت کے لیے سب سے زیادہ حق اس کے شوہر کا ہے
- اچھی کتب اور نیک لوگوں کی صحبت آپ کے گھر کو خوشگوار بنا سکتی ہے
- نکاح دو خاندانوں میں محبت کا ذریعہ ہے
- بابرکت نکاح وہ ہے جو سادہ ہو
- شوہر کے مزاج کا خیال رکھنے والی خواتین کبھی پریشانی کا سامنا نہیں کرتیں
- مومن بندہ کا امتحان اس کے ایمان کے مطابق لیا جاتا ہے
- ایمان کی حفاظت کیجئے کہ اس پرفتن دور میں یہی سب سے قیمتی متاع ہے
- خوش نصیب ہے وہ شخص جو اپنے نصیب پر خوش ہے
- یقین سے پکارا جانے والا اللہ تعالیٰ کا ہر نام اسم اعظم کی تاثیر رکھتا ہے
- اللہ کی محبت کا دعویدار فانی چیزوں کو دل میں جگہ نہیں دیتا
- بزرگی سنت کی تابعداری پر وابستہ ہے (شیخ مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- سنت کی تابعداری سے تمام نفسانی عادتیں اور معاشرتی رسمیں دور ہو جاتی ہیں (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- لوگوں کے مرتبوں کا خیال رکھو
- سب سے زیادہ سخت گناہ وہ ہے جو کرنے والے کی نظر میں چھوٹا ہو (علی رضی اللہ عنہ)
- وطن کی محبت ایمان کی علامت ہے
- نصیحت کی بات دیوار پر بھی لکھی ہو تو قبول کر لو (شیخ سعدی رحمہ اللہ)
- قرآن اللہ کی کتاب ہے جس کی تلاوت کر کے ہم اللہ کا قرب حاصل کر سکتے ہیں
- حضور علیہ السلام سے محبت عظمت اور اطاعت تینوں کا ہونا ضروری ہے
- علم نافع، عمل صالح' اِخلاص کامل اور فکر صحیح پیدا ہو جانا ہی سیرۃ کا خلاصہ ہے

- کہہ دیجئے میں اللہ پر ایمان لایا پھر اس پر ثابت قدم رہ
- دل مردہ ہے اس کی زندگی علم اور علم کی زندگی عمل اور اِخلاص ہے
- اے مذاق اڑانے والے جلد تجھے اپنا جواب بھی نظر آ جائے گا
- واقف وغیر واقف کو سلام کرو اور سلام کے ہدیے بھیجو
- علم پیغمبروں کی اور مال فرعون وقارون وکفار کی میراث ہے
- علاج کرنا سنت اور پرہیز کرنا فرض ہے
- جس شخص کی امیدیں جھوٹی ہوں... اس کا عمل بھی درست ہوتا ہے
- غذا سے جسم کو اور قناعت سے روح کو راحت پہنچتی ہے (حضرت جعفر رضی اللہ عنہ)
- گناہ کے بعد دل میں ندامت بھی توبہ کی شاخ ہے
- خواہش نفسانی کو چھوڑنا... مراد حاصل کرنے کا ذریعہ ہے
- عقیدہ صحیح نہ ہو تو عبادت بھی بیکار ہے
- شریر عورتوں سے بالکل بے کنار رہو... اور جو بھلی مانس ہوں ان سے بھی ہوشیار رہو (علی رضی اللہ عنہ)
- میانہ روی نصف روزی ہے اور حسن اَخلاق نصف دین ہے (حضرت جیلانی رحمہ اللہ)
- مصائب کا مقابلہ صبر سے اور نعمتوں کی حفاظت شکر سے کرو
- اے عمل پیدا کرنے والے... اِخلاص پیدا کرو ورنہ فضول مشقت ہے
- جو ضرورت گناہ پر مجبور کرے وہ مردود ہے
- ظاہری حلیہ اصل میں باطن کا آئینہ دار ہے
- تیری غفلت کی علامت... اہل غفلت کے پاس بیٹھنا ہی ہے (حضرت جیلانی رحمہ اللہ)
- مومن اپنے اہل وعیال کو اللہ تعالیٰ پر چھوڑتا ہے اور منافق اپنے درہم ودینار پر
- میزان اعمال کو صدقہ خیرات کے وزن سے بھاری کرو
- کسی کی دشمنی اور کینہ کے خیال میں ایک رات بھی مت گزار (حضرت جیلانی رحمہ اللہ)

- مصیبتوں کو چھپا... اللہ تعالیٰ کا قرب نصیب ہوگا (حضرت جیلانی رحمہ اللہ)
- اللہ والوں کے حالات میں خاص اثر ہوتا ہے جس طرح مقناطیس لوہے کو کھینچتی ہے
- بیٹے اللہ کی نعمت اور بیٹیاں اللہ کی رحمت ہیں
- عبادت سے جنت اور خدمت سے خدا ملتا ہے
- سادہ غذا' ہلکی ورزش' پاکیزہ خیالات... دواؤں سے چھٹکارا' صحت کے کمالات
- عبادت سے جنت اور خدمت سے خدا ملتا ہے
- عیالدار کے اعمال مجاہدین کے اعمال کے ساتھ آسمان پر جاتے ہیں (عثمان رضی اللہ عنہ)
- سب سے بہترین وظیفہ دُعا ہے
- مسلمان کی ذلت اپنے دین سے غفلت میں ہے نہ کہ مفلسی میں
- ظالم مظلوم کی دُنیا بگاڑتا ہے اور اپنی آخرت (شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ)
- ہر وہ عمل جو شریعت کے مطابق ہو ذکر میں داخل ہے اگرچہ خرید و فروخت ہو
- رزق کی فراخی پر شکر نہ ہو اور معاش کی تنگی پر صبر نہ ہو تو یہ فتنہ ہے
- کم بولنا حکمت ہے... کم کھانا صحت ہے... کم سونا عبادت ہے... اور کم ملنا عافیت ہے
- قرآنِ کریم کی تلاوت اللہ کی دوستی کا بہترین ذریعہ ہے
- زندگی کے ہر شعبے کے بارے میں اسلام نے ہمیں مکمل تعلیمات سے نوازا ہے
- ہر نماز زندگی کی آخری نماز سمجھ کر پڑھئے.. سیکھ کر پڑھئے اور سنت کے مطابق پڑھئے
- قبر کے تینوں سوال عقائد سے متعلق ہیں لہٰذا اپنے عقائد کی فکر کیجئے
- ہر بچہ فطرتاً دین اسلام پر پیدا ہوتا ہے والدین اسے یہودی یا نصرانی بنا دیتے ہیں
- اللہ کے حلم پر مغرور نہ ہو... جب وہ پکڑتا ہے تو سخت پکڑتا ہے
- اے اللہ میں ایسے علم سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں جو نفع نہ دے (مفہوم حدیث)
- تسخیر جنات نہیں جانتا۔ تسخیر جنات یعنی اعمال جنات جانتا ہوں (ملفوظ حکیم الامت تھانوی رحمہ اللہ)

- جو شخص اللہ کا ہو گیا اللہ اس کا ہو گیا
- حقوق رسالت، محبت عظمت اور اطاعت مدینہ طیبہ کی محبت ایمان کی علامت ہے
- رزق حلال... طریقہ ونیت بھی حلال ہو تو... برکتیں ہی برکتیں ہوتی ہیں
- حسن خاتمہ یہ ہے کہ مرتے ہوئے بھی اللہ تعالیٰ کیساتھ اچھا گمان ہو (علامہ شعرانی رحمہ اللہ)
- اولیاء اللہ کے ساتھ بدتہذیبی ہلاکت کا باعث ہے (احمد بن عطاء رحمہ اللہ)
- اللہ والوں سے بدگمانی کرنیوالے کا خاتمہ خراب ہوتا ہے (حضرت قرشی رحمہ اللہ)
- اسلام صورت سے زیادہ سیرت کے حسن کی تلقین کرتا ہے
- شیخ سے جس قدر مخلصانہ محبت ہوگی اسی قدر انوار و برکات حاصل ہوں گے
- شیخ کامل کی صحبت کیمیا ہے اس کی نظر دوا اور اس کی بات شفاء ہے (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- ہر زمانہ کے اہل اللہ قوم کے لیے قیمتی اثاثہ ہیں
- نیک عورت... زندگی میں قیمتی متاع ہے
- اے اللہ میں عورتوں کے فتنوں سے آپ کی پناہ چاہتا ہوں
- زیادہ ہنسنا دل کے مردہ ہونے کی علامت ہے
- اولاد کی دینی تربیت کر کے اسے اپنے لیے صدقہ جاریہ بنایا جا سکتا ہے
- دُنیا فانی اور اس کی لذتیں بھی فانی... اللہ باقی اور اس کی نعمتیں بھی باقی
- جب حکومت نااہل کے سپرد کر دی جائے تو قیامت کا انتظار کرو
- اہل قرابت سے صحیح تعاون یہ ہے کہ اہلیت کے مطابق ان سے کام لیا جائے
- جو بندوں کے حقوق ادا کرتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے حقوق بھی ادا کرے گا
- موت سے بڑھ کر کوئی سچی اور امید سے بڑھ کر کوئی جھوٹی چیز نہیں
- عمل کا صحیح ہونا علم کے صحیح ہونے پر منحصر ہے
- اپنے آپ کو خالی تمنا سے بچا کہ وہ بیوقوفوں کی وادی ہے

- جس کو سلامت رہنا اچھا لگے وہ خاموشی کو لازم پکڑے
- تعجب ہے اس شخص پر جو شیطان کو دشمن سمجھتا ہے اور پھر بھی اس کی اطاعت کرتا ہے
- جھگڑوں سے علم کا نور جاتا رہتا ہے اور انسان عملی قوتیں مفلوج ہو جاتی ہیں
- حقیقی علم کی علامت یہ ہے کہ دل میں خدا کا خوف پیدا ہو جائے
- غیر ضروری افکار دل کا ستیاناس کر دیتے ہیں (حضرت تھانوی رحمہ اللہ)
- زندگی بھر کے جتنے بھی کام ہیں اگر ان میں نیت درست ہو جائے تو وہ عبادت بن سکتے ہیں
- راہ سلوک میں اصل وظائف نہیں... بلکہ تہذیب اُخلاق ہے
- ہر شخص کو دُعا کرنی چاہیے کیونکہ دُعا کی قبولیت کے لیے اہلیت شرط نہیں
- طالب دین عمل میں زیادتی کرتا ہے اور طالب دُنیا علم میں (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ)
- بزرگوں کی تعلیمات ان کی مجالس کا بدل ہیں
- دین کی اصل عقل، عقل کی اصل علم اور علم کی اصل صبر ہے (حضرت فضیل رحمہ اللہ)
- ایمان کا مذاکرہ اور نیک اعمال کی ترغیب ایمان کو جلا بخشنے والی چیزیں ہیں
- اپنے اُخلاق اور عادات سنوار لو... ایمان مکمل ہو جائے گا
- رائی برابر ایمان کی برکت سے جنت مل سکتی ہے
- اپنا کھانا ٹھنڈا کر لیا کرو تم کو اس میں برکت ہو گی
- عالم اور عابد کے درمیان ستر درجہ کا فرق ہے
- جمعہ کے روز (اعمال صالحہ پر) نیکیاں بڑھا دی جاتی ہیں
- انسان کے شر کے لیے اتنا کافی ہے کہ وہ مسلمان بھائی کو حقیر جانے
- دو عملوں کی سزا دُنیا میں مل جاتی ہے زنا اور والدین کی نافرمانی
- جب تک دل میں خدا کا خوف پیدا نہیں ہو گا امن کیلئے ساری کاوشیں بے مقصد ہیں
- پہلے اپنی والدہ پھر باپ پھر بھائی پھر بہن سے نیکی کر

- والدین کی خدمت کرنا جہاد کے قائم مقام ہے
- جو عورت اس حال میں فوت ہوئی کہ اس کا خاوند اس پر راضی تھا تو جنتی ہے
- عرب سے بغض رکھنا نفاق (منافقت) ہے
- والدین کی دینداری اولاد کے نیک ہونے میں بڑی موثر ہے
- اللہ تعالیٰ سے کوئی چیز نہیں مانگی گئی جو عافیت کے مانگنے سے زیادہ محبوب ہو
- جس شخص کو دُعا کی توفیق ہوگئی اس کے لیے قبولیت کے دروازے کھل گئے
- اللہ کے بعد سب سے زیادہ حق والدین کا ہے
- والد کی تعظیم زیادہ کرو اور والدہ کی خدمت زیادہ کرو
- ادب کی حقیقت راحت رسانی ہے
- روح کے امراض دور کرنے کے لیے شیخ کامل کی ضرورت ایک فطری چیز ہے
- اگر محبت دُنیا کے سوا ہمارا اور کوئی گناہ بھی نہ ہو تب بھی ہم مستحق دوزخ ہیں (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- دُنیا میں آرام کا خواہاں بے وقوف اور عقل سے دور ہے (یحیٰی برکی رحمہ اللہ)
- نیک عورت اُمور دُنیا سے نہیں بلکہ اسباب آخرت سے ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- کثرت ذکر اور صحبت اولیاء سے انسان کا دل ہر وقت اللہ کی طرف متوجہ رہتا ہے
- اچھی کتب ایسی دوست ہیں جن میں خیر ہی خیر ہے
- اللہ تعالیٰ کو ہر وقت اپنے ساتھ سمجھنا افضل ترین عبادت ہے (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ)
- عمر کی جو مہلت اللہ نے دی ہے اس کے ایک ایک منٹ کی قدر کریں
- میں نے اپنی زندگی میں والدین کی دُعائیں لینے والے شخص کو محروم نہیں دیکھا
- مشورہ کرنے والا شخص کبھی نادم نہیں ہوتا اس لیے ہر معاملہ میں مشورہ ضروری ہے
- علم کیساتھ اگر خوف خدا بھی ہو تو وہ تجھ کو فائدہ بخش ہے ورنہ تیرے لیے نقصان دہ ہے
- علم دل کے لیے باعث زندگی ہے (حضرت سلطان باہو رحمہ اللہ)

- قیامت کے دن مومن کے اعمال نامہ میں خوش اَخلاقی سے زیادہ وزنی کوئی چیز نہ ہوگی
- آپس میں سلام کا رواج عام کرو... محبت بڑھے گی
- تم میرے پاس حسب ونسب لے کر نہ آؤ بلکہ نیک اعمال لے کر آؤ
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے احسانات کا حق ہے کہ بکثرت درود شریف پڑھا جائے
- اپنے کاموں کی تکمیل میں رازداری کی مدد لو
- مومن مسجد میں ایسے ہے جیسے مچھلی پانی میں
- نعمت اسلام کی حقیقی قدر یہ ہے کہ دل وجان سے اس کی تعلیمات کو اپنایا جائے
- غیر اسلامی تہذیب کی طرف مائل ہونا نعمت اسلام کی ناقدری ہے
- مسنون دُعاؤں کی عادت بنایئے اور خود کو اللہ کی حفاظت میں لایئے
- اپنے تمام ضروری معاملات کو لکھ کر رکھنا موت کی تیاری کا حصہ ہے
- اسلام نے عورت کو پردہ کے ذریعے عزت دی ہے اب وہ چاہے تو اس عزت کو قبول کرے یا
- عورت کی بہترین خوبی یہ ہے کہ وہ غیر مرد کو نہ دیکھے اور غیر مرد اسے نہ دیکھیں
- تواضع اور ایثار سے تمام جھگڑے ختم ہو سکتے ہیں (حکیم الامت رحمہ اللہ)
- مجھے کوئی ایسا شخص دکھایا جائے جس نے ٹی وی کے ذریعے اپنی اصلاح کی ہو (مفتی عبدالقادر رحمہ اللہ)
- ٹی وی کے نقصانات کا جائزہ لیجئے اور پھر خود فیصلہ کیجئے کہ یہ آپ کیلئے کس قدر مہلک ہے
- جب تم میں حیا نہ رہے تو جو چاہو کرو
- عورت کے لیے ایمان کے بعد بڑی دولت عفت وعصمت ہے
- فلسفی کہتا ہے کیا پرواہ ہے گر مذہب گیا... میں یہ کہتا ہوں بھائی یہ گیا تو سب گیا (اکبر رحمہ اللہ)
- سب سے بابرکت نکاح وہ ہے جس میں زیادہ آسانی ہو (یعنی تکلفات نہ کیے جائیں)
- اصل بندگی یہ ہے کہ ہر حال میں اللہ کا محتاج رہا جائے (شیخ ابوالفضل سرخسی)
- چھوٹوں کے لیے بڑوں کی صحبت اللہ کی توفیق میں سے ایک توفیق ہے (ابوعبداللہ دینوری)

- موت کو یاد رکھنا تمام بیماریوں کی دوا ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- تیرا عمل تیرے عقائد کی دلیل ہے اور تیرا ظاہر تیرے باطن کی دلیل ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- حیا کی غایت یہ ہے کہ آدمی اپنے آپ سے حیا کرے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- اللہ نے ہر بیماری کی دوا نازل فرمائی
- اِخلاص یہ ہے کہ تو زبان سے جو کہے دل اسکی تصدیق کرے (حضرت عثمان حیری رحمہ اللہ)
- جب کسی باوقار اور خاموش مومن کو دیکھو تو اس کے نزدیک جاؤ کہ وہ بے حکمت نہ ہوگا
- زندگی میں کامیابی کے لیے سادگی ایک فطری اصول ہے
- جسمانی امراض کی طرح روحانی امراض کا علاج بھی فرض ہے (حکیم الامت تھانوی رحمہ اللہ)
- مصائب میں صبر کی توفیق مل جائے تو یہ مصائب بھی رحمت ہیں
- مروجہ پرفتن دور میں انسان بننے کے لیے اہل اللہ کی صحبت نسخہ کیمیا ہے
- قرآن کریم کو ضروری تجوید کے ساتھ پڑھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے
- اسلام کی تعلیمات ہی انسان کو حقیقی انسان بناتی ہیں
- ظاہر اور باطن دونوں کے سنورنے پر انسان کی اصلاح موقوف ہے
- موجودہ دور میں اصلاح کے لیے اہل اللہ کی صحبت فرض عین ہے
- جس شخص کو دُعا کی توفیق ہوگئی اس کے لیے قبولیت کے دروازے کھل گئے
- ہلاکت سے بچنے کے لیے کبھی بھی بڑا بول نہیں بولنا چاہیے کیونکہ یہ اللہ کو پسند نہیں
- اللہ سے قوی تعلق کے لیے قرآن کی تلاوت مجرب نسخہ ہے
- اللہ نے اپنی رحمت کو متوجہ کرنے کے لیے کس قدر آسان اعمال سے نوازا ہے
- ہر نقل وحرکت میں دھیان اللہ کی طرف رہے کسی وقت بھی اللہ تعالیٰ سے غافل نہ ہوں
- اللہ کو ہمارے اچھے برے تمام خیالات کا علم ہے
- نیک بننا فرض ہے اور اس کے لیے تمام گناہوں کو چھوڑنا ضروری ہے

- ہر ہر سانس گوہر بے بہا... فرصت کو غنیمت جان اور آخرت کا سامان کر لے
- مدارس دین کی حفاظت کے قلعے ہیں جن کی محبت ایمان کی علامت ہے
- دُعا کی قبولیت کے لیے قابلیت شرط نہیں اس لیے ہر شخص ہر وقت دُعا گو رہے
- ترک اب ساری فضولیات کر... یوں نہ ضائع اپنے تو اوقات کر
- یہ تیری غفلت ہے بے عقلی بڑی... مسکراتی ہے قضا سر پر کھڑی
- چند روزہ ہے یہ دُنیا کی بہار... دل لگا اس سے نہ غافل زینہار
- میت کے ساتھ حقیقی خیر خواہی یہی ہے کہ اس کے ذمہ فرائض کو ادا کیا جائے
- دُنیا کے چند پیسوں کی خاطر دوسروں کا حق مارنا خود پر ظلم ہے
- باپردہ عورتیں اکثر جسمانی روحانی امراض سے محفوظ رہتی ہیں
- عمر اپنی یوں نہ غفلت میں گزار... ہوشیار اے محوِ غفلت ہوشیار
- دفعتہً سر پر جو آ پہنچے اجل... پھر کہاں تو اور کہاں دار العمل
- خلوص یہ ہے کہ ہر وقت ہر حال میں اللہ پر نظر رہے
- وائے ناکامی متاع کارواں جاتا رہا... کارواں کے دل سے احساس زیاں جاتا رہا
- جھگڑے دین مونڈنے والے ہیں
- عافیت سے بڑھ کر اللہ سے مانگی جانیوالی کوئی چیز نہیں
- اپنے اِخلاص پر نظر ہونا اِخلاص کے نامکمل ہونے کی علامت ہے (حکیم الامت تھانوی رحمہ اللہ)
- ایمان کے بعد عورت کے لیے حیا سے زیادہ قیمتی چیز کوئی نہیں
- اسلام ہی عورت کی عفت کا محافظ اور نگہبان ہے
- نیک بیوی دُنیا کی عظیم ترین دولت ہے
- شریعت میں سب سے آسان کام نکاح کرنا ہے
- سب سے بابرکت نکاح وہ ہے جو کم خرچ ہو

- ایک دن مرنا ہے آخر موت ہے... کرلے جو کرنا ہے آخر موت ہے
- روئے زمین پر سب سے مقدس جگہ مسجد ہے
- مسجد کی صفائی رزق میں فراخی و برکت کا مجرب وظیفہ ہے
- ہر بیماری کا مجرب عمل...صبح کی سنتوں کے بعد 41 مرتبہ سورۃ فاتحہ پانی پر دم کر کے پلائیں
- ہر بیماری جو اللہ سے تعلق مضبوط کرادے وہ رحمت ہے
- دین سارا کا سارا...ادب کا نام ہے
- اصلاح کے لیے اللہ والوں سے تعلق قائم کرنا اس امت کا متواتر عمل ہے
- والدین کے سوا دُنیا کی ہر نعمت کا بدل موجود ہے لہٰذا والدین کی قدر کیجئے
- بیوی کا دل دلیل سے نہیں محبت سے جیتا جاسکتا ہے
- دن میں کوئی وقت مقرر کر کے دین و دُنیا کی تمام حاجتیں اللہ تعالیٰ سے مانگی جائیں
- ہر مصیبت کے بعد راحت اور ہر تنگی کے بعد خوشحالی ہے
- مومن جس قدر بوڑھا ہوتا ہے اس کا ایمان طاقت ور ہوتا ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- ہر شخص... ہر چیز کے لیے... ہر وقت اللہ تعالیٰ کا محتاج ہے
- دل ارادہ کے لیے دماغ تدبیر کے لیے اور ہاتھ عمل کے لیے ہے
- مکمل یقین کے ساتھ اللہ کو جس نام سے پکارا جائے وہی اسم اعظم ہے
- آخرت میں اللہ کا فضل یہ ہے کہ اللہ کی رضا نصیب ہو جائے
- اللہ تعالیٰ سے صحیح روحانی تعلق ہی ہماری تمام پریشانیوں کا حل ہے
- والدین کی نافرمانی وہ گناہ ہے جس کا بدلہ نقد دُنیا میں ہی مل جاتا ہے
- مومن وہ ہے جو نہ کسی کو دھوکہ دے نہ کسی سے دھوکہ کھائے
- اے اللہ مجھے اپنی نظر میں چھوٹا اور لوگوں کی نظر میں بڑا کر دیجئے
- دُنیا میں اللہ کا فضل یہ ہے کہ نیک اعمال کی توفیق نصیب ہو جائے

- شکر گزار مومن عافیت سے قریب تر ہے (حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ)
- گناہ کسی نہ کسی صورت دل کو بے قرار رکھتا ہے (حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)
- ادب تکلفات کا نام نہیں...ادب کی حقیقت راحت رسانی ہے
- آخرت میں اللہ کا فضل اسی شخص پر ہوگا جسے دُنیا میں نیک اعمال کی توفیق مل چکی ہوگی
- کوئی پریشانی ایسی نہیں جو انسانی ہمت وقوت سے بالاتر ہو
- غور وفکر کی دولت ہی انسان کو دیگر مخلوقات سے ممتاز کرتی ہے
- قرآن کریم پڑھیے اس میں فکر وتدبر کیجئے اور اپنی دُنیا وآخرت سنواریئے
- آدمی حق تعالیٰ کی عظمت وجلالت کا تصور کرتا رہے تو دل میں تقویٰ پیدا ہوسکتا ہے
- محبت رسول کا تقاضہ ہے کہ تمام گستاخ ممالک کا مصنوعات کی بائیکاٹ کیا جائے
- ہر چھوٹا بڑا واقعہ اللہ کی قدرت اور انسان کی عاجزی کو آشکارا کرتا ہے
- دین پر چلنے کے لیے جس فہم کی ضرورت ہے وہ اللہ والوں کی محبت سے نصیب ہوتا ہے
- تمام پریشانیوں کا علاج اللہ تعالیٰ کی نافرمانی چھوڑ کر اللہ سے صلح کرلیں
- ماضی سے سبق سیکھئے، مستقبل کی فکر چھوڑیئے اور صرف موجودہ حالت کو سنواریئے
- عبرت ونصیحت کے لیے سابق اقوام کے واقعات تیر بہدف ہیں
- جب تو کمزور کو کچھ نہیں دے سکتا تو اس کے ساتھ مہربانی سے ہی پیش آ (علی رضی اللہ عنہ)
- ہم اپنی تابناک اسلامی تاریخ سے بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں
- وساوس کا علاج یہ ہے کہ پریشان نہ ہوں اور انہیں کوئی اہمیت نہ دیں
- ایثار اور تواضع کے ذریعے تمام جھگڑوں کو ختم کیا جاسکتا ہے
- اللہ تعالیٰ کو انسان کی عاجزی اور تواضع پسند ہے
- غیر مسلموں کی زندگی دیکھنے پر اسلام کی حقانیت ورحمت آشکار ہوتی ہے
- اللہ سے صحیح تعلق ہو تو ہر بیماری اللہ کے قرب کا ذریعہ ہے

- دوا کم اور دُعا زیادہ کیجئے کہ شفا صرف اللہ ہی کی طرف سے ہے
- اپنی تہذیب کو چھوڑنا ذہنی غلامی کی علامت ہے
- اتفاق واتحاد کے بغیر قوم دینی و دُنیاوی ترقی نہیں کرسکتی
- سادگی... پوری زندگی کو پُرسکون بناسکتی ہے
- پردہ عزت کا محافظ ہی نہیں کئی امراض سے بچاؤ کا ذریعہ بھی ہے
- دولتیں مل گئی ہیں آہوں کی... ایسی تیسی میرے گناہوں کی
- علم اللہ تعالیٰ کی صفت ہے جو پاکیزہ روحوں کو عطا کیا جاتا ہے
- عمرہ پر روانگی سے پہلے جسمانی تیاری کے ساتھ ساتھ روحانی تیاری بھی کیجئے
- سفر عمرہ کے لیے روحانی تیاری یہ ہے کہ اپنی زندگی میں دینی انقلاب لایا جائے
- حرمین میں نیکی کا اجر بڑھ جاتا ہے ایسے ہی وہاں گناہ کا وبال بھی زیادہ ہے
- قرآن کریم کی عظمت دل میں آجائے تو بآسانی اس کے حقوق ادا ہوسکتے ہیں
- عمرہ پر روانگی سے پہلے تمام فرائض اور ذمہ داریوں کی فکر کیجئے
- عمرہ پر روانگی سے پہلے اپنے اعمال اور احساسات کا جائزہ لیجئے
- حقیقی عید... اسی شخص کی ہے جس کا رمضان سلامتی سے گزرا
- مصیبت کی برداشت کے لیے صبر اور نماز کا سہارا پکڑو
- ایمان دو نصف ہیں... نصف صبر... نصف شکر
- آپس میں سلام کا رواج عام کرو محبت بڑھے گی
- دین کی بنیاد... عقل پر نہیں... عشق ومحبت پر ہے
- عشق ومحبت پیدا کر... کہ قدرت خداوندی تیری دستگیری کرے
- سفر عمرہ ایسا مبارک سفر ہے جس میں قدم قدم پر آداب محبت سکھائے گئے ہیں
- رمضان میں عمرہ کرنے کا ثواب ایک حج کے برابر ہے

- رمضان میں عمرہ کا ثواب اس حج کے برابر ہے جو میرے ساتھ کیا ہو
- مومن کا چہرہ بشاش رہتا ہے اور دل غمگین
- حکمت کی جڑ خوف خداوندی ہے
- جو شخص اپنے ظالم پر بددعا کرتا ہے وہ اپنا بدلہ لے لیتا ہے
- رمضان المبارک امت محمدیہ کے لیے نعمت عظمیٰ ہے، صرف فکر کی ضرورت ہے
- مختصر وقت میں ڈھیروں اجر و ثواب کمایا جا سکتا ہے، صرف فکر شرط ہے
- برکت... اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمتوں میں سے ایک نعمت ہے
- وعدہ خلافی اور معاملات میں لاپرواہی سے برکت جاتی رہتی ہے
- قرآن کریم کا حفظ بڑی سعادت ہے لیکن اس کا محفوظ رکھنا اور عمل کرنا فرض ہے
- اولاد کی دینی تربیت اور انکے ایمان کی حفاظت انکی جسمانی نشوونما سے زیادہ ضروری ہے
- اپنے آپ کو تمنا سے بچا کہ وہ بے وقوفوں کی وادی ہے
- دُنیا کی محبت سب گناہوں کی جڑ ہے
- ہر کام میں سنت کو اپنا لیا جائے تو کامیابی کی یہی کلید (چابی) ہے
- پیٹ سے بڑھ کر کوئی بدترین برتن نہیں
- اللہ والوں کے قابل رشک حالات پڑھنے سے عمل کی قوت بڑھ جاتی ہے
- رحم رحمٰن سے مشتق ہے جو کوئی اس کو ملائے گا رحمٰن سے ملے گا
- حیا اور ایمان دونوں ساتھی ہیں اگر ان میں سے ایک نعمت جائے تو دوسری بھی چلی جاتی ہے
- جہاں اسباب کی قوت ختم ہوتی ہے وہاں سے خدائی قدرت شروع ہوتی ہے
- اپنے عقائد کی فکر کیجیے کہ قبر کے تینوں سوالوں کا تعلق عقائد سے ہے
- وساوس کا آنا بُرا نہیں... وساوس کا خود لانا اور اس پر عمل کرنا برا ہے
- حقیقی مدرسہ وہ ہے جہاں علم کے ساتھ عمل کی بھی تربیت ہو

- جو قوم اپنا تشخص برقرار نہیں رکھ سکتی وہ کبھی غالب نہیں آسکتی
- صحت نعمت خداوندی ہے جسے امانت سمجھ کر اس کی حفاظت ضروری ہے
- دُعا کی قبولیت کیلئے اہلیت یعنی بزرگ ہونا ضروری نہیں اللہ تعالیٰ سب کی سنتا ہے
- دُعا کی قبولیت کیلئے ضروری ہے کہ عزم رغبت یقین اور پورے ذوق وشوق کیساتھ کرے
- اللہ کا ذکر تمام گناہوں کو مٹا دیتا ہے (حضرت یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ)
- قیامت کے دن قرآن پر عمل کرنے والے کو حکم ہوگا کہ پڑھتا جا اور منزلیں طے کرتا جا
- قرآن ہی ہے جو آج بھی امت مسلمہ میں اتفاق واتحاد پیدا کرسکتا ہے
- اعمال میں کوتاہی قابل معافی ہے لیکن عقائد میں کمزوری ہلاکت کا ذریعہ ہے
- قرآن میں سابقہ قوموں کے واقعات ہمارے لیے درس عبرت ہیں
- ہدایت... اللہ تعالیٰ کا وہ فضل ہے جو ہر کسی کو نہیں ملتا
- قرآن کریم کو پورے آداب سے پڑھا جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ دل پر اثر نہ کرے
- اللہ کا ذکر جسمانی روحانی امراض سے شفا اور پریشانیوں سے چھٹکارے کا ذریعہ ہے
- ناامیدی کو امید میں بدلنے کے لیے اللہ سے صحیح تعلق پیدا کیجئے
- کسی لمحہ بھی اللہ تعالیٰ سے غافل نہ رہو کہ ادھر سے رحمت کی تجلی اور ہم غافل پائے جائیں
- حج میں گناہوں کی مغفرت اور رزق میں برکت کا وعدہ ہے
- ہمارے اسلاف نے تجارت ہی کے ذریعے اسلام کی عالمی تبلیغ کی ہے
- دُنیا بھر میں کوئی خطہ ایسا نہیں جہاں مسلمان تاجروں کے حسن اخلاق کا اثر نہ ہوا ہو
- تنگی اور افلاس پر رضامندی بے حد ثواب کا موجب ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- تیری جوانی تجھے دھوکہ نہ دے یہ عنقریب تجھ سے لے لی جائیگی (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- تم مکان بنانے میں عمر ختم کر رہے ہو جن میں اور لوگ بسیں گے اور حساب تم دو گے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- عقلمند وہ ہے جو دُنیا سے دستبردار ہو جائے اس سے پہلے کہ دُنیا اس سے دستبردار ہو جائے

- کسی کا حق مارنے والا خود کبھی خوشحال نہیں رہتا
- نظر شیطان کے تیروں میں سے ایک تیر ہے
- ہر انسان اپنی قبر اپنے دانتوں سے کھودتا ہے' یعنی بد پرہیزی کرتا ہے
- اللہ تعالیٰ سے راضی ہونے کی دلیل یہ ہے کہ بندہ اسکی تقدیر پر راضی رہے (علی رضی اللہ عنہ)
- انسان کی ہمت وقوت بھی عجیب ہے اور اس کی بے بسی بھی حیران کن ہے
- اے اللہ مجھے میری نظروں میں چھوٹا اور لوگوں کی نظر میں بڑا بنا دیجئے
- حکمت کی باتیں جب... جہاں سے ملیں قبول کرلو
- بچوں کے نام انبیاء علیہم السلام کے ناموں پر رکھو
- بزرگوں کی باتیں اور ان کے واقعات اصلاح کے لیے نسخہ کیمیا ہیں
- ہر شخص دوسروں کے حقوق ادا کرنے کی فکر میں لگ جائے تو جھگڑے ختم ہو جائیں
- عورت کے ذمہ سب سے زیادہ حق اس کے شوہر کا ہے
- حیا اور غیرت... ایمان کا حصہ ہے
- شریعت کی رہنمائی کے بغیر ہر ترقی فتنہ اور اس کا انجام خطرناک ہے
- سفر حج اپنی شان بنانے کے لیے نہیں بلکہ خود کو مٹانے کے لیے ہے
- حج کے اعمال میں قدم قدم پر اصلاح نفس کا اہتمام کیا گیا ہے
- نیک لوگوں کی صحبت سے صرف دین ہی کا نہیں بلکہ دُنیا کا بھی فائدہ ہوتا ہے
- اچھے حکمران چاہتے ہو تو اللہ کو راضی کرنے کی فکر کرو
- نقش قدم نبی کے ہیں جنت کے راستے... اللہ سے ملاتے ہیں سنت کے راستے
- اسوۂ حسنہ کا ہر پہلو ہمارے لیے مشعل راہ ہے
- ہماری عزت اور شان اسلامی تہذیب اور اسلامی معاشرت ہی میں ہے
- سب سے بڑا وظیفہ دُعا ہے جس میں دُنیا کا سوال کرنے پر بھی اجر اور فائدہ ہی فائدہ ہے

- قدم قدم پر مغفرت کا وعدہ اللہ تعالیٰ کی رحمت نہیں تو اور کیا ہے
- جسمانی روحانی امراض کا علاج اللہ تعالیٰ کے مبارک ناموں سے کیجئے
- لوگو! روؤ... رونا نہ آئے تو زبردستی روؤ
- علم ہی کے ذریعے آدم علیہ السلام کو فرشتوں پر برتری دی گئی
- ظاہر اور باطن دونوں کی درستگی سے مسلمان کامل بنتا ہے
- سادگی اور اعتدال اسلام کی تمام تعلیمات کا اہم حصہ ہیں
- ایک دن مرنا ہے آخر موت ہے... کر لے جو کرنا ہے آخر موت ہے
- علم ہی کی وجہ سے انسان دوسری تمام مخلوقات سے اشرف وافضل قرار دیا جاتا ہے
- اللہ تعالیٰ کی نافرمانی دل کے سکون کو زیروزبر کر دیتی ہے
- انسان کا کمال اسی میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سامنے عاجزی اور اظہار عبدیت کرتا رہے
- دُنیا میں ہوں مگر دُنیا کا طلب گار نہیں... بازار سے گزرا ہوں لیکن خریدار نہیں ہوں
- عیدالاضحیٰ کے ایام میں قربانی سے بڑھ کر کوئی عمل نہیں
- متکبرین کو مغلوب کرنے کے لیے استغناء سے بڑھ کر کوئی ہتھیار نہیں
- موجودہ مصائب اگر ہماری اصلاح کا ذریعہ بن جائیں تو یہ مصائب بھی رحمت ہیں
- الدین کلہ ادب... دین... سارا کا سارا ادب ہی ہے... باادب بانصیب
- اللہ تعالیٰ نے اپنی رضا کو والد کی رضامندی میں رکھا ہے
- مسلمان کیلئے یہ بھی کیا کم اعزاز ہے کہ اسے اللہ کا بندہ ہونے کا شرف حاصل ہے
- ہم وہ قوم ہیں جنہیں اللہ نے اسلام سے عزت دی ہے (حضرت عمر رضی اللہ عنہ)
- والدین کی خدمت ایسی نیکی ہے جس کا ثمرہ دُنیا میں بھی ضرور مل جاتا ہے
- زندہ قومیں اپنے حقوق سے غافل نہیں ہوسکتیں
- اسلام نے دوسروں سے حق وصول کرنے کی نہیں بلکہ دوسروں کے حق ادا کرنے کی ترغیب دی ہے

- جو پیمانے شریعت کے ہم نے توڑے... جو لے جا کے سب اہل مغرب نے جوڑے
- ہر ایک سے تواضع کے ساتھ پیش آؤ کبھی جھگڑوں کی نوبت نہ آئے گی
- وضو... شیطان کے شر سے بچنے کے لیے مضبوط ڈھال ہے
- احادیث میں استطاعت کے باوجود حج نہ کرنیوالے کے بارہ میں سخت وعیدیں ہیں
- حج کا ذوق وشوق پیدا ہو جائے تو غیب سے اسباب بن جاتے ہیں
- خود کو ماحول میں ڈھالنے سے بہتر ہے کہ ماحول کو اسلامی طریقہ پر ڈھال لیا جائے
- یک زمانہ صحبت با اولیاء... بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا
- اگر دو مسلمان آپس میں جھگڑا کریں تو تم ان میں صلح کرا دو (القرآن)
- نماز سیکھئے... سب سے اول روز محشر اسی کا سوال ہوگا
- انسانیت کا کمال یہی ہے کہ بندہ اللہ سے ڈرے اور مخلوق خدا اسکی اذیت سے محفوظ رہے
- دین کو باقاعدہ سیکھئے کہ اس سے دُنیا پرسکون بن جائے گی
- اللہ کا خوب حکمت کی بنیاد ہے
- اللہ تعالیٰ کے مبارک ننانوے ناموں کو یاد کرنے پر جنت کی بشارت ہے
- خوف خداوندی سے نکلا ہوا آنسو کا ایک قطرہ آتش دوزخ کو بجھا سکتا ہے
- والد کی بہترین خیر خواہی... اولاد کی دینی تعلیم وتربیت ہے
- توبہ کے غسل سے اپنے دامن کو گناہوں سے دھو ڈالیے
- حقیقی نماز وہی ہے جس میں اول تا آخر دل کی توجہ رہے اگر ہٹ جائے تو دوبارہ تازہ کرلے
- شریعت کے تین جزو ہیں علم، عمل اور اِخلاص (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- ہر شخص اپنے ایمان ویقین کے مطابق آزمایا جاتا ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- ہر پریشانی سے بچنے کے لیے مسنون درود شریف کا ورد مجرب ہے
- عقائد کی درستگی ہی نیک اعمال کی قبولیت کا ذریعہ ہے لہٰذا اپنے عقائد کی فکر کیجئے

- شریعت جس کام کا حکم کرتی ہے اس کے مکمل احکام وآداب بھی بتاتی ہے
- تدریس کے ذریعے علم کی اشاعت اسی امت کا خاصہ ہے
- تکبر ذلت کا...تواضع عزت کا راستہ ہے
- اللہ سے تعلق صحیح ہو...تو کوئی مشکل نہیں
- اللہ کا قرب چاہتے ہو تو اللہ والوں کی خدمت میں رہو
- بہترین وراثت اولاد کی دینی تربیت ہے جسے زوال نہیں
- مادی جائیداد سے بہتر ہے کہ اولاد کو نیک بنایا جائے
- اللہ تعالیٰ کی رحمت ہر وقت ہر بندہ کی طرف متوجہ ہے
- حقیقی علم...جو دل میں خوف خداوندی پیدا کردے
- موجودہ حالات ہماری بداعمالیوں ہی کا نتیجہ نہیں تو اور کیا ہیں
- میدان جنگ کے بعد سب سے زیادہ ظلم عدالتوں میں ہوا ہے (ابوالکلام آزاد)
- امت مسلمہ کی دینی ونظریاتی رہنمائی اہل علم کے ذمہ ہے
- گناہوں سے توبہ کرنے والا ایسا ہے کہ گویا اس نے گناہ کیا ہی نہیں (مفہوم حدیث)
- تقویٰ یہ ہے کہ قیامت کے دن تیرا کوئی گریبان نہ پکڑے
- اعتدال کے ساتھ کھایا پیا جائے تو ہر حلال غذا نعمت ہے
- تعجب ہے اس پر جو حساب کو حق جانتا ہے اور پھر بھی مال جمع کرتا ہے یعنی ناجائز طریقے سے
- والدین کی نافرمانی کی سزا نقد دنیا ہی میں دیدی جاتی ہے
- تندرستی ہزار نعمت ہے جس کی قدر نہایت ضروری ہے
- قرآن...درس انقلاب ہے جس پر عمل پیرا ہو کر دنیا وآخرت کی فلاح پائی جاسکتی ہے
- سودی بنکاری نظام نے مال کی خیر و برکت کو ختم کر کے رکھ دیا ہے
- مومن کے توبہ کرنے سے اللہ تعالیٰ کو بے حد خوشی ہوتی ہے لہٰذا ہر وقت توبہ کرتے رہیں

- اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام مبارک ہیں جو کوئی ان کو یاد کر لے جنت میں داخل ہوگا
- جس پر نصیحت کا اثر نہ ہو وہ جانے کہ میرا دل ایمان سے خالی ہے (ابوبکر رضی اللہ عنہ)
- یادِ الٰہی سے غافل رہنے کا نام دُنیا ہے (حضرت سلطان باہو رحمہ اللہ)
- اے اللہ! تمام دُنیا و آخرت کی آزمائشوں سے آپ کی پناہ مانگتے ہیں
- تواضع یہ ہے کہ تو جسے بھی دیکھے اپنے سے افضل سمجھے (حضرت حسن بصری رحمہ اللہ)
- متکبر معرفت کی خوشبو نہ سونگھ سکے گا (حضرت بایزید بسطامی رحمہ اللہ)
- اعمال صالحہ کی تعمیر سے پہلے عقائد کی درستگی سے بنیاد درست کیجئے
- جنت کی سب سے بڑی نعمت... دیدار خداوندی ہے
- دُنیاوی قانون میں کمی بیشی کا تصور نہیں تو مذہب میں کیوں؟
- اسلام مکمل اور جامع نظام حیات ہے
- اللہ تعالیٰ کی محبت چاہتے ہو تو اس کی نافرمانی چھوڑ دو کفار پر سب سے زیادہ گراں مسلمانوں کا متحد ہونا ہے اور ان کی ساری کوششیں اسی محاذ پر ہیں
- جنت میں اللہ تعالیٰ اپنے دیدار سے مشرف فرمائیں گے
- اللہ تعالیٰ کا محبوب بننے کا نسخہ... اتباع سنت
- جو اپنا دل اللہ تعالیٰ کو دے دیتے ہیں حقیقت میں وہی اہل دل ہیں والدین کی ذمہ داری ہے کہ اولاد کی دینی و اَخلاقی تربیت کریں
- حقیقی مومنین کے ساتھ خدائی نصرت کا وعدہ ہے
- دوسروں کی غفلت پر اپنی ذمہ داریوں سے سبک دوش ہونا عقلمندی نہیں
- ماں کا ایک آنسو سخت سے سخت دل کو موم کر دیتا ہے
- دین کی سمجھ کے لیے اللہ والوں کی صحبت ضروری ہے
- علاج کریں... مگر زیادہ توجہ صدقہ و خیرات اور دُعا کی طرف کریں

- اللہ تعالیٰ کسی بندہ کو ایسی تکلیف میں مبتلا نہیں کرتے جس کی وہ طاقت نہ رکھتا ہو
- اللہ تعالیٰ سے سوال کرنے میں عزت اور لوگوں سے سوال کرنے میں ذلت ہے
- عورت کی پیدائش ٹیڑھی پسلی سے ہے اگر اس کو سیدھا کرو گے تو ٹوٹ جائے گی
- بہترین عورت وہ ہے جس کو دیکھ کر شوہر کا دل خوش ہو جائے
- دین کا علم دینی کتب سے اور دین کا فہم اللہ والوں کی صحبت سے آتا ہے
- اسلامی سال کی ابتداء وانتہا قربانی پر ہے جس میں ہمارے لیے بڑا سبق ہے
- خلاف شریعت اعمال دُنیا میں اکارت اور آخرت میں بھی وبال ہیں
- اچھی کتاب... نیک صحبت کا بہترین بدل ہے
- حرام چیزوں اور حرام باتوں سے بچتے رہو تو تمہاری دُعائیں قبول ہوں گی
- نیک لوگوں کی صحبت موجودہ دور میں فرض ہے جس میں دین ودُنیا کا فائدہ ہے
- یہ نظام دھر اَب تبدیل ہونا چاہئے... اس کی اب توحید پر تشکیل ہونا چاہئے
- یہ ہے ناقص اس کی اب تکمیل ہونا چاہئے... جاھذد اوفی اللہ کی تعمیل ہونا چاہئے
- قیامت میں میرے زیادہ قریب مجھ پر کثرت سے درود بھیجنے والا ہوگا
- اپنے عقائد واعمال درست کیے بغیر کامل مسلمان نہیں بنا جاسکتا
- کائنات کی سب سے قیمتی دولت قرآن پاک ہے
- تعلیم قرآن کے ساتھ ضروری دینی مسائل سکھانا بھی طلباء کا حق ہے
- آخرت میں اللہ تعالیٰ کی رحمت اپنے پورے کمال سے ظاہر ہوگی
- اللہ تعالیٰ کا ہر مبارک نام اپنے اندر بے پناہ خصوصیات رکھتا ہے... یقین پیدا کیجئے
- اچھی بات سن کر عمل کرو... یہ نہ دیکھو کہ کہنے والا کون ہے
- اللہ تعالیٰ کا محبوب بننے کا آسان راستہ... زندگی سنت کے مطابق کرلو
- زبان کا جرم یعنی حجم چھوٹا سا ہے لیکن اس کا جرم بہت زیادہ ہے (عربی کہاوت)

- محبت... عقیدت اور اطاعت یہ تینوں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حقوق ہیں
- خوف خداوندی سے نکلا ہوا ایک آنسو... آتش دوزخ کو بجھا دیتا ہے
- میں تو اکیلا ہی چلا تھا جانب منزل... لوگ ملتے گئے کارواں بنتا گیا
- اللہ تعالیٰ پر یقین کامل ہر مشکل کے لیے نسخہ نجات ہے
- دُنیا و آخرت کی تمام نعمتوں کا سردار ایمان ہے
- اللہ والوں کی باتیں براہ راست دل پر اثر کرتی ہیں
- موجودہ دور میں دین کی بقا کے لیے مدارس کا وجود بڑی نعمت ہے
- اے انسان! اپنی آنکھ و زبان کو غلط استعمال کر کے غضب خداوندی کو دعوت نہ دے
- ضروری باتوں کی وصیت لکھ کر رکھنا موت کی تیاری کا حصہ ہے
- اولاد کے ساتھ بہترین خیر خواہی ان کی دینی تربیت کرنا ہے
- پڑی جب اپنے عیبوں پہ نظر... تو دُنیا میں کوئی برا نہ رہا
- ندامت کے دو آنسو... بڑے بڑے گناہوں کو بہا لے جاتے ہیں
- معاشرہ کے ہر فرد کو اس کا واجبی حق صرف اسلام ہی دے سکتا ہے
- حیا... عورت کا اصلی زیور اور اس کے ایمان کی قوت ہے
- سب سے اہم وظیفہ دُعا ہے جس کی قبولیت کے لیئے اہلیت شرط نہیں
- آپس میں تحفہ بھیجا کرو کہ تحفہ دل کی کدورت کو دور کرتا ہے
- آدمی کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ بے فائدہ اُمور کو چھوڑ دے

اللہ تعالیٰ آدمی کی آخری عمر میں خاص رحم کا معاملہ فرماتے ہیں

- جس شخص کی امیدیں چھوٹی ہوں اسکے عمل بھی درست ہوتے ہیں (علی رضی اللہ عنہ)
- بہر غفلت یہ تری ہستی نہیں... دیکھ جنت اس قدر سستی نہیں
- نعمت ملنے پر شکر اور پریشانی میں صبر... دونوں ذریعہ جنت

- روزِ محشر صبر کرنے والوں کو بے حساب اجر وثواب دیا جائے گا
- محاسبہ کی عادت بنایئے... اس سے پہلے کہ آپ کا محاسبہ کیا جائے
- حقیقی عشق نبوی صلی اللہ علیہ وسلم... دعویٰ نہیں بلکہ کامل اتباع کا نام ہے
- توبہ میں دیر نہ کریں کسی لمحہ بھی رحمت خداوندی سے مایوسی نہ ہونی چاہیے
- تمام پریشانیوں کا حل... اللہ تعالیٰ سے صحیح تعلق پیدا ہو جائے
- محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بغیر ایمان نامکمل ہے جو قابل قبول نہیں
- خود کو کسی اللہ والے کے سپرد کر دینا... اصلاح کے لیے اکسیر ہے
- صحابہ کرام سے بڑھ کر کوئی محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مظاہرہ نہیں کر سکتا
- عاملوں کے بجائے... مناسب دوا کے ساتھ دُعا اور قرآنی علاج
- حق محبت یہی ہے کہ ہر وقت محبوب کے مبارک اعمال کا ذکر کیا جائے
- سنت کے مطابق معمولی عمل ہزاروں نوافل پر بھاری ہے (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- اللہ کا محبوب بننے کا آسان طریقہ ہر عمل سنت کے مطابق ادا کیا جائے
- سنت کا نور بدُعات کے اندھیروں کو ختم کر دیتا ہے
- حقیقی عاشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم... اپنے عمل سے محبت کا اظہار کرتا ہے
- محبت کا حق یہی ہے کہ ہمہ وقت محبوب کی ناراضگی سے بچا جائے
- جس قدر سنت کی پیروی ہوگی... اتنی ہی گمراہی سے حفاظت رہے گی
- اسلامی احکام کی توہین اور مزاح سے... ایمان جاتے رہنے کا اندیشہ ہے
- صدقہ سے بیماری ٹلتی ہے... پرہیز فرض ہے... علاج سنت ہے
- توجہ... دُنیاوی چیزوں میں ترقی... لیکن اسلامی تعلیمات سے دوری کیوں؟
- زندگی کا ہر لمحہ نہایت قیمتی ہے... جس کا صحیح اندازہ آخرت میں ہوگا
- جنت... ماں کے قدموں تلے ہے... لہٰذا ماں کو راضی کرنے کی فکر کرو

◄ زمینیں منتقل ہوتی رہیں... مالکان... دُنیا سے انتقال کر گئے

◄ میراث کی تقسیم مرض فرض ہے... جس میں تاخیر یا کسی وارث کو محروم رکھنا جائز نہیں

◄ والدین کی طرف سے اولاد کے لیے بہترین عطیہ... ادب کی تعلیم ہے

◄ اسلام نے مال کی بنیاد... جمع پر نہیں... بلکہ تقسیم پر رکھی ہے

◄ دُنیا... امتحان کا گھر ہے... یہی سوچئے... زندگی پُرسکون بسر ہوگی

◄ حدیث حسنِ ظن (اچھا گمان) حسن عبادت میں سے ہے (ابوداؤد)

◄ عبادات کا قبلہ... بیت اللہ... اعمال کا قبلہ... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

◄ مجھ پر بکثرت درود پڑھنے والے قیامت میں میرے قریب ہونگے

◄ مومنین کے ساتھ روز محشر اللہ تعالیٰ اپنی کمال رحمت کا معاملہ فرمائیں گے

◄ ہر پریشانی کا حل صرف اور صرف یہی ہے... کہ اللہ تعالیٰ کو راضی کرلو

◄ دُعا کی قبولیت کیلئے اہلیت شرط نہیں اس لیے ہر شخص ہر وقت دُعاؤں میں لگا رہے

◄ حقیقی علم وہی ہے جو دُنیا... قبر... حشر... اور جنت تک کارآمد رہے

◄ اللہ والوں کی باتیں دین کا صحیح فہم پیدا کرنے میں مجرب ہیں

◄ حدیث: دُنیا کافر کے لیے جنت... اور مومن کے لیے قید خانہ ہے

◄ حدیث: اللہ تعالیٰ کے نزدیک دُعا سے زیادہ عزت والی کوئی چیز نہیں (ترمذی)

◄ حدیث: اپنی حاجتیں اللہ سے مانگو یہاں تک کہ نمک بھی (علامہ سیوطی)

◄ اللہ کی نافرمانی چھوڑ دو... اور کثرت سے استغفار کرو... کوئی پریشانی نہ رہے گی

◄ اِخلاص سے کیا جانے والا چھوٹا سا عمل بھی مغفرت کا سبب بن سکتا ہے

◄ حدیث: بیشک رزق بندے کو ایسے تلاش کرتا ہے جیسے اس کی موت (صحیح ابن حبان)

◄ جب تمہیں اپنے اچھے عمل پر خوشی اور برے عمل پر رنج ہو تو یہ مومن ہونیکی علامت ہے

◄ تمام گناہوں کی جڑ تکبر اور حسد ہے... اس لئے اس کا باقاعدہ روحانی علاج کروائیں

- دورانِ علم... تقویٰ پیدا ہو رہا ہے تو سمجھو... تمہارا سفر... جانب منزل ہے
- ماں کی خدمت اور والد کی تعظیم زیادہ کرو
- مسلمان کی ترقی ایمان اور اعمال صالحہ سے وابستہ ہے
- حقیقی ترقی وہی ہے جو دُنیا و آخرت دونوں میں کامیابی سے ہمکنار کرے
- اگر لباس ستر کو چھپانے کا کام نہیں کر رہا تو کیا یہ لباس ہے؟
- شریعت میں سب سے آسان عمل... نکاح ہے جس کو خود مشکل بنالیا گیا ہے
- اذان سن کر اس کا مسنون جواب دینے والے کے لیے جنت کی بشارت ہے
- علماء سے بدگمان ہونے سے بچو کہ وہ بھی تمہاری طرح کے انسان ہیں
- علماء کے حق میں دُعا کرو... عالم بے عمل بھی قابل احترام ہے
- اَسلاف اور علماء سے کنارہ کشی... تمام گمراہیوں کی بنیاد ہے
- اعمال کی قبولیت... عقائد کی درستگی پر ہے... لہٰذا اپنے عقائد کا جائزہ لیجئے
- ہر وقت خود کو گناہگار... دُنیادار... کہنے سے بزرگوں نے منع فرمایا ہے
- زندگی کا بھروسہ نہیں... اس لیے اعمال خیر میں' تاخیر نہ کیجئے
- اللہ تعالیٰ سے قوی تعلق ہی دُنیا و آخرت میں کامیابی کا واحد حل ہے
- جو شخص خواہ مخواہ اپنے آپ کو محتاج بناتا ہے وہ محتاج ہی رہتا ہے
- عادت پر غالب آنا کمال کی فضیلت ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- موت سے بڑھ کر کوئی سچی اور امید سے بڑھ کر کوئی جھوٹی چیز نہیں
- اسلام کے تین بنیادی عقائد... وحدانیت... رسالت... آخرت
- اہل اللہ امت کے معالج ہیں جن کے تجویز فرمودہ اصلاحی نسخے... نہایت مجرب ہیں
- جب زبان اصلاح پذیر ہو جاتی ہے تو دل بھی صالح ہو جاتا ہے
- اَسلاف کے متواتر طریقہ سے ہٹ کر قرآن پر ریسرچ تو کی جاسکتی ہے لیکن ہدایت نہیں مل سکتی

- اپنی اصلاح فرض ہے... جو اہل اللہ کی صحبت کے بغیر نہیں ہوتی
- اسلامی تعلیمات سراپا رحمت ہی رحمت ہیں اور سکون بھی اسی میں ہے
- اے اللہ ہمیں یہود و نصاریٰ کی تہذیب سے محفوظ فرما آمین
- عقل مند ہمیشہ غم و فکر میں مبتلا رہتا ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- مخلوق کی محبت ان کی خیر خواہی کرنا ہے... ادب کی حقیقت راحت رسانی ہے
- وحی کی روشنی کے بغیر... عقل انسان کو گمراہ کرتی رہے گی
- مغربی طرز معاشرت دُنیا میں خدائی عذاب ہے جس کے چھٹکارہ سے عقل عاجز ہے
- ہدایت کے لیے عقل کافی ہوتی تو انبیاء علیہم السلام کی بعثت نہ ہوتی
- وہ مصیبت جس میں ثواب کی امید ہو اس نعمت سے اچھی ہے جس کا شکر ادا نہ ہو
- آپس میں سلام کا رواج عام کرو محبت بڑھے گی
- اللہ تعالیٰ کی محبت یہ ہے کہ دُنیا و آخرت ہر دو کو دوست نہ رکھے (بایزید بسطامی)
- شریعت میں سب سے آسان عمل نکاح ہے جسے ہم نے ایک مشکل ترین بنالیا ہے
- سیرت ہمیشہ کارآمد اور صورت ہمیشہ باعث فتنہ ہے
- ختم نبوت کی حفاظت ہر صاحب ایمان کے ذمہ فرض ہے
- اس امت کا ہر ہر فرد دین کی تبلیغ و ترویج کا مکلف ہے اور یہ کام اسکی زندگی کا مقصد ہے
- پریشانی میں پریشان ہونا... بڑی پریشانی کی بات ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- خامیوں کا احساس... کامیابی کی کنجی ہے (بقراط)
- سب سے بڑی فتح اپنے آپ کو فتح کرنا ہے (امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ)
- اللہ کی نافرمانی ہر حال میں طبیعت کو پریشان رکھتی ہے
- اقرار جرم مجرم کیلئے بہت اچھا سفارشی ہے
- گلے اور شکوے سے زبان بند رکھو راحت نصیب ہوگی (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ)

- اپنے اعضاء کو حرام سے بچاؤ...تب قرآن کریم کی برکات ظاہر ہوں گی
- قرآن سے ہدایت انہی لوگوں کو ملتی ہے...جو طالب بن کر پڑھیں
- اے شخص نیکی کر...اس سے پہلے کہ صدا آئے کہ فلاں نہ رہا (شیخ سعدی رحمہ اللہ)
- دینی احکام کی بنیاد...ٹھوس دلائل پر ہے...عقل پر نہیں
- سب سے بڑا گناہ...وہ ہے جو کرنیوالے کی نظر میں چھوٹا ہو
- کمزور موقعوں کی تلاش میں رہتے ہیں باہمت انسان خود مواقع پیدا کرتے ہیں
- بے کار انسان مردہ سے بھی بدتر ہے...کیونکہ مردہ کم جگہ گھیرتا ہے
- زندگی کا مقصد...خوشی حاصل کرنا نہیں...بلکہ انسانیت کی تکمیل ہے
- گناہ سے بچنے کی کوشش...جتنی زیادہ ہوگی...تقویٰ اتنا ہی زیادہ ہوگا
- انسان کو مستقبل کا علم نہ دینا...اللہ کی رحمت ہے
- اللہ تعالیٰ کا ایسا خوف بے فائدہ ہے جو گناہ سے بچنے میں رکاوٹ نہ بنے
- اہل علم نے ہر دور میں عوام کی بے لوث دینی خدمات سرانجام دی ہیں
- برا آدمی کسی کے ساتھ نیک گمان نہیں رکھتا...کیونکہ وہ ہر ایک کو اپنے جیسا خیال کرتا ہے
- بدصورت چہرہ...بدصورت دماغ...سے زیادہ بہتر ہے
- طعنہ زنی...زخم کی طرح ہے...جس کے بھرنے کے بعد بھی نشان باقی رہتا ہے
- ہمت...فتح کا پہلا دروازہ ہے...جس کے بغیر زندگی بے کار ہے
- علم پر عمل کرنا...سب سے زیادہ مشکل کام ہے...لیکن یہی اصل کام ہے
- کافر سے محبت نہ کرو...جاہل کی صحبت سے بچو
- وقت...ایسا انمول ہیرا ہے...کہ اسے کھو کر پانا...ناممکن ہے
- انسان عمل نہ کرے...اور امیدیں باندھے...تو یہ امیدیں بے فائدہ ہیں
- عورت...اپنا راج چاہتی ہے...تو شوہر کی...وفادار رہے

- زبان کی لغزش... پاؤں کی لغزش... سے زیادہ... خطرناک ہے
- روزی کمانا منع نہیں... دُنیا کی محبت منع ہے
- عبادت کو کامل نہ سمجھو... کہ ناز کرنے لگو نہ ناقص سمجھو... کہ بے کار سمجھنے لگو
- ہر اچھا کام پہلے ناممکن محسوس ہوتا ہے... لیکن شروع کرنے کے بعد آسانی ہو جاتی ہے
- اگر کمال انسانیت چاہتے ہو... تو کسی اللہ والے کی جوتیوں میں پڑ جاؤ
- میانہ روی بہترین معیشت ہے... جو کامیاب زندگی کا... فطری اصول ہے
- معاشرہ میں برائی... ایک دم سے نہیں... بلکہ آہستہ آہستہ... رائج ہوتی ہے
- خدمت سے لوگوں کا دل جیت کر... سب کچھ حاصل کیا جا سکتا ہے
- جہاد... قیامت تک جاری رہے گا
- دُنیا عجائبات کا گھر ہے... جس میں عبرت ونصیحت کا سامان سجایا گیا ہے
- اعمال کے فضائل سننے اور پڑھنے سے عملی قوت متحرک ہوتی ہے
- اللہ تعالیٰ کے خوف سے رونا اس کی رحمت کی کنجی ہے
- اللہ تعالیٰ کی یاد میں مصروف رہو کہ یہ سب ذکروں سے اچھا اور بہتر ذکر ہے
- ہلاکت میں ڈالنے والے گناہ اور اللہ کو ناراض کرنے والے عیب سے بچو
- کم گوئی اختیار کر کہ تو ملامت سے بچا رہے
- تقویٰ کا ظاہر... دُنیا کی شرافت اور اس کا باطن... آخرت کی عزت ہے
- نعمت کا شکر بجالاؤ... تا کہ نعمت میں ترقی ہو
- ہماری کوئی مجلس حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر خیر سے خالی نہ رہے
- حفاظت نظر ہی سے... دل پاک اور پُرسکون رہ سکتا ہے
- کسی کو حقارت کی نظر سے دیکھنا بھی... بدنظری ہے
- اپنی زبان کو اس طرح محفوظ رکھ... جیسا تو اپنے سونے چاندی کو محفوظ رکھتا ہے

- عالم... مُردوں کے درمیان زندہ اور جاہل... زندوں کے درمیان مردہ ہے
- ہر ایک ایسی چیز سے بچو.... جو دُنیا سنوارتی اور آخرت بگاڑتی ہے
- پرہیزگار اور دینداروں کی صحبت میں حاضر رہ... تاکہ سلامتی حاصل ہو
- دُنیا سے بے رغبت ہو جا اللہ تعالیٰ اس کی برائیاں تجھ پر ظاہر کر دے گا
- بہترین کلام وہ ہے جس سے سننے والے کو ملال اور اس کا بوجھ نہ ہو
- گناہ پر خوش ہونا گناہ کرنے سے زیادہ برا ہے
- جلد بازی سے پرہیز کر' کہ آدمی اس میں ضرور لغزش کھاتا ہے
- بخل سے پرہیز کر' کہ یہ مسکینی کی چادر اور ہر طرح کے کمینہ پن کی باگ ہے
- نیک لوگوں کی صحبت اختیار کر... تاکہ تیرا شمار بھی انہی میں ہو
- شریعت کے تمام احکام روح کی غذا ہیں اصل کیمیا گری آخرت کی فکر پیدا ہو جانا ہے
- گھڑیاں اور پل عمریں کاٹتے اور موت سے نزدیک کرتے ہیں
- اپنے نفس کو... ہر ایک بری و کمینہ بات سے بچائے رکھ
- عقل مند وہ ہے... جو اپنے کام اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیتا ہے
- فضول جھگڑا دُنیا اور آخرت میں سب چیزوں سے زیادہ نقصان دہ ہے
- بے وفائی بہت بڑا گناہ ہے اور یہ آدمی کی قدر گھٹا دیتی ہے
- ہوشیار وہ ہے جو غصہ کے غلبہ میں کسی سے بدلہ نہ لے
- اپنی تمام کوشش اور فکر... آخرت کی طرف متوجہ کر... تاکہ ہمیشہ کی سعادت ملے
- اپنی عقلوں کو ناقص سمجھتے رہو کہ عقل پر بھروسہ کرنے سے ضرور غلطی ہوگی
- جس شخص کی زبان اس پر حکمران ہو تو وہی اس کی ہلاکت اور موت کا فیصلہ کرتی ہے
- مرحومین کو ثواب پہنچانا ان کا حق ہے جس کا اہتمام لازم ہے
- ہر چیز کو اس کی حدود میں رہتے ہوئے استعمال کرنا عقل مندی ہے

- چغل خوری معاشرہ سے محبت کو ختم کر دیتی ہے
- اللہ کی توفیق کے بغیر ہدایت نہیں اور مانگے بغیر توفیق بھی نہیں ملتی
- جو ایمان رکھتا ہے کہ آخرت دُنیا سے بہتر ہے... وہ سب احتیاطیں کر سکتا ہے
- سود کا پیسہ چاہے کتنا کیوں نہ ہو جائے اس کا انجام تنگ دستی ہے
- ولی اللہ بننے کا آسان طریقہ... تمام گناہوں کو چھوڑنا
- جس نے دُنیا کو جس قدر پہچانا اسی قدر بے رغبت ہوا
- اللہ تعالیٰ کے سب نام بزرگ ہیں لیکن بندہ کا سب سے بزرگ نام نیستی (عاجزی) ہے
- حقیقی عید... اسی شخص کی ہے جس کا رمضان سلامتی سے گزرا
- ادب بہتر کمالات... اور خیرات... افضل ترین عبادات سے ہے
- موت کو یاد رکھنا نفس کی تمام بیماریوں کی دوا ہے
- عقائد بنیادی چیز ہیں... ان کی درستگی کی فکر کیجئے
- اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے قرض طلب کرتا ہے اور اسکے قاصد سائل لوگ ہیں
- موت ایک بے خبر ساتھی ہے... کسی لمحہ بے فکر نہ رہیے
- اللہ کی دوستی اس شخص کے دل میں نہیں... جس کو مخلوق پر شفقت نہیں
- اللہ والوں کی ایک لمحہ کی صحبت دل کی دُنیا بدل دیتی ہے
- مخلوق سے تکلیف دور کر کے خود اٹھا لینا حقیقی سخاوت ہے
- زبان کی لغزش پاؤں کی لغزش سے بہت زیاہ خطرناک ہے
- اپنا بوجھ مخلوق میں سے کسی پر نہ رکھ... خواہ کم ہو یا زیادہ
- علم میں شرم محسوس مت کرو... شرم جہالت سے بہتر ہے
- فارغ نہ رہیے... بے کاری میں عشق بازی یاد آتی ہے
- کتنی ہی چھوٹی ہو نیکی تو اسے ہلکی نہ جان... رب کو بخشش کے لیے بہانہ چاہیے

- دل کو خدا نے اپنی محبت سے بھر دیا... تسبیح کو زبان دی سجدہ کو سر دیا
- بدکاروں کی صحبت سے دور رہ کہ برائی برائی سے جلد مل جاتی ہے
- دُنیا... وہ ہر کام ہے جس سے آخرت مقصود نہ ہو
- عورتوں کو سونے کی سرخی اور زعفران کی زردی نے ہلاک کر رکھا ہے (ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ)
- کسی بھی لمحے اللہ والوں کی صحبت سے مستغنی نہیں ہوا جا سکتا
- صحت کا راز بھوک چھوڑ کر کھانا ہے
- جسمانی امراض سے زیادہ روحانی امراض خطرناک ہیں ان کی بھی فکر کیجئے
- بہترین عمل دوسروں کو دینا ہے... نہ کہ دوسروں سے لینا
- دُنیا کی اصل عقل... عقل کی اصل علم اور علم کی اصل صبر ہے
- قرآن بیمار دلوں کے لیے نسخہ شفا ہے... جس کی تاثیر اعمال صالحہ سے ہے
- تلاوت قرآن کیا ہے گویا اللہ سے ہم کلامی کا شرف حاصل کرنا ہے
- اللہ والوں کے قابل رشک حالات پڑھنے سے عمل کی قوت بڑھ جاتی ہے
- دُنیا کو ضرورت اور راحت کی حد تک مختصر رکھنے میں عافیت ہے
- آپس میں تحفہ بھیجا کرو کہ تحفہ دل کی کدورت کو دور کرتا ہے
- تہمت کی جگہ سے دور رہ... کسی کو اپنی نسبت بدگمانی میں نہ ڈال
- اگر بندہ اپنی ہر خطا پر ایک کنکر اپنے گھر میں ڈال دیا کرے تو تھوڑے ہی دنوں میں بھر جائیگا
- جو شخص اللہ سے ڈرتا ہے وہ بدلہ نہیں لیتا
- بندے کیلئے دُنیا میں اللہ کا سخت ترین عذاب غیر مقسوم (جو مقدر میں) نہیں کا طلب کرنا ہے
- آدمی کو اتنی ہی برائی کافی ہے... کہ وہ مسلمان بھائی کو حقیر سمجھے
- جب کوئی تم کو دُعا دے... تو تم بھی دُعا دو... اس سے بہتر... یا وہی
- کسی سے بدلہ لینے میں جلدی نہ کرو... اور کسی کے ساتھ نیکی کرنے میں دیر نہ کرو

- ایسی نعمت کسی کو بھی نہیں ملی جو صبر سے بہتر اور بڑی ہے (حدیث شریف)
- مرد بغیر عورت کے مسکین ہے اور عورت بغیر مرد کے مسکینہ ہے خواہ وہ مالدار ہی کیوں نہ ہو
- اگر تمہارا کھانا... حسب خواہش نہ ہو... تو اس کو برا نہ کہو
- اگر دل پاک ہے... تو جسم پاک ہے... اگر دل پاک نہیں تو جسم میں فساد ہوگا
- بیگانوں سے نیکی کرنا... عمر دراز... اور رزق فراخ کرتا ہے
- جو خدا تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے اسے کہہ دو کہ پڑوسی کا احترام کرے
- احوال پرسی کرنا... اور پھر غم خواری نہ کرنا... منافقت کی دلیل ہے
- اپنے آپ کو غیبت سے بچاؤ... یعنی ایسا کام نہ کرو کہ لوگ تمہاری غیبت کریں
- ایماندار شخص وہ ہے... جس سے لوگ اپنے مال اور جان دونوں کو محفوظ سمجھیں
- کسی انسان کے دل میں... ایمان اور حسد اکٹھے نہیں رہ سکتے
- سخاوت کے ساتھ احسان رکھنا... نہایت کمینگی ہے
- آدمی کی قابلیت... زبان کے نیچے پوشیدہ ہے
- میزان اعمال کو... خیرات کے وزن سے... بھاری کرو
- جو چیز بازار سے لائے پہلے لڑکی کو دے پھر لڑکے کو دے
- جو شخص خواہ مخواہ اپنے آپ کو محتاج بناتا ہے... وہ محتاج ہی رہتا ہے
- جو میانہ روی اختیار کرتا ہے وہ مفلس نہیں ہوتا
- شریعت میں... سب سے آسان عمل... نکاح ہے
- نکاح سے ایمان مکمل ہوتا ہے... اور آدمی کی زندگی... باوقار گزرتی ہے
- گناہوں کو چھوڑے بغیر... اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل نہیں کیا جاسکتا
- ایک دن مرنا ہے آخر موت ہے... کرلے جو کرنا ہے آخر موت ہے
- جو انسان اپنے آپ کو بڑا خیال کرتا ہے وہ بڑا ذلیل وخوار ہوتا ہے

- جو شخص بے سوچے کسی کام میں لگ جاتا ہے وہ اس میں ندامت اٹھاتا ہے
- جو شخص زیادہ باتیں کرتا ہے وہ بہت سی فضول اور بیہودہ باتیں بیان کرتا ہے
- جو آدمی اپنی زبان کو قابو میں رکھتا ہے وہ اپنی زبان سے عمدہ بات نکالتا ہے
- جو بشر قناعت اختیار کرتا ہے وہ غنی ہو جاتا ہے
- جو اپنے آپ کو حقیر سمجھتا ہے وہ لوگوں کی نظروں میں معزز و معظم ہو جاتا ہے
- جو شخص قناعت اختیار کرتا ہے وہ سیر چشم رہتا ہے
- جو آدمی اپنے مقسوم پر قناعت کرتا ہے وہ راحت و آرام میں رہتا ہے
- جو انسان تیرے حالات تجھے صحیح صحیح بتاتا ہے وہ تجھے راہ راست پر لگاتا ہے
- جو بشر اپنی رائے پر قناعت کرتا ہے وہ ہلاکت میں پڑتا ہے
- جو آدمی اپنی بہت سی حاجتیں لوگوں سے پوری کرانی چاہتا ہے وہ سب سے محروم رہتا ہے
- جسکی ہمت بلند ہو جاتی ہے اسکے فکر زیادہ ہو جاتے ہیں اور اس کا اہتمام بڑھ جاتا ہے
- جو شخص لاپرواہی سے کام کرتا ہے وہ ہمیشہ تکلیف اور صدمہ اٹھاتا ہے
- جو آدمی تمسخر اور مذاق زیادہ کرتا ہے اس کو لوگ احمق سمجھتے ہیں
- جس بشر کو سفر کرنے کا یقین ہوتا ہے وہ اس کی روانگی کے لیے تیار رہتا ہے
- جو سوچ سمجھ کر بات کرتا ہے وہ بہت کم غلطی کرتا ہے
- جو شخص دوسروں پر اپنی بڑائی ظاہر کرتا ہے وہ ذلت اٹھاتا ہے
- جس آدمی کی رائے کمزور ہوتی ہے اس کے دشمن بھی زیادہ ہو جاتے ہیں
- جو لوگوں کے لیے ہلاکت کی تدابیر کرتا ہے وہ خود ہلاکت ہوتا ہے
- جو آدمی بے ادب ہوتا ہے اس میں بہت سے عیب موجود ہوتے ہیں
- جو بشر اپنی سلامتی چاہتا ہے اسے ضروری ہے کہ میانہ روی اختیار کرے
- جو انسان فضول امیدوں میں پڑا رہتا ہے اس کے مقاصد پورے نہیں ہوتے

- جو آدمی اپنے مقسوم پر راضی رہتا ہے اس سے کوئی شخص ناخوش نہیں ہوتا
- جو شخص انجام کار سوچتا ہے وہ بہت سی خرابیوں سے محفوظ رہتا ہے
- جس شخص کی نیت خراب ہوتی ہے وہ غم اور فکر میں مبتلا رہتا ہے
- جو ہمیشہ سست اور کاہل رہتا ہے وہ اپنی امیدوں میں ناکام رہتا ہے
- جو شخص سچ بات کہتا ہے اس کا جلال اور ہیبت بڑھ جاتی ہے
- جو کام کرنے سے پہلے سوچتا ہے وہ اکثر ٹھیک کام کرتا ہے
- جو انسان لوگوں پر زیادہ حسد کرتا ہے وہ ہمیشہ غم میں مبتلا رہتا ہے
- جو آدمی بغاوت و سرکشی کی تلوار نکالتا ہے وہ اسے اپنی ہی سر پر مارتا ہے
- جو شخص اپنے دشمنوں کے ساتھ صلح رکھتا ہے وہ مراد کو پہنچ جاتا ہے
- دُنیا میں جو چیز بہت کم ہے...وہ سچائی اور امانت ہے
- دُنیا کی محبت سے پرہیز کر...کہ یہ تمام گناہوں کی جڑ ہے
- مستند دینی کتب جسم کے لیے بمنزلہ روح کے ہیں
- بے نمازی کی قبر تنگ کر دی جائے گی اور اسے آگ سے بھر دیا جائے گا
- مومن کی تین علامات راست گوئی...ایفائے عہد...دیانت
- مصیبت میں مبتلا ہونا گناہ میں مبتلا ہونے سے بہتر ہے
- نعمتوں میں اضافہ کی کنجی شکر ہے...موجود پر شکر اور غیر موجود پر صبر کرو
- اگر تم دوسروں کو کسی برے کام سے روکنا چاہتے ہو تو اس کی ابتداء اپنے آپ سے کرو
- نیت خالص...سچی لگن اور رب پر بھروسہ ہو...تو آدمی سمندر پار کر جاتا ہے
- زبان کی حفاظت...دولت کی حفاظت سے زیادہ مشکل ہے
- دُنیا ترک کرنے سے آخرت کی رغبت پیدا ہوتی ہے
- باادب بانصیب...بے ادب بے نصیب

- صرف نماز روزہ ہی عبادت نہیں بلکہ جس وقت اللہ کا جو حکم ہو اسکی بجا آوری عبادت ہے
- عجائبات قدرت میں ایک لمحہ غور و فکر کرنا بھی عبادت ہے
- علم پر عمل کرنا سب سے مشکل ہے... لیکن اصل کام یہی ہے
- عبادت کو ایسا کامل نہ سمجھو کہ ناز کرنے لگو نہ ناقص سمجھو کہ بے کار سمجھنے لگو
- پریشانیوں سے بچنے کیلئے سب سے بڑا وظیفہ... گناہوں کا چھوڑنا اور دُعا کرنا ہے
- حرص... حسد اور غرور... انسان کو تباہ کر دیتے ہیں
- شریعت جس کام کا حکم کرتی ہے اس کے مکمل احکام و آداب بھی بتاتی ہے
- جو زیادہ پوچھتا ہے وہ زیادہ سیکھتا ہے' اچھا سوال علم کی کنجی ہے
- جس گھر میں لڑکی نہیں... اس گھر میں سلیقہ نہیں
- توبہ کرنے والے کا آنسو... دوزخ کی آگ بجھا سکتا ہے
- جو انسان لوگوں پر حسد کرتا ہے وہ ہمیشہ غم میں مبتلا رہتا ہے
- قناعت وہ خزانہ ہے جو کبھی ختم نہیں ہوتا
- وہ انسان کامیاب ہے جو خوشی اور غم میں خدا کو نہ بھولے
- اولاد کو نیک بنانے کی دُعا... سورہ فرقان آیت 74 پڑھیے
- بچے کا ذہن سادہ تختی ہے آپ جو اسے سکھائیں گے اس کا پھل پائیں گے
- جو میانہ روی اختیار کرتا ہے... وہ مفلس نہیں ہوتا
- ذاکر زبان... شکر گزار بیوی اور صابر دل مومن کے مددگار ہیں
- چالاک آدمی کو وہیں سے نقصان ہوتا ہے جہاں وہ بے فکر ہوتا ہے
- مسلمان اور کافر کے درمیان فرق... نماز کا فرق ہے
- قرآن کو تجوید کے مطابق پڑھنا اس کا بنیادی حق ہے کیا ہم یہ حق ادا کر رہے ہیں
- اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وہی تلاوت مقبول ہے جو تجوید کے مطابق ہو

◄ دُنیا کے لباسوں میں سب سے زیادہ خوبصورت حیا کا لباس ہے

◄ تلاوت کے وقت سوچئے... یہ میرا ذاتی ہدایت نامہ ہے

◄ جس گھر میں محمد نام کا بچہ ہو وہ گھرانہ پھلتا پھولتا ہے اور رزق دیا جاتا ہے

◄ ہر حال میں خالق کی رضا حاصل کرو... مخلوق خود مسخر ہو جائے گی

◄ اگر کسی کے دل میں جگہ بنانی ہو تو اسے اس کے پورے نام سے پکارو

◄ غصہ ایسی چیز ہے جو آنکھیں بند کر دیتا ہے اور منہ کھول دیتا ہے

◄ ہم ایسی قوم ہیں جسے اللہ تعالیٰ نے اسلام سے عزت دی ہے

◄ انسان کا سب سے بڑا دشمن اس کا نفس اور پھر غصہ ہے

◄ کسی سوال کا جواب معلوم نہ ہو تو لاعلمی کا اظہار کر دینا نصف علم ہے

◄ دُنیا کی محبت اندھیرا ہے... جس کا چراغ تقویٰ پرہیزگاری ہے

◄ بڑے بڑے گناہوں کو ندامت اور توبہ کا ایک آنسو دھو ڈالتا ہے

◄ دارِ فانی کی سجاوٹ پہ نہ جا... نیکیوں سے اپنے اصلی گھر کو سجا (کشکول مجذوب)

◄ اسلام' قرآن اور بڑھاپا... جس نے ان سے نصیحت حاصل نہیں کی وہ محروم رہا

◄ اللہ والوں کی زبان سے نکلنے والے الفاظ براہ راست دل پر اثر کرتے ہیں

◄ معاملات کی صفائی بہت برکت کی چیز ہے... آزما کر دیکھیں

◄ خوش نصیب ہے وہ شخص... جو اپنے نصیب پر خوش ہے

◄ مسلمان کی ذلت غربت میں نہیں بلکہ اسلام سے غافل ہونے میں ہے

◄ جو شخص سچ مچ شرمندہ ہے... وہ توبہ کرنیوالوں میں شامل ہے

◄ ذکر میں لذت نہ بھی آئے تو کیے جاؤ یہی ذکر صاحب نسبت بنا دے گا

◄ علم کا ایک باب سیکھنا ہزار نفل سے بہتر ہے

◄ خوبصورتی مٹ جاتی ہے... اور سیرت قبر حشر تک ساتھ جاتی ہے

- حج کی برکت سے گزشتہ تمام گناہ مٹا دیئے جاتے ہیں
- عورت کو گھریلو کاموں میں جہاد کے برابر ثواب ملتا ہے
- ہدایت کا فطری طریقہ یہی ہے کہ ہدایت یافتہ اہل اللہ کی صحبت اختیار کی جائے
- عید کی نما کے بعد معانقہ یعنی گلے ملنا... سنت نہیں... علاقائی رسم ہے
- تمام گناہ زہر ہیں اور استغفار کی کثرت گناہوں کی تریاق ہے
- قرآن مجید کو سمجھ کر پڑھیئے کہ اللہ تعالیٰ نے میری ہدایت کے لیے نازل فرمایا ہے
- اللہ تعالیٰ بندوں کے گمان کے مطابق معاملہ فرماتے ہیں
- ہر وقت نماز کے احکام و مسائل معلوم کرتے رہیں تا کہ یہ عبادت قابل قبول ہو سکے
- جب اللہ کسی سے محبت کرتا ہے تو لوگوں کے دلوں میں اس کی محبت ڈال دیتا ہے
- دانائی کی سب سے بڑی بات... اللہ سے ڈرنا ہے
- اللہ والوں کی صحبت سے... دین کا صحیح فہم پیدا ہوتا ہے
- توبہ کے ذریعے اپنے دل کو صاف کیجئے اور نومولود کی طرح پاک ہو جایئے
- ہرگز کوئی شخص موت کی تمنا نہیں کریگا سوائے اسکے جسے اپنے عمل پر یقین ہوگا (ابوبکر رضی اللہ عنہ)
- اللہ تعالیٰ کی رحمت... ماں کی شفقت سے... ستر گنا زیادہ ہے
- خوش اَخلاقی اور خاموشی بہت ہلکی ہیں لیکن میزان میں بھاری ہیں (بسطامی رحمہ اللہ)
- اَسلاف سے بیزاری... ہزار گمراہیوں کا پیش خیمہ ہے
- نظریاتی سرحدیں پائمال ہو جائیں تو جغرافیائی سرحدیں بے حیثیت رہ جاتی ہیں
- اسلام کی ثقافت و تہذیب فطری ہے جسے اپنائے بغیر حقیقی خوشی نہیں مل سکتی
- دار فانی کی سجاوٹ پر نہ جا... نیکیوں سے اپنے اصلی گھر کو سجا
- قرآن کریم پر اجر و ثواب صحیح تلاوت پر ہی ملتا ہے
- رشتے داری توڑنے والا... جنت میں نہ جائے گا

- عقل مند پہلے دل سے پوچھتا ہے... پھر منہ سے بولتا ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- آزادی کی حفاظت نہ کرنے والا غلامی میں گرفتار ہو جاتا ہے
- دین کے صحیح علم سے ہی آدمی صحیح عمل کر کے اللہ کو راضی کر سکتا ہے
- بھوکا سو رہنا مقروض ہو کر اٹھنے سے بہتر ہے... اس لیے قرض سے بچنا ضروری ہے
- ایمان کے بعد افضل ترین نیکی... مخلوق کو آرام پہنچانا ہے
- منافقت... دیمک کی طرح... ایمان کو... کمزور کر دیتی ہے
- اہل اللہ کی صحبت کے بغیر... روحانی امراض سے بچنا... ممکن نہیں
- تم میں سے بہتر وہ ہے... جو عورتوں کے ساتھ اچھا سلوک کرے
- اللہ تعالیٰ کے نزدیک دُعا سے بڑھ کر کوئی چیز قدر کی نہیں
- غیرت... ایمان کی علامت... اور بے غیرتی منافقت کی نشانی ہے
- جمعہ کے دن عصر سے مغرب تک دُعا کی قبولیت کا وقت ہے
- قرآن کے حقوق... صحیح تلاوت... سمجھنا اور عملی زندگی میں نافذ کرنا
- میزان عمل میں سب سے بھاری چیز... حسن اَخلاق ہے
- انسان کی دوسری مخلوقات پر... فضیلت تعلیم و تعلم کی وجہ سے ہے
- ہر چیز کا وقت مقرر ہے... لیکن دُعا اور توبہ کا... وقت مقرر نہیں
- صدق دل سے اللہ تعالیٰ کو اسکے مبارک ناموں سے پکارو... پھر اس کی تاثیر دیکھو
- اچھی نیت سے... محض دُنیاوی کام بھی عبادت بن جاتے ہیں
- صدقہ... گناہوں کو اس طرح ختم کرتا ہے جیسے پانی کو آگ
- فتنہ انگیز سچائی سے... مصلحت آمیز جھوٹ... بہتر ہے (مولانا روم)
- دوسروں کو راحت پہنچا کر... جینا ہی... زندگی اور بندگی ہے
- دُنیا کی زندگی... آخرت کی کھیتی ہے... جو عمل کرو گے... اسی کا پھل پاؤ گے

- ہر وقت... اللہ سے عافیت مانگو... لیکن بیماری آجائے... تو صبر کرو
- خود میرے دل نے تراشے ہیں غموں کے پیکر... میرے مولانے تو مجھے ہر غم سے بچا رکھا ہے
- اصل کمال... علم اور عمل... دونوں کو جمع کرنے میں ہے (ابن جوزی)
- ہر نماز کو... آخری نماز سمجھ کر... مکمل آداب سے پڑھیے
- نظر کی پاکیزگی... دل کی طہارت کا... آئینہ ہے
- اس زمانہ کا زہد و بزرگی... اور سکون کا بڑا وظیفہ... گناہوں سے بچنا ہے
- ہر حالت میں تقویٰ فرض عین ہے... جو تمام گناہوں سے بچنے پر حاصل ہوتا
- بڑے بڑے گناہ... چھوٹی چھوٹی نافرمانیوں ہی سے پیدا ہوتے ہیں
- حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بنیادی حق یہ ہے کہ آپ کی اتباع کی جائے
- زندگی کا کوئی لمحہ ایسا نہیں... جس کے بارے میں سنت مطہرہ ہماری رہنمائی نہ کرے
- بلاشبہ اس دور میں... دینی مدارس... ہمارے ایمان کی... حفاظت کے قلعے ہیں
- اللہ والوں کی صحبت سے... ظاہر و باطن کی... اصلاح اور دین کی سمجھ... نصیب ہوتی ہے
- سیرت طیبہ... ہر دور کی انسانیت کے لیے... مکمل نمونہ ہے
- دینی مسائل میں غور و فکر کرنے سے دین کا فہم اور شریعت کے مزاج کا پتہ چلتا ہے
- اپنے اعمال کے محاسبہ میں... دیر نہ کیجئے... فکر سے کام لیجئے
- جس قدر آدمی کے سانس ہیں... اللہ تک پہنچنے کے اتنے ہی راستے ہیں
- انسان کی تعریف یہ نہیں کہ اس سے غلطی نہ ہو... بلکہ غلطیوں کی اصلاح کرانا انسانیت ہے
- قرض کہتے ہیں، جس کو اے عاجز... رات کا غم ہے، دن کی ذلت ہے
- دین کیا ہے؟ حقوق کی ادائیگی کے لیے ہمہ وقت... کمر بستہ رہنا ہی دین ہے
- عدل و انصاف کے بغیر... معاشرہ میں امن... قائم نہیں ہو سکتا
- جب تک دل میں خدا خوفی پیدا نہ ہو... گناہوں سے بچنا مشکل ہے

◄ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی سے بچارہ...تاکہ تیرے سب کام ٹھیک ہو جائیں
◄ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں...بندے کو اِخلاص نیت...سے قرب حاصل ہوتا ہے
◄ علم ومعرفت کا ثمرہ یہ ہے...کہ آدمی اپنے آپ کو پہچان لے
◄ روزِ محشر...سب سے پہلے نماز کا سوال ہوگا...فکر کیجئے اور باقاعدہ سیکھئے
◄ اپنے نفس سے خیر خواہی یہی ہے...کہ اسے اللہ کی فرمانبرداری میں مصروف رکھا جائے
◄ بازاری عاملوں کے پاس جانے کی بجائے اللہ کے ناموں سے شفا حاصل کیجئے
◄ اللہ تعالیٰ کی رحمت...بخشش کے بہانے ڈھونڈتی ہے
◄ حقیقی شکر...یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کی فرمانبرداری میں استعمال کیا جائے
◄ دُنیا عمل کے لیے...قبر آرام کے لیے...اور جنت راحت کے لیے ہے
◄ صلہ رحمی کرنے والا...اللہ تعالیٰ سے اپنا تعلق قائم کرلیتا ہے
◄ اللہ تعالیٰ سے کیا مانگا جائے...یہ انبیاء کی دُعاؤں سے سیکھا جاسکتا ہے
◄ جس آدمی پر غضب اور شہوت غالب ہو...اسے عقلمند نہ شمار کرو
◄ زندگی انمول درخت ہے...جس کا پھل...آخرت میں ملتا ہے
◄ اللہ کے ہاں...تم میں سے زیادہ معزز وہ ہے...جو زیادہ متقی ہے (القرآن)
◄ میزان عمل میں حسن اَخلاق سے بڑھ کر کوئی اور چیز نہیں
◄ پردہ...عورت کے لیے جسمانی وروحانی اعتبار سے محافظ ہے
◄ عقلمندی کا ثمرہ یہ ہے...کہ آدمی اپنی نادانی کا...اقرار کرلے
◄ ایک لمحہ کے لیے بھی اللہ تعالیٰ سے غافل ہونا نقصان دہ ہے
◄ خود کو خادم سمجھا جائے...سارے جھگڑے مخدوم بننے سے پیدا ہوتے ہیں
◄ زندگی...اللہ تعالیٰ کی طرف سے انمول تحفہ ہے اس کی قدر کیجئے
◄ اصلاح کا آسان طریقہ یہی ہے کہ صحیح اللہ والوں کی صحبت کو لازم کرلیا جائے

- بچوں سے حقیقی محبت یہی ہے کہ...انکی دینی تربیت کر کے انکی آخرت سنواری جائے
- وہی بچے والدین کی آنکھوں کی ٹھنڈک ہیں...جن کی دینی تربیت کی گئی ہو
- عہدے اور سرفرازی ذمہ داریوں کے مطابق آتے ہیں
- عقلمندی یہی ہے...کہ عقل شریعت کے تابع فرمان ہو جائے
- شیخ کامل سے...اصلاح نفس کرانا فرض ہے اور اس سے زندگی پُرسکون ہوتی ہے
- مقبول خدا لوگوں کی کتب کا مطالعہ...توفیق عمل کے لیے اکسیر ہے
- مشکل میں گھبرانا مشکل کا حل نہیں خود کو پرسکون رکھئے اور اچھی تدبیر کیجئے
- طلاق سے اللہ کا عرش ہل جاتا ہے...اور دو خاندانوں کا شیرازہ بکھر جاتا ہے
- دُنیا اور آخرت مال سے نہیں...اعمال سے بنتی ہے...کاش ہمیں اسکا یقین نصیب ہو جائے
- نماز میں خشوع پیدا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر نماز کو آخری نماز سمجھ کر پڑھیں
- مصیبت بندہ کو اللہ کے قریب کرتی ہے اور سچی دُعا سکھاتی ہے
- توحید تو یہ ہے کہ خدا حشر میں کہہ دے...یہ بندہ دو عالم سے خفا میرے لیے ہے
- اگر عافیت چاہتے ہو تو...اپنے گھر میں رہ کر...اپنے کاموں کو درست کرو
- جو سلام کرنے سے پہلے بات چیت شروع کر دے تم اسے جواب نہ دو
- میرے صحابہ رضی اللہ عنہم ہدایت کے ستارے ہیں جس کے پیچھے چلو گے ہدایت پاؤ گے
- اعتدال کی دولت...کسی اللہ والے کی جوتیوں میں بیٹھنے سے حاصل ہوتی ہے
- آخرت کے مقابلہ میں دُنیا کی کوئی حیثیت نہیں لہٰذا آخرت کی فکر کیجئے
- مصیبت سے بچنے کیلئے صدقہ کثرت سے کریں چاہے تھوڑی مقدار میں ہی کیوں نہ ہو
- نیک اعمال ایمان کی کسوٹی ہیں جن کے ذریعے ایمان کی حرارت معلوم کی جاسکتی ہے
- ہر وقت اپنے ایمان کو پرکھتے رہیں کہ وہ کم زیادہ ہوتا رہتا ہے
- خدا سے راضی ہونے کی دلیل یہ ہے کہ بندہ اس کی تقدیر پر راضی رہے

- مسلمان کی زندگی کا ہر لمحہ فکر میں بسر ہوتا ہے فکر کی دولت سے تمام کام سنورتے ہیں
- بے شک وعدہ کو اچھی طرح نبھانا ایمان کی علامت ہے
- آپ کے پاس ہمت وعزم کی بڑی دولت ہے اس کو کام میں لاؤ
- اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے قرض طلب کرتا ہے...اور اسکے قاصد سائل لوگ ہیں
- بے پردہ عورت اپنے والد...شوہر...بھائی اور بیٹے سب کیلئے باعث شرم ہے
- پردہ...لوگوں کی بری نظروں سے حفاظت کا ذریعہ ہے لہٰذا پردہ کا اہتمام کیجئے
- بچپن میں سکھائی جانیوالی تعلیم وتربیت پتھر پر لکیر ہوتی ہے
- بچوں کا ذہن خالی برتن ہے...فکر کریں...آپ اس میں کیا ڈال رہے ہیں
- کسی مسلمان کے لیے یہ جائز نہیں کہ وہ کسی مسلمان کو دہشت زدہ کرے
- نیک بخت وہ ہے جو دوسروں سے نصیحت پکڑ لے
- نیک عورت...آخرت سے پہلے...دُنیا کو جنت بنادیتی ہے
- رخ بقبلہ دل بدُنیا اے ذی قدر...یہ کیسی نماز' ہے کوئی خبر' کتنا اجر کتنا اثر
- حقیر سے حقیر پیشہ اختیار کرنا ہاتھ پھیلانے سے ہزار درجہ بہتر ہے
- سلام کی ابتدا کرنے والا غرور سے پاک ہے
- آج کے پرفتن دور میں ایمان کی حفاظت کیلئے اَسلاف جیسی محنت کی ضرورت ہے
- نماز فجر ادا کرنے والا خدائی فوج کا سپاہی ہے
- ہمت وفکر سے مشکل سے مشکل کام بھی آسان ہوجاتے ہیں
- زندگی...برف کی مانند ہے جو لمحہ بہ لمحہ...پگھل رہی ہے
- کامل مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں
- خلوص یہ ہے کہ ہر حال میں صرف اللہ تعالیٰ پر نظر رہے
- جب توقع ہی اٹھ گئی غالب...کوئی کسی کا کیا گلہ کرے

- ہر آدمی ہر حال میں دینی احکام کا محتاج ہے لہٰذا ہر وقت سیکھتے رہنا چاہیے
- جھگڑا بڑھنے سے پہلے تم دوسرے سے الگ ہو جاؤ
- دُعا کی قبولیت کے لیے قابلیت شرط نہیں اس لیے ہر حال میں مانگو اور خوب مانگو
- ایسے آدمی سے قرض مانگنا جائز نہیں جو بلا تکلف انکار نہ کر سکے
- جو اللہ سے معاملہ درست کر لیتا ہے اللہ لوگوں میں بھی اسکا معاملہ درست فرما دیتے ہیں
- خوشی ہو یا غمی... کسی بھی حال میں اللہ تعالیٰ کو نہ بھولیں
- مسکینہ ہے وہ عورت جس کا خاوند نہیں
- معاشرہ میں برائیوں کا ختم کرنے کے لیے نکاح عام کرو
- مومن کو اتنا علم کافی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے
- جو قوم اپنے محسن کو فراموش کر دیتی ہے جلد مٹ جاتی ہے
- اعتدال کی دولت... کسی اللہ والے کی جوتیوں میں بیٹھنے سے حاصل ہوتی ہے
- تمام مسائل کا ایک ہی حل... اللہ تعالیٰ کو راضی کیجئے
- بخل اور فضول خرچی سے بچو اور چادر کے مطابق پاؤں پھیلاؤ
- مسلمان کی اصل عزت اسلام کی کامل اطاعت میں ہے
- چھوٹی سے چھوٹی نیکی کو بھی حقیر نہ سمجھو... کہ شاید وہی مغفرت کا سبب ہو جائے
- وقتِ طلوع دیکھا... وقتِ غروب دیکھا... اب تو فکرِ آخرت ہے دُنیا کو خوب دیکھا
- صحیح مسلمان... خوشی، غمی کسی بھی حالت میں اللہ کو... نہیں بھولتا
- مقبول نماز وہی ہے جو فرائض و واجبات اور سنت کے مطابق ہو
- محنت میں عظمت ہے... محنت نہ کرنے میں محتاجی ہے
- انسان کی قابلیت... اس کی زبان میں پوشیدہ ہے
- علم کتابوں سے... عمل کا ذوق شوق اللہ والوں کی صحبت سے نصیب ہوتا ہے

- علم پر عمل مشکل کام ہے لیکن یہی اصل کام ہے اور یہ صحبت بزرگاں سے نصیب ہوتا ہے
- ذکر اللہ... تمام گناہوں کو غرض کر دیتا ہے (یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ)
- ہر دُعا... دُنیا یا آخرت میں... اپنی تاثیر ضرور دکھاتی ہے
- حقیقی علم نور ہے جو اللہ تعالیٰ انسان کے دل میں ڈالتا ہے (امام مالک رحمہ اللہ)
- نیک لوگوں کی صحبت اختیار کر... تا کہ تیرا شمار بھی انہی میں ہو
- جو کسی مومن کو دکھ دیتا ہے اس کی عبادت قبول نہیں ہوتی (خرقانی رحمہ اللہ)
- دانائی کی سب سے بڑی بات... اللہ تعالیٰ سے ڈرنا ہے
- ضرورت کے مطابق دُنیا طلب کرنا... دُنیا کی محبت میں داخل نہیں (سفیان رحمہ اللہ)
- آدمی کی قیمت اعتماد میں ہے یہی زندگی کی معراج ہے
- جو دُنیا کو فانی جانتے ہوئے بھی اس کی رغبت رکھے... اس پر تعجب ہے
- شرعی پردہ ہی عفت وعصمت کا محافظ ہے
- حلال روزی سے دل میں جو نور پیدا ہوتا ہے وہ کسی اور شے سے پیدا نہیں ہوسکتا
- معمولی نیکی کو حقیر نہ سمجھو شاید میزان عمل میں وہی نیکی نجات کا ذریعہ بن جائے
- ظاہر اور باطن دونوں کی اصلاح سے کامل ایمان نصیب ہوتا ہے
- جو نفس کے گرفتار ہیں وہ مقام قرب میں نہیں پہنچ سکتے (شیخ ابن عطا)
- دُنیا وہ ہے جو تجھے حق تعالیٰ کی طرف سے غافل کر دے (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- دو خصلتیں دل کی خراب کرتی ہیں بہت کھانا... اور بہت سونا
- جو جہنم کی آگ سے بچنا چاہتا ہے وہ تمام گناہوں سے بچنے کی کوشش کرے
- روتے رہو... روتے رہو... آخرت میں... ہنستے رہو گے
- دولت سے گھڑی تو خرید سکتے ہیں... مگر وقت نہیں
- صبر کی حد یہ ہے کہ تقدیر پر اعتراض نہ کرے (حضرت ابوعلی رحمہ اللہ)

- توبہ واستغفار کے صابن سے اپنے گناہوں کو صاف کرتے رہیے
- تلوار سے اتنی مخلوق نہیں مرتی... جتنی زیادہ کھانے سے مرتی ہے
- حرام کا ایک پیسہ چھوڑنا... خیرات کے سو پیسوں سے بہتر ہے (ابن مبارک)
- سب حاجات کے لیے دُعا کرنا مسنون اور نافع ہے
- توبہ سے محبت حق پیدا ہوگی... جس کے بعد گناہ ہی نہ ہوں گے
- اصل مطلوب اللہ تعالیٰ کی رضا ہے... اگر ذوق وشوق نہ ہو نہ سہی

مقام رضا کیا ہے؟ اللہ تعالیٰ جس حال میں رکھیں اس پر راضی رہنا چاہیے

- ظاہر وباطن کی اصلاح کی ایک مجرب وظیفہ... بکثرت تلاوت قرآن کریم
- دل میں جس قدر پختہ ایمان ہوگا ظاہری حالت اتنی اسلام کے مطابق ہوگی
- توبہ... گناہوں سے بچنے کا سب سے عمدہ اور آسان طریقہ ہے
- ہر رات مقبول رات ہے... جس میں تو اللہ کو راضی کرلے
- نیک اعمال کی خاصیت... موت کا شوق ورغبت پیدا کرتی ہے
- قرآن وحدیث کی دُعاؤں کے ذریعے اپنی حاجات مانگی جائیں کہ وہ قبولیت کے قریب تر ہیں
- نفس کے ساتھ ہر معاملہ میں احتیاط اور بدگمانی چاہیے
- بدبختی یہ ہے کہ گناہ سے نفرت نہ ہو اور نیکی سے رغبت نہ ہو
- مومن کو محبت الٰہی کی تکمیل کے لیے پوری اطاعت ضروری ہے
- بزرگی کا کمال... اتباع سنت ہے... نہ کہ محض نوافل وتسبیح
- جس نے اللہ کے لیے عاجزی اختیار کی یعنی اللہ کا حق سمجھ کر اللہ نے اس کو بلند کیا
- رمضان میں اپنی مغفرت کے لیے کوشش نہ کرنا سخت محرومی ہے
- خود کو بڑا سمجھنے میں نقصان ہی نقصان ہے... چھوٹا سمجھنے میں عافیت ہے
- اطاعت حق پر لوگوں کو ملامت کی پرواہ نہ کرنی چاہیے

- مال کی قدر کرو... اگر خرچ کرنے کا شوق ہو تو راہ خدا میں خرچ کرو
- گناہوں پر مطلع ہونا علم دین کے جاننے پر موقوف ہے
- جب تک انسان کو اپنی اصلاح کی فکر نہ ہو... نرا کسی کے پاس رہنے سے کیا ہوتا ہے
- اپنے سلسلہ کے تمام بزرگوں کو ایک بار سورۂ یٰسین شریف پڑھ کر بخشنا چاہیے
- گناہ میں اگرچہ منافع ہوں لیکن وہ حرام ہی رہتا ہے
- تمام جھگڑے مخدوم بننے میں ہیں جب کہ خادم بننے میں راحت ہے
- لیاقت سے رزق ملنا قارون کا عقیدہ ہے... رزق کا مدار عقل پر نہیں
- کمال توبہ... یہ ہے کہ زبان سے بھی آہ وزاری ہو
- ایک دن مرنا ہے آخر موت ہے... کرلے جو کرنا ہے آخر موت ہے
- خدا کی یاد وہ چیز ہے جس سے دل کو راحت وسکون ملتا ہے
- فراغت کو عبادت میں مشغول کریں... اور وقت کی دولت کو غنیمت سمجھیں
- گناہ چھوڑنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ ہر گناہ کے فوراً بعد توبہ کر لی جائے
- دُنیا میں کھپ جانا... تمام گناہوں کی جڑ ہے
- ہمت ہارنا... ناکامی کی طرف پہلا قدم ہے... لہٰذا اپنی ہمت جوان رکھئے
- فضول بولنے والا فتنے کا اور خاموش رہنے والا رحمت کا منتظر ہوتا ہے
- جنت... اللہ کی رضا اور خواہشات کی اعلیٰ پیمانے پر تکمیل کا نام ہے
- ایمان کی علامت... نیکی پر خوشی... برائی پر رنج
- مصیبت کے وقت بھی اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ نہ ہونا... بدبختی ہے
- مسلمانو! اپنی عزت کی حفاظت اپنے مال سے کرو...
- اصل زندگی... اللہ تعالیٰ کی یاد کا نام ہے
- آخرت کے کاموں میں مصروف آدمی کے دُنیاوی کاموں کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ پر ہے

- روزہ رکھا کرو... تندرست رہا کرو گے (حدیث طبرانی)
- انسان کا حسن... اس کے اَخلاق میں پوشیدہ ہے
- اچھے لوگوں کو یاد نہیں کرنا پڑتا... وہ یاد رہ جاتے ہیں
- بزرگوں کے ہمت افزا حالات روح کو تروتازہ رکھتے ہیں
- وہ انسان خوش رہتا ہے... جو آج کے دن کو اپنا سمجھتا ہے
- نادانوں کی بات پر تحمل... عقل کی زکوٰۃ ہے
- زندگی کو سنوارنا... خود اپنے اختیار میں ہے
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم رمضان میں بیس رکعتیں اور وتر پڑھا کرتے تھے (طبرانی)
- عقلمند... جو دُنیا کو اس سے پہلے خود چھوڑ دے کہ دُنیا اس کو چھوڑے
- عقلمند وہ ہے... جو صورت کی جگہ سیرت سنوارنے کی کوشش کرے
- اپنی کسی نیکی کو بڑا... اور کسی گناہ کو چھوٹا نہ سمجھو
- زندگی... خالق کی فرمانبرداری مخلوق کی خیر خواہی کا نام ہے
- تین چیزیں نافع ہیں... نیک اولاد کی دُعا... علم واشاعت... صدقہ جاریہ
- حلال روزی کمانا... اس دور کی بڑی بزرگی ہے
- اللہ تعالیٰ کی معرفت ہی زندگی کا کل سرمایہ ہے
- اپنی ضرورت کو محدود کر لینا ہی... بڑی دولت ہے
- سجدے کی حالت میں بندہ اللہ تعالیٰ کے قریب ترین ہوتا ہے
- دین... دُنیا و آخرت کی راحتوں کا مجموعہ ہے
- نعمت کی قدر نعمت کے زوال کے بعد ہوتی ہے
- اللہ تعالیٰ دے کر بھی آزماتے ہیں... اور لے کر بھی
- لوگوں کی دل جوئی کرنا بھی صدقہ میں داخل ہے

- جو دُنیا کو فانی جانتے ہوئے بھی اس کی رغبت رکھے...اس پر تعجب ہے
- جھگڑا مول لینے سے غم کھانا...زیادہ بہتر ہے
- زبان کی حفاظت کیجئے...لمبی زبان زندگی کو مختصر بنا دیتی ہے
- ہر وقت دین کے مسائل سیکھتے رہئے...اہل علم کی فضیلت حاصل ہو جائے گی
- توبہ...ندامت کا نام ہے...یعنی جو سچ مچ شرمسار ہو
- دُعا پڑھنے کی چیز نہیں...بلکہ یہ آہ وزاری سے مانگنے کی چیز ہے
- جب اللہ تعالیٰ کا خوف پیدا ہو جائے تو تمام گناہوں سے بچنا آسان ہو جاتا ہے
- اللہ کی محبت دل میں موجزن ہو تو تمام احکام کی فرمانبرداری کرنا آسان ہو جائے
- اگر عبادت پرندہ ہوتی...نماز روزہ اس کے پر ہوتے (یحییٰ بن معاذ)
- عقائد میں کمزوری...اعمال کی کمزوری سے زیادہ خطرناک ہے
- حسن اَخلاق کے ذریعے آدمی روزہ اور نوافل والے کی فضیلت حاصل کر لیتا ہے
- خوش نصیب ہیں وہ لوگ...جنہیں مرشد کامل کی صحبت میسر ہے
- دوسروں کے لیے سراپا راحت بن جانا...کمال انسانیت ہے
- آدمی کو اتنی ہی برائی کافی ہے...کہ وہ مسلمان بھائی کو حقیر سمجھے
- دین...تمام تر خیر خواہی کا نام ہے
- اللہ سے حیا کرو...جیسا کہ حیا کرنے کا حق ہے
- اپنی لغزشوں کو سدھارتے رہئے...دھیرے دھیرے آپ نیک بن جائیں گے
- ہمارا سب سے بڑا اعزاز اور ہماری پہچان...ہمارا دین ہے
- کیا خوب ہیں وہ آنکھیں...جو خوف خدا میں آنسو بہائیں
- وقت کی قدر اس وقت ہوتی ہے...جب وقت نکل چکا ہوتا ہے
- صدقہ بلا کو دور کرتا ہے...صدقہ کا ادب یہ ہے کہ پوشیدہ طور پر دیا جائے

- قول بے عمل... اور عمل بے اِخلاص... نا قابل قبول ہے
- دین کا ضروری علم حاصل کرنا... نماز کی طرح فرض عین ہے
- جو ہماری خاموشی سے نصیحت نہیں پکڑتا وہ ہماری تقریر سے کیا اثر لیگا (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- قوانین قدرت سے انحراف کرنے والا کبھی محفوظ نہیں رہ سکتا (یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- تو دُنیا میں رہنے کے سامانوں میں لگا ہے اور دُنیا تجھے اپنے سے نکالنے میں سرگرم ہے
- ساری زندگی اکٹھے کیے پیسے، ہیرے موتی... مرتے ہی معلوم ہوا کفن میں جیب نہیں ہوتی
- عورت اپنا راج چاہتی ہے... تو شوہر کی وفادار رہے
- جس نے خود کو پہچان لیا... اس نے رب کو پہچان لیا
- دُنیا کا غم دل میں تاریکی اور آخرت کا غم دل میں نور پیدا کرتا ہے
- استغفار سے... دل میں دُنیا حقیر اور آخرت عظیم کر دی جاتی ہے
- زبان کی لغزش... پاؤں کی لغزش سے زیادہ خطرناک ہوتی ہے
- عید اس شخص کی نہیں جو نیا لباس پہن لے حقیقی عید اسکی ہے جو اللہ سے ڈر جائے
- قانون قدرت سے انحراف کرنیوالا... کبھی محفوظ نہیں رہ سکتا
- نماز اس طرح پڑھو... گویا تم اللہ کے حضور دست بستہ کھڑے ہو
- انسان کو ہر حال میں صبر کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے
- جو ایمان رکھتا ہے کہ آخرت دُنیا سے بہتر ہے... وہ سب احتیاط کر سکتا ہے
- اللہ تعالیٰ کے ہاں گناہ گار کے آنسوؤں کی بڑی قدر و قیمت ہے
- عقائد درست اعمال درست... ان شاء اللہ پھر جنت یقینی
- غفلت اور گمراہی کا نتیجہ... ذلت و خواری کے سوا کچھ نہیں
- نصرت الٰہی پر کامل یقین ہو تو دل سے مخلوق کا خوف ختم ہو جاتا ہے
- بدفطرت انسان سے بھلائی کرو... تو اس کے شر سے بچو

- مسجد میں داخل ہونے سے پہلے سوچ لیا جائے... کہ میں کس کے گھر جارہا ہوں
- دُنیا کو آخرت پر ترجیح دی جائے تو پھر سراسر خسارہ ہی خسارہ ہے
- دل کی صفائی... کامیابی کی ضمانت ہے
- بے تکلف رہنے پر زندگی آسان... بے تعلق رہنے سے موت آسان
- دُنیاوی حیثیت میں جو تجھ سے زیادہ ہے... اسے نہ دیکھ کہ ناشکری پیدا ہوگی
- جو اللہ تعالیٰ کا ہو جاتا ہے... اللہ تعالیٰ اس کا ہو جاتا ہے
- کسی بھائی کی حاجت براری کرنیوالے نے... گویا تمام عمر خدا کی خدمت میں گزار دی
- تنگ دست قرضدار کو مہلت دینا... رحمت الٰہی کو جوش میں لاتا ہے
- دوسروں کے انجام سے عبرت حاصل کرنا عقلمندوں کا شیوہ ہے
- حرص و طمع جان لیوا ہے... ہر حالت میں اللہ تعالیٰ پر مکمل بھروسہ رکھنا چاہئے
- دین کا علم کتب دینیہ سے... اور دین کا فہم... اللہ والوں کی صحبت سے آتا ہے
- انسان کو ہر حال میں راضی بہ رضائے الٰہی رہنا چاہئے
- جگہ جی لگانے کی دُنیا نہیں ہے... یہ عبرت کی جا ہے تماشا نہیں
- اولاد کو صلاحیت اور ادب سکھانا... جہاد سے افضل ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- ہر نیکی کا اصل مقصد... رضائے الٰہی ہونا چاہئے
- روحانی بیماریوں کا علاج... اللہ والوں کے پاس ہوتا ہے
- اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے اور تمام حاجات کے لئے استغفار مجرب ہے
- جیسے بھی حالات ہوں اللہ کی ذات پر پورا بھروسہ رکھنا چاہئے... وہ ضرور مدد فرماتا ہے
- عمر کے کسی حصہ میں بھی عورت کو اپنی مرضی پر نہ چھوڑنا چاہئے (حضرت یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- ہر حال میں مالک حقیقی کی نعمتوں کا شکر کرنے والا خوش رہتا ہے
- حسد ایک بیماری ہے... جس سے ہمیشہ بچنا چاہئے

- نااہل سے محبت کا انجام... ہمیشہ ذلت اور ہلاکت کی صورت میں نکلتا ہے
- جو خود پر آخرت کی فکر سوار کر لیتا ہے اسے دُنیاوی مصائب سے چھٹکارا مل جاتا ہے
- میانہ روی... نصف روزی ہے اور حسن اَخلاق... نصف دین ہے
- موت کو یاد رکھنا... نفس کی تمام بیماریوں کی دوا ہے
- تکبر کی بیماری احمقوں کو ہوتی ہے اور حماقت قہر خدا ہے (حضرت پھولپوری رحمہ اللہ)
- بندے کا سب سے بزرگ نام نیستی (یعنی مٹنا ہے (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- دلوں میں زن لگ جاتا ہے اور اس کی صفائی استغفار ہے
- لوگوں کی نیکیوں کو ظاہر کرو اور برائیوں سے چشم پوشی کرو (امام غزالی رحمہ اللہ)
- میزان عمل کو خیرات کے وزن سے بھاری کرو (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- دولت کے بھوکے کو کبھی راحت نہیں ہو سکتی (معروف کرخی رحمہ اللہ)
- دُنیا کی عزت مال سے اور آخرت کی عزت اعمال سے ہے (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ)
- اللہ سے ڈرا اور اس آدمی سے بچ جو اللہ سے نہیں ڈرتا (شیخ سعدی رحمہ اللہ)
- زندگی کو پاکیزہ طریقے پر گزارنا انسانیت کی معراج ہے
- غصہ جنون ہے اور جنون عقل کو کھا جاتا ہے
- مسلمانو! ایک دوسرے کو تحفہ بھیجا کرو کیونکہ اس سے کینہ دور ہوتا ہے
- دُنیاوی حیثیت میں جو تجھ سے زیادہ ہے اس کو مت دیکھ کہ ناشکری پیدا ہو گی
- کسی انسان کے دل میں ایمان اور حسد اکٹھے نہیں رہ سکتے
- مصیبت میں خدا کی شکایت نہ کرو سب سے بزرگ تر ہو جاؤ گے
- زبان کو شکوہ سے روکو تو خوشی کی زندگی عطا ہو گی
- نہ کتابوں سے نہ وعظوں سے نہ زر سے پیدا... دین ہوتا ہے بزرگوں کی نظر سے پیدا
- بہر غفلت یہ تیری ہستی نہیں... دیکھ جنت اس قدر سستی نہیں

- اولاد کی دینی تربیت سے غفلت دُنیا و آخرت میں پریشانی کا ذریعہ ہے
- توبہ کرنے والا ایسا ہے... جیسا اس کا کوئی گناہ ہی نہ تھا
- اہل ایمان میں برائی پھیلانے والوں کے لیے دردناک عذاب ہے (قرآن کریم)
- اگر عقل سلیم ہے تو ہر بے پردگی باعث شرمندگی ہے
- اللہ تعالیٰ کا ڈر اور خوش خلقی جنت میں لے جانے والے ہیں
- جو خدا سے ڈرتا ہے اس سے سب ڈرتے ہیں (حسن بصری رحمہ اللہ)
- مسلمان کو حقیقی خوشی... اپنے رب کو خوش کرنے سے حاصل ہوتی ہے
- دین سارا کا سارا... ادب (ہی کا نام) ہے

مصیبتوں کو چھپاؤ کہ قرب حق نصیب ہوگا (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)

- مصیبت کا نازل ہونا ہلاکت کے لیے نہیں... بلکہ امتحان کے لیے ہوتا ہے
- اپنی عزت و آبرو کی حفاظت کرو... اور اسے لوگوں کی چہ میگوئیوں کا نشانہ نہ بننے دو
- تیرا عمل تیرے عقائد کی اور تیرا ظاہر باطن کی علامت ہے
- غصہ منہ کھول دیتا ہے... اور آنکھیں بند کردیتا ہے
- نماز کے احکام و آداب سیکھتے رہیے... تاکہ وہ قبولیت کے قریب ہوسکے
- مخلوق سے محبت... ان کی خیرخواہی اور خدمت کرنا ہے
- جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے... تمام چیزیں اس سے ڈرتی ہیں
- تیرا ظاہر تیرے باطن کی اور تیرا عمل تیرے عقیدہ کی... دلیل ہے
- خندہ پیشانی سے پیش آنا... سب سے پہلی نیکی ہے
- کسی سوال کا جواب معلوم نہ ہو تو لاعلمی کا ظاہر کردینا... نصف علم ہے
- اللہ تعالیٰ کو ہر وقت اپنے ساتھ سمجھنا... افضل ترین عبادت ہے
- مومن جس قدر بوڑھا ہوتا ہے اس کا ایمان طاقت ور ہوتا ہے

- اس پر تعجب ہے جو شیطان کو دشمن سمجھتا ہے... پھر بھی اس کی اطاعت کرتا ہے
- صحبت اچھی ہو یا بری... اپنا اثر ضرور دکھاتی ہے
- اللہ والے کی صحبت نصیب ہو جانا... دُنیا میں جنت ہے
- لوگوں کی نیکیوں کو ظاہر... اور برائیوں سے چشم پوشی لازم ہے
- اکابر و اَسلاف سے بدگمانی... ہزار گمراہیوں کا مجموعہ ہے
- مصیبت کی جڑ بنیاد... انسان کی گفتگو ہے
- زبان کی لغزش... پاؤں کی لغزش سے بہت خطرناک ہے
- زبان کی حفاظت... دولت کی حفاظت سے زیادہ مشکل ہے
- بلند آواز سے رونا بے صبری اور قہقہہ مار کر ہنسنا... بے وقوفی کی دلیل ہے
- خوشامدی لوگ تیرے لیے تکبر کا تخم ہیں (حضرت جعفر رضی اللہ عنہ)
- گمنامی پسند کر کہ اس میں ناموری کی نسبت بڑا امن ہے (شیخ جیلانی)
- انسان کا سب سے اچھا سرمایہ... اس کے اچھے اعمال ہیں
- دولت مندی کی مستی سے... خدا کی پناہ مانگو کہ اس سے بہت دیر سے ہوش آتا ہے
- بہترین عمل دوسروں کو دینا ہے... نہ کہ دوسروں سے لینا
- عمل بلا صحبت... اور صحبت بلا عمل... خطرہ سے خالی نہیں
- تین چیزیں انسان کو تباہ کر دیتی ہیں... قرض... حسد... غرور
- دانا وہ ہے جو کم بولے اور زیادہ سنے
- مصائب و مشکلات کے حل کے لیے بہترین وظیفہ... دُعا ہے
- انسان روزہ نماز سے نہیں... بلکہ معاملات سے پہچانا جاتا ہے
- اہل کرم وہ ہیں... جو غیر کی حاجت کو... اپنی حاجت پر مقدم رکھیں
- دُعا میں حلاوت... دُعا کی قبولیت کی علامت ہے

- ادب بہترین کمالات اور خیرات... افضل ترین عبادت سے ہے
- حقیقی عابد وہ ہے... جو خدمت خلق میں مصروف ہے
- انسان کے لیے بری صحبت سے... بڑھ کر... کوئی چیز بری نہیں
- ہر چیز کی زکوٰۃ ہے... گھر کی زکوٰۃ مہمان خانہ ہے
- ایمان دل میں ہے... جس کا اظہار... عمل سے کیا جاتا ہے
- مصائب کا مقابلہ... صبر اور نعمتوں کی حفاظت... شکر سے کرو
- غیر مسلم کی دُعا بھی قبول ہو جاتی ہے... تو پھر مسلمان کے لیے مایوسی کیسی؟
- اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مایوسی کفر ہے اس لیے مایوسی سے بچئے
- اللہ والوں کی صحبت ہزار خلوت سے زیادہ بہتر ہے
- اِخلاص اور اتباع سنت کے بغیر ہر عمل بے کار ہے
- دین کا ہر کام دین کے دائرہ میں کیا جائے تو ضرور موثر ہوتا ہے
- صلہ رحمی سے نیکیاں قبول... اور گناہ معاف ہوتے ہیں
- خود کو بڑا سمجھنا... تمام روحانی امراض کی... جڑ ہے
- کامل مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں
- کسی کو حقارت کی نظر سے دیکھنا بھی... بدنظری میں داخل ہے
- دل کا گناہ کے ارادہ سے پاک ہو جانا... تقویٰ کہلاتا ہے
- مرشد کامل کی صحبت نصیب ہونا... دین و دُنیا میں کامیابی کی ضامن ہے
- اللہ والوں کی باتیں... دل کی دُنیا بدل دیتی ہیں
- انسان کا ظاہری حلیہ اس کے باطن کا آئینہ دار ہے
- صلہ رحمی سے مال... عمر اور رزق... بڑھا دیا جاتا ہے
- ہر انسان ہر وقت آزمائش میں ہے... یہی دُنیا کا دستور ہے

- اتباع سنت کے بغیر... محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا دعویٰ جھوٹا ہے
- تکمیل ایمان کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت غالب ہونا ضروری ہے
- باہمی محبت... اور خوش اَخلاقی سے... گھر آباد ہوتے ہیں
- اولاد کی دینی تربیت وقت کا اہم ترین تقاضہ ہے اس میں غفلت نہ کیجئے
- آدمی کی کم عقلی کا اندازہ... کثرت کلام سے ہوجاتا ہے
- خلوص یہ ہے... کہ ہر وقت ہر حال میں... اللہ تعالیٰ پر نظر رکھے
- شریعت کا آسان ترین عمل نکاح ہے... جسے ہم نے مشکل ترین بنا رکھا ہے
- انسان کو عمر نہیں اس کی ذمہ داریاں بوڑھا کرتی ہیں
- کل بیوی شوہر کو اپنا سرتاج سمجھتی تھی اور آج بیوی شوہر کو اپنا محتاج سمجھتی ہے
- عدل وانصاف حشر پر ہی موقوف نہیں... زندگی خود بھی گناہوں کی سزا دیتی ہے
- اللہ تعالیٰ کے قرب کے لیے... تمام گناہوں کو چھوڑنا ضروری ہے
- روزانہ رات کو توبہ کرنے کی عادت بنایئے اس سے نامہ اعمال میں گناہ کم سے کم ہونگے
- اَسلاف کی تاریخ... ہر دور میں... مشعل راہ ہے
- کوئی مرض ایسا نہیں... جس کی دوا موجود نہ ہو
- کسی کو نصیحت پر خود عمل کرنا... مشکل ترین کام ہے
- مختصر درود پڑھئے... دس نیکیاں... دس گناہ معاف... دس درجے بلند
- اللہ تعالیٰ کی معرفت... اس کی ذات وصفات کے تذکرہ سے حاصل کی جاسکتی ہے
- مومن کیلئے موت سے بڑھ کر کوئی تحفہ نہیں... جس سے وہ محبوب حقیقی سے ملاقات کرتا ہے
- آپس میں سلام کا رواج عام کرو... محبت بڑھے گی
- برے لوگوں کی صحبت دین ودُنیا کو برباد کر دیتی ہے
- زبان ذاکر... دل شاکر اور عورت فرمانبردار ہو... یہ عظیم دولت ہے

- دُنیا کے لیے ترقی کرنے والے... آخرت کی ترقی کا بھی سامان کرلے
- شیطان کی ناکامی کا سب سے بڑا سبب... تکبر اور شیخی
- اللہ تعالیٰ سے ہر حال میں مدد کا طریقہ... نماز اور صبر
- دُنیا کی راحتیں عارضی اور دھوکہ ہیں... حقیقی راحت آخرت میں ہے
- غذا سے جسم کو... اور قناعت سے روح کو... راحت ملتی ہے
- اے انسان! اگر تو کسی کو نفع نہیں دے سکتا... تو اسے اپنے شر سے بچا
- کسی کو برملا نصیحت کرنا... ایک طرح کی ملامت ہے... خلوت کی نصیحت اثر کیے بغیر نہیں رہتی
- عورتوں میں ایک قسم کا ضعف ہے... اور اس کا علاج تحمل ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- اَسلاف سے بیزاری... ہزار گمراہیوں کا مجموعہ ہے
- زندگی ایام کے مجموعہ کا نام ہے... ہر دن کا گزرنا ہمیں موت کے قریب کررہا ہے
- بہر غفلت یہ تیری ہستی نہیں... دیکھ جنت اس قدر سستی نہیں
- بارگاہ خداوندی میں بندہ کے آنسو... جواہرات سے زیادہ قیمتی ہیں
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر بکثرت درود بھیجنے والا... سفارش کا مستحق ہوگا
- قیامت کے روز... سب سے پہلے... نماز کا سوال ہوگا
- بلاؤں کا نازل ہونا ہلاکت کے لیے نہیں... بلکہ امتحان کے لیے ہوتا ہے
- دل کی سب سے بڑی بیماری... حسد ہے... جس کا علاج صحبت اہل اللہ ہے
- مسلمانو! خداتعالیٰ کی نعمتوں میں غور کرو... لیکن خدا کی ہستی میں غور نہ کرنا
- حیا اور کم گوئی... ایمان کا حصہ ہے... زیادہ بولنے والا نقصان میں رہتا ہے
- وہ دسترخوان بہت بڑی برکت والا ہے... جس پر کوئی یتیم بیٹھ کر کھانا کھائے
- انسان کا سب سے اچھا سرمایہ... اس کے اچھے اعمال ہیں
- جو اپنی ضروریات بڑھالیتا ہے... اسے اکثر اپنی محرومی کا غم رہتا ہے

- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کسی کو اتنی تکلیف نہیں دی گئی... جتنی مجھے دی گئی
- ذکر الٰہی شیطان کے لیے بمباری کی طرح ہے... بہترین صدقہ... زبان کی حفاظت
- سب سے بڑا گناہ... خدا تعالیٰ کی نسبت بدگمانی کرنا ہے (حدیث مسند الفردوس)
- علم کا ایک باب سیکھنا... ہزار رکعات نوافل سے بہتر ہے
- نیکی کے کسی کام کو حقیر نہ جانو... اگرچہ اپنے مسلمان بھائی سے مسکراتے ہوئے ملنا ہی ہو
- انسان نماز روزہ سے نہیں... بلکہ معاملات سے پہچانا جاتا ہے
- دین عبادت سے شروع ہوتا ہے... اور اَخلاق پر مکمل ہوتا ہے
- نظر کی حفاظت کے بغیر... فسق وفجور سے بچنا دشوار ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- جو علم نافع نہ ہو وہ انسان کے لیے وبال ہے... اس لیے علم نافع کی دُعا کی جائے
- سادہ غذا، ہلکی ورزش، پاکیزہ خیالات... دواؤں سے چھٹکارا، صحت کے کمالات
- جو آدمی زمین والوں پر رحم نہیں کرتا... اللہ تعالیٰ بھی اس پر رحم نہیں کرتا
- جب توقع ہی اٹھ گئی غالب... اب کسی کا گلہ کیا کرے کوئی
- مخلوق کی خدمت... اللہ تعالیٰ کی نگاہ میں بہترین عبادت ہے
- مُردوں کو برا کہنے والا... ہلاکت کے قریب ہے
- سخاوت کے بعد احسان جتانا... نہایت کمینگی ہے
- اپنی برائیوں سے آنکھیں بند کرنے والا... دوسروں کی برائیاں تلاش کرتا ہے
- خوش نصیب ہے وہ شخص... جو اپنے نصیب پر... خوش ہے
- جس شخص کے دل میں ذرہ برابر غرور ہوگا... وہ جنت میں داخل نہیں ہوگا
- مرد کا بننا... فرد کا بننا ہے... اور... عورت کا بننا... خاندان کا بننا ہے
- تکبر اور غرور... نیکیوں کو برباد کر دیتا ہے نیک عمل دل کو اس طرح زندہ رکھتا ہے... جس طرح بارش زمین کو زندہ رکھتی ہے

- عورتوں کی دینداری کے مقابلہ میں...انکی خوبصورتی کو ترجیح نہیں دینی چاہئے (دیلمی)
- سب سے بڑی غلطی...اپنی غلطیوں سے بے خبری ہے
- لوگ بیماری کے ڈر سے غذا چھوڑ دیتے ہیں...لیکن عذاب الٰہی کے ڈر سے گناہ نہیں چھوڑتے
- گناہ کسی نہ کسی صورت میں...دل کو بے قرار رکھتا ہے
- انہیں رنج و غم میں بھی راحت ملے گی...اٹھانا جو دست دُعا جانتے ہیں
- اللہ تعالیٰ اس آدمی کو پسند نہیں کرتا...جو میلا کچیلا اور پریشان حال ہو (بیہقی)
- یاد کا نام درود ہے...ادب کا نام فیض ہے
- کاموں میں اچھا کام وہی ہے جس میں نہ افراط ہو نہ تفریط ہو...یعنی درمیانی ہو (بیہقی)
- مسلمان پر لعنت کرنی ایسی ہی بات ہے...جیسے کہ اس کو جان سے مار ڈالنا (طبرانی)
- ہمیشہ باوضو رہنا...رزق میں برکت کا ذریعہ ہے
- یہ اللہ تعالیٰ کی تعظیم کا ایک حصہ ہے کہ...کسی سفید بال والے مسلمان کا احترام کیا جائے (ابوداؤد)
- پروردگار عالم فیاض ہے...اور فیاضی کو پسند کرتا ہے (حدیث بیہقی)
- مسلمان وہ ہے...جو ہوشیار اور دانا اور ہر حالت میں...احتیاط کرنیوالا ہے (قضاعی)
- پریشانی حالات سے نہیں...خیالات سے ہوتی ہے
- کوئی بات کھٹکے تو...اپنے دل سے پوچھو...کہ وہ بہترین مفتی ہے
- غیرت...ایمان کی...اور بے غیرتی منافقت کی نشانی ہے (حدیث بیہقی)
- جب تمہیں اپنی نیکی اچھی لگنے لگے...اور برائی بری محسوس ہو تو تم مومن ہو (مشکوٰۃ)
- جن لوگوں کے اَخلاق بُرے ہوں...وہ جنت میں کبھی داخل نہ ہوں گے (ترمذی)
- ہمیں سونے کی طرح ہونا چاہئے...جس کو جتنا بھی توڑا جائے...وہ سونا ہی رہتا ہے
- دُنیا کی چیزوں میں...سب سے اچھی چیز...نیک بخت بیوی ہے (نسائی)
- میاں بیوی دونوں ایک دوسرے کے رفیق بن کر...گھر کو خوشیوں کا گہوارہ بنا سکتے ہیں

- حلیم آدمی کا درجہ... نبی کے قریب قریب ہوتا ہے (خطیب)
- کردار کی تعمیر گود سے شروع ہوتی ہے... قبر تک جاری رہتی ہے
- آدمی کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ... وہ فضول چیزوں کو چھوڑ دے
- اچھا مال... اچھے آدمی کے لیے... اچھی چیز ہے (احمد)
- جن لوگوں کے اَخلاق برے ہوں... وہ جنت میں کبھی داخل نہ ہوں گے (ترمذی)
- مسلمان پر لعنت کرنی ایسی ہی بات ہے... جیسے کہ اس کو جان سے مار ڈالنا (طبرانی)
- سب سے بڑا وظیفہ... دُعا ہے جسے کسی حال میں بھی نہیں چھوڑنا چاہیے
- معاملات میں صفائی... وعدے کی پابندی... تجارت میں برکت کا گُر ہے
- شیطان کو زیر کرنے کا نسخہ... بکثرت ذکر اللہ اور اتباع شریعت
- آخرت کا کام آج کر... دُنیا کا کام کل پر چھوڑ دے (یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- سب سے بڑا وظیفہ... گناہ سے... بچنا ہے... خاص طور پر... گناہ کبیرہ سے
- جب انسان کی روش اللہ کی مرضی کے مطابق ہوتی ہے تو وہ دشمنوں کو بھی دوست بنالیتا ہے
- عیال دار کے اعمال.. مجاہدین کے اعمال کیساتھ.. آسمان پر جاتے ہیں (عثمان رضی اللہ عنہ)
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام فضائل وکمالات... ختم نبوت میں منحصر ہیں
- تنہائی کی نصیحت اثر کیے بغیر نہیں رہتی... برملا نصیحت گویا ملامت ہے
- اللہ تعالیٰ کا محبوب بننے کا آسان نسخہ... اتباع سنت کو لازم پکڑو
- اے اللہ ہمیں بھی شہادت... اور مدینہ منورہ کی موت نصیب فرما آمین
- تو سمجھ میں تو آتا ہے نظر نہیں آتا... میں سمجھ گیا تیری پہچان یہی ہے
- اگر اللہ تعالیٰ کو اپنا بنانا ہو تو اس سے خوب مانگو.. مخلوق کو اپنا بنانا ہو تو اس سے مت مانگو
- اہل اللہ سے کرامت مت ڈھونڈو... بلکہ ان کا وجود ہی کرامت ہے (یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- عقلمند وہ ہے جو اپنے نفس کو پہچان لے... اور آخرت کے لیے تیاری کرلے

- نیک بننے کی اتنی ہی کوشش کرو... جتنا حسین بننے کی کرتے ہو
- جنتی عورت کی علامت... شوہر اس کو دیکھ کر خوش ہو جائے
- انبیاء علیہم السلام دُنیا کے فضول کھیل کود کو... ختم کرنے کیلئے مبعوث فرمائے گئے
- اسلام میں پسندیدہ کھیل... تیراکی... اور نیزہ بازی ہے
- گناہ کے بعد دل میں ندامت بھی... توبہ کی شاخ ہے (یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- وعظ گوئی سے پرہیز کرو... جب تک خود پورے عامل نہ بن جاؤ (امام غزالی رحمہ اللہ)
- نرم لہجہ کا اثر... الفاظ سے زیادہ ہوتا ہے
- اپنے دوست و دشمن کی تمیز نہ کرنا... جہالت کی نشانی ہے
- احسان سب جگہ بہتر ہے... لیکن ہمسایہ کے ساتھ... بہترین ہے... (یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- سادہ غذا، ہلکی ورزش، پاکیزہ خیالات... دواؤں سے چھٹکارہ... صحت کے کمالات
- اہل وعیال کو صلاحیت سے رکھنا... اور ادب سکھانا جہاد سے افضل ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- ضروری حاجتیں... دُنیا طلبی میں داخل نہیں ہیں (یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- قرآن کریم... بیمار دلوں کے لیے... روحانی وجسمانی نسخہ شفا ہے
- نیک گمان کرنا... عبادت میں داخل ہے... بدگمانی کیلئے دلیل کی ضرورت ہے (ابی داؤد)
- مسجد سے کوڑا کباڑ نکالنا... بڑی آنکھوں والی حوروں کا مہر ہے (طبرانی)
- دانائی کی سب سے بڑی بات... اللہ تعالیٰ سے ڈرنا ہے (ترمذی)
- اخراجات میں میانہ روی اختیار کرنا... بعض قسم کی تجارتوں سے اچھا ہے (طبرانی)
- دشمن جو زیر ہو تو لو سخت انتقام... سخت انتقام جو ہے وہ درگزر میں ہے
- غنیمت سمجھ زندگی کی بہار... نہیں آنا تجھ کو یہاں بار بار
- غیرت، ایمان کی علامت ہے... اور بے غیرتی منافقت کی نشانی ہے (بیہقی)
- خدا نرمی کو پسند کرتا ہے اور نرمی پر جو ثواب عطا کرتا ہے وہ سختی پر کبھی عطا نہیں کرتا (مسند احمد)

- دُنیا کو جیب میں رکھنا جائز ہے... مگر دل میں رکھنا حرام ہے
- سب سے زیادہ کامل ایمان اس شخص کا ہے... جس کے اَخلاق عمدہ ہوں (مسند احمد)
- یہ اللہ تعالیٰ کی تعظیم کا ایک حصہ ہے کہ کسی سفید بال والے مسلمان کا احترام کیا جائے (ابوداؤد)
- اگر تمہیں معلوم ہو جائے کہ پہلی صف میں کیا فضیلت ہے تو قرعہ اندازی کرنی پڑے (صحیح مسلم)
- نزع کی آخری ہچکی کو... ذرا غور سے سن... عمر بھر کا خلاصہ اسی آواز میں ہے
- سب سے بڑا گناہ... اللہ تعالیٰ کی نسبت بدگمانی کرنا ہے (مسند الفردوس)
- ہوشیار... والدین کی خدمت یا تکلیف پہنچانے پر... نقد صلہ ملتا ہے
- وہ دستر خواں بہت بڑی برکت والا ہے جس پر کوئی یتیم بیٹھ کر کھانا کھائے (دیلمی)
- حق بات کہنے سے زیادہ... کوئی صدقہ نہیں ہے (بیہقی)
- جو مانگنے کا طریقہ ہے اس طرح مانگو... در کریم سے بندے کو کیا نہیں ملتا
- مسواک... منہ کی پاکی... اور پروردگار کی خوشنودی کا ذریعہ ہے (حدیث نسائی)
- گھڑی بھر غور و فکر کرنا... ساٹھ برس عبادت کرنے سے بہتر ہے (ابوالشیخ)
- جس درجے کے آدمی ہوں... ان کے ساتھ اسی درجے کے موافق پیش آؤ (مسلم)
- کسی مسلمان کو کسی قسم کی... تکلیف پہنچانا حرام ہے
- جو آدمی لوگوں سے نہیں شرماتا... وہ اللہ تعالیٰ سے بھی نہیں شرماتا (طبرانی)
- وعدہ ایک قرض ہے... کم بختی ہے اس کی جو وعدہ کے خلاف کرے (ابن عساکر)
- سب سے افضل صدقہ وہ ہے جو بغض رکھنے والے رشتے دار کو دیا جائے
- ہر کام میں دیر کرنا اچھا ہو گا مگر آخرت کے کام میں دیر کرنا اچھا نہیں ہے (ابوداؤد)
- میری امت کے بوڑھوں کی تعظیم کرنا... میری تعظیم کرنا ہے (خطیب)
- (اے اللہ) تیرا ذکر ہے میری زندگی... تیرا بھولنا میری موت ہے
- قناعت ایک ایسی دولت ہے جو... کبھی تمام نہیں ہوتی (قضاعی)

- اللہ تعالیٰ اپنے ان بندوں کو پسند کرتا ہے... جو غیرت مند ہوں (طبرانی)
- عزت و شہرت... قربانی سے ملتی ہے... دھوکے سے نہیں
- وہ گناہ... سب سے بڑا ہے... جسے کرنے والا... چھوٹا سمجھے
- صد حیف بندے ہیں بہت دور خدا سے... صد شکر کہ بندوں سے خدا دور نہیں
- بہترین ضیافت وہ ہے... جس میں غریب مسلمان کا اکرام کیا جائے
- ہر گناہ کی توبہ ہے... مگر بداَخلاقی کی توبہ نہیں... سوائے تدارک کے
- ایمان... دل میں ہے... جس کی علامت... اعمال صالحہ ہیں
- نرم الفاظ پر کچھ خرچ نہیں ہوتا... لیکن ان کی قیمت بہت زیادہ ہوتی ہے
- حاسد قابل رحم ہے کیونکہ وہ پہلے ہی حسد کی آگ میں جل رہا ہے
- کوئی نیکی ایسی نہیں جو ضائع ہو جائے اس لیے کسی نیکی کو معمولی نہ سمجھیں
- جو دروازہ غریبوں کے لیے نہ کھلے... وہ معالج کے لیے کھلتا ہے
- ناکامی کا خوف... کامیابی کی بنیاد ہے کہ شہسوار ہی میدان میں گرتے ہیں
- اتفاق واتحاد کا واحد ذریعہ... قرآن کریم جو اللہ کی رسی ہے اس کو مضبوطی سے تھاما جائے
- دُنیا عمل کی... قبر آرام کی... اور جنت اکرام کی جگہ ہے
- اٹھ باندھ کمر کیا ڈرتا ہے... پھر دیکھ خدا کیا کرتا ہے
- جو تمہارے ہر قول و فعل کی تعریف کرے... وہ تمہارا وفادار نہیں
- زبان کا زخم... تلوار کے زخم سے گہرا ہے اس لیے احتیاط کیجئے
- آدمی کے اسلام کی خوبی یہ ہے کہ وہ فضولیات کو چھوڑ دے
- غم سے فوری نجات کے لیے... دُعا اور نماز میں مشغول ہو جایئے
- دوسروں کے لیے اپنی خوشیاں قربان کر دینا... بڑا پن ہے
- دولت کوشش کے بغیر بھی حاصل ہو جاتی ہے... علم کوشش کے بغیر حاصل نہیں ہوتا

- دل سے جو بات نکلتی ہے...اثر رکھتی ہے
- مسکراہٹ...دُنیا میں سب سے سستی...اور عمدہ چیز ہے...بخل نہ کیجئے
- سب سے بہترین وراثت...اچھا چال چلن ہے
- غنیمت جانئے مل بیٹھنے کو...جدائی کی گھڑی سر پہ کھڑی ہے
- جب کام زیادہ ہوں تو سب سے پہلے اہم کام کو ہاتھ میں لو
- نظر اس وقت تک...پاک ہے جب تک...اٹھائی نہ جائے...اس لیے احتیاط کیجئے
- نیک عمل وہ ہے جس پر لوگوں سے...تعریف کی امید نہ رکھی جائے
- خلاف سنت عمل...کتنا ہی دلفریب کیوں نہ ہو لیکن نامہ اعمال میں بے وزن ہے
- جس کے پاس روزہ دار کھانا کھائے...فرشتے اس پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں
- اپنے گھروں میں نماز پڑھا کرو...نوافل گھروں میں پڑھنا مت چھوڑو
- اللہ کا ذکر بڑی نعمت ہے...جتنی بھی میسر ہو کم ہے
- ایک پوشیدہ دُعا...ظاہری 70 دُعاؤں کے برابر ہے
- قلیل عمل جو سنت کے مطابق ہو...اس کی نورانیت بڑھ جاتی ہے
- دُنیا دار العمل ہے...لہٰذا کسی بھی چھوٹی نیکی کرنے میں بھی سستی نہ کیجئے
- وہ علم...جو تمہاری اصلاح نہ کر سکے...گمراہی ہے
- ہر ایک مومن پر علم دین سیکھنا فرض ہے...کیا آپ اس فریضہ سے سبکدوش ہو چکے ہیں
- قرآن کریم کے عجائب وغرائب...کبھی ختم نہ ہوں گے
- عقلمند وہ ہے جو اپنی زبان کو...دوسروں کی برائی و مذمت سے بچالے
- غریبوں کے ساتھ دوستی رکھو اور امیروں کی مجلس سے پرہیز کرو
- مصیبت کی جڑ اور بنیاد...انسان کی گفتگو
- صلحاء کی صحبت کا ثمرہ...دُنیا و آخرت دونوں میں ملتا ہے

- سب سے بڑی مال داری...ضروریات کو کم کر لینا ہے
- عقلمند وہ ہے جو اپنے نفس کو پہچان لے...اور آخرت کی تیاری کر لے
- جس میں ادب نہیں...اس میں سب برائیاں ہی برائیاں ہیں
- نماز میں دل کی...مجلس میں زبان کی...اور غصہ میں ہاتھ کی حفاظت کرو
- اللہ تعالیٰ کا خوف بقدر علم...اور بے خوفی...بقدر جہالت ہوتی ہے
- رزق انسان کو ایسے ہی طلب کرتا ہے...جیسے اسے موت طلب کرتی ہے
- مسلمانوں میں بہتر وہ ہے جس کے ہاتھ وزبان سے مسلمان سلامت رہیں
- ہم میں سے ہر شخص...ہر وقت دین کا محتاج ہے...اس لیے دین کا علم بھی ضروری ہے
- انسان کا اپنی زندگی کو درست کرنا...اس کی عقلمندی ہے
- بُرا آدمی کسی کے ساتھ...نیک گمان نہیں رکھ سکتا
- بہترین جہاد...انتقام کی قدرت رکھتے ہوئے بھی غصہ کو پی جانا
- کمال محبت یہی ہے کہ...کمال اتباع سنت نصیب ہو جائے
- جو شخص باطن کو درست کر لیتا ہے...اللہ تعالیٰ اسکے ظاہر کو بھی درست کر دیتا ہے
- حافظہ کو بڑھانے کا نسخہ...مسواک...روزہ...تلاوتِ قرآن
- اللہ تعالیٰ کی محبت دل میں پیدا ہو جائے...تو تمام احکام آسان ہو جائیں
- اہل وعیال والے مفلس کی خفیہ مدد کرنا...نیکی اور شرافت ہے
- نیک کی صحبت کا ثمرہ...دُنیا وآخرت دونوں میں ملتا ہے
- اللہ تعالیٰ نے سجدہ کی جگہ کو...آگ پر حرام فرما دیا ہے
- بہترین عمل وہ ہے...جس کو اللہ تعالیٰ قبول فرما لیں
- لوگوں کے ساتھ حسن اَخلاق سے پیش آنا...نصف عقل ہے
- خود کو کسی تعمیری کام میں مصروف کر لینا...پریشانی دور کرنے کا آسان طریقہ ہے

- ظلم کرنے والا... اپنی ہلاکت کا انتظار کرے
- نصیحت کی بات قبول کرلو... چاہے کڑوی ہو
- صدقہ کی برکت سے آنے والی مصیبت و تکلیف... ٹال دی جاتی ہے
- قبولیت دُعا کے اوقات میں سے... ختم قرآن کا موقع بھی ہے
- سب سے بڑی بزرگی یہ ہے کہ... حرام کردہ چیزوں سے بچو
- کیا خوب ہیں وہ آنکھیں... جس سے خوف خدا سے آنسو نکل آئیں
- رکھتے ہیں محبوب عاقل موت کو... یاد رکھ ہر وقت غافل موت کو
- جو شخص گناہوں کو ترک کردے... فرشتے اس کو محبوب رکھتے ہیں
- حسنِ سوال... آدھا علم... اور حسنِ تدبیر... آدھی معیشت ہے
- اپنے مال کی خاطر لڑنے والا... آخرت میں شہیدوں میں شامل ہوگا
- بہترین دن وہ ہے... جس میں تمہیں کامل توبہ نصیب ہو جائے
- بدکار اور برے آدمی کی صحبت سے... سانپ کی صحبت بہتر ہے
- والدین کا حکم قبول کرلو... چاہے ناگوار ہو
- قرآن فہمی کامیابی کی ضامن اور وقت کی... اہم ضرورت ہے
- نادانوں کی بات پر تحمل... عقل کی زکوٰۃ ہے اور ان سے درگزر کرنا عقلمندی ہے
- دُعا کرنے کا کام نہیں... بلکہ عاجزی کے ساتھ مانگنے کا نام ہے
- اللہ تعالیٰ ہر دُعا کو سنتے ہیں لیکن کوئی عاجزی سے دُعا تو کرے
- عبرت کی چیزوں میں سے... موت عبرت کے لیے کافی ہے
- نیک بننے کی کوشش کرو... جیسے حسین بننے کی کوشش کرتے ہو
- قرآن... زندگی کا مقصد متعین کرتا ہے اور اس کا دستور العمل بتاتا ہے
- رنج دور کرنے کا نسخہ... ذکر اللہ، اولیاء اللہ کی ملاقات... عقل مندوں کا کلام

- فضول کلام زیادہ کھانا اور زیادہ سونا... ہلاکت کا ذریعہ ہے
- نجات کا راستہ... زبان کو بند... گھر میں قیام اور گناہوں پر ندامت
- جس پر نصیحت اثر نہ کرے..وہ سمجھ لے کہ میرا دل ایمان سے خالی ہے (صدیق اکبر رضی اللہ عنہ)
- سلام کو عام کرنے سے ایک دوسرے کے لیے...دُعاؤں کا سلسلہ عام ہو جاتا ہے
- رزق اللہ تعالیٰ کے ذمہ ہے...جو انسان کو نہ چاہتے ہوئے بھی ضرور ملتا ہے
- راحت کثرت آمدنی میں نہیں...قلت مصارف میں ہے
- بردبار کو غصے کے وقت...آزمایا جاتا ہے
- سب سے بہادر... بدلہ نہ لینے والا ہے
- تکبر علم کو غصہ عقل کو اور جھوٹ...رزق کو کھا جاتا ہے
- ہر وقت اللہ تعالیٰ کی رحمت کے امیدوار رہو...اور دل میں خوفِ خدا بھی رکھو
- سب سے اچھی خیرات...معاف کر دینا ہے
- توبہ واستغفار کے ذریعے اپنے گناہوں کو معاف کرانے کا یومیہ معمول بنایا جائے
- عورت اگر ہمت کرلے تو...خاندان بھر کو دیندار بنا سکتی ہے
- شیطان کو زیر کرنے کا نسخہ...بکثرت ذکر اللہ اور اتباع شریعت
- ہر چیز کا دل ہوتا ہے اور قرآن مجید کا دل...سورہ یٰسین ہے
- قرض ادا کرنے کی طاقت کے باوجود ایک لمحہ دیر کرنا بھی ظلم ہے
- ہر نماز اس فکر سے ادا کریں...کہ وہ گزشتہ نماز سے اچھی ہو
- میرے صحابہ تاروں کی مانند ہیں جس کی پیروی کرو گے ہدایت پا جاؤ گے
- اللہ تعالیٰ کی رحمت...اس کے غضب پر غالب اور وسیع ہے
- ایک لمحہ کے واسطے اللہ کا ہو رہنا...تمام مخلوقات کے اعمال سے بہتر ہے
- گناہ کے بعد دل سے ندامت بھی...توبہ کی شاخ ہے

- حقوق العباد کی فکر کیجئے اور اپنے معاملات کو وصیت کے ذریعے صاف رکھئے
- آخرت کیلئے مدرسہ بنانا دُنیا کا نقصان اور دُنیا کیلئے مدرسہ بنانا آخرت کا نقصان
- عبادت سے جنت... خدمت سے خدا ملتا ہے
- ساماں... سو برس کا... اور پل بھر کی خبر نہیں
- حادثات دُنیا کی تلخی... کڑوی دوا کی طرح ہے
- سب سے بڑی فکر یہ ہونی چاہئے... کہ خاتمہ ایمان پر ہو جائے
- موسیقی... خدا سے دور کرنے اور دل کو خراب کرنے کا بڑا ہتھیار ہے
- دُنیا کی مصیبتیں بظاہر زخم ہیں... مگر درحقیقت ترقیوں کا موجب ہیں
- مسکین ہے... مسکین ہے... مسکین ہے وہ شخص جس کی بیوی نہیں
- ضرورت کے مطابق... علم دین حاصل کرنا... فرض ہے... اس کی فکر کیجئے
- عورت کا نامحرم مرد سے ملائم گفتگو کرنا بھی... بدکاری میں داخل ہے
- اگر کسی کے لیے سجدہ جائز ہوتا تو میں عورت کو حکم دیتا کہ وہ شوہر کو سجدہ کرے
- کسی سے بدلہ لینے میں جلدی نہ کرو اور کسی کے ساتھ نیکی کرنے میں دیر نہ کرو
- نیکی اور پرہیزگاری کے کاموں میں ایک دوسرے کی مدد کیا کرو (القرآن)
- جو شخص اپنے علم کے مطابق عمل کرے گا... اللہ اسے مزید علم عطا فرمائے گا
- سجدہ میں بندہ... اللہ تعالیٰ کے زیادہ قریب ہوتا ہے
- ایمان کے دو حصے ہیں... آدھا شکر میں... اور آدھا صبر میں
- خوش نصیب وہ ہے... جو دوسروں سے نصیحت حاصل کرے
- جس سے مشورہ طلب کیا جائے... وہ امانت دار ہے
- کلمہ لا الہ الا اللہ... جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے
- میری امت... گمراہی پر جمع نہیں ہوسکتی

- دانائی... مومن کی گمشدہ چیز ہے
- افضل عمل... اللہ تعالیٰ کی پہچان ہے
- اللہ جسے ہدایت دینے کا فیصلہ کرتا ہے تو اس کا سینہ اسلام کیلئے کھول دیتا ہے (القرآن)
- اپنی معاشرتی روایات کی حفاظت... ہمارا ایمانی فریضہ ہے
- جس نے اللہ کا حکم مانا... وہ کامیاب ہوگیا
- تم میں سب سے برا وہ ہے... جو اخلاق میں سب سے برا ہے
- اصل دانائی... اللہ تعالیٰ سے ڈرنا ہے
- عقل جیسی کوئی سوجھ بوجھ نہیں... اور خوش خلقی جیسی کوئی شرافت نہیں
- مبارک ہے اس کو جس کی عمر لمبی اور عمل اچھے ہوئے
- علم اور حلم سے بڑھ کر... کوئی نعمت نہیں
- سلامتی اسی میں ہے... کہ چھوٹے بن کر رہو (ارشاد حکیم الامت تھانوی رحمہ اللہ)
- ہمارا استغفار بھی کثیر استغفار کا محتاج ہے (سری سقطی رحمہ اللہ)
- تجسس نہ کرو... اور ایک دوسرے کی غیبت نہ کرو (قرآن)
- مومن کی دانشمندی سے بچو... کہ وہ اللہ کے نور سے دیکھتا ہے
- بُرے ساتھی سے اکیلا رہنا بہتر ہے
- نصیحت کے لیے... موت کافی ہے
- موت کو یاد رکھا کرو... یہ گناہوں سے بچاتی اور دُنیا سے بے رغبت کرتی ہے
- یقیناً علم... سیکھنے سے اور حوصلہ... برداشت کرنے سے آتا ہے
- اے انس! اپنی روزی کو پاک کرلو... تمہاری دُعا قبول ہوگی
- کامل مسلمان وہ ہے جس کی زبان و ہاتھ سے دوسرے لوگ سلامت رہیں
- زبان کا جرم یعنی حجم چھوٹا سا ہے لیکن اس کا جرم بہت زیادہ ہے (عربی کہاوت)

- جو تیرے ساتھ پیش آنا ہے... وہ لکھ کر قلم خشک ہو گیا ہے
- صبر کشادگی کی کنجی اور دُنیا سے بے رغبتی دائمی دولت ہے
- دین کا علم حاصل کرنا... نوافل سے افضل ہے
- اہل اللہ کے نزدیک مخلوق... بمنزلہ اولاد کے ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- حرام کاموں سے نفس کو روکنا بھی صبر کی دوسری قسم ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- اہل اللہ کو تجارت اور خرید فروخت ذکر اللہ سے غافل نہیں کرتی (حضرت یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- جو اللہ تعالیٰ سے واقف ہو جاتا ہے وہ مخلوق کے سامنے متواضع ہو جاتا ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- قول بے عمل اور عمل بے اِخلاص... نا قابل قبول ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- نفس ایسی چیز ہے جو ہمیشہ باطل کی طرف رخ کرتی ہے (حضرت بایزید بسطامی رحمہ اللہ)
- جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے... وہ بدلہ نہیں لیتا
- جس گناہ کے بعد ندامت نہ ہو... اندیشہ ہے کہ اسلام سے باہر کر دے (یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- احسان سب جگہ بہتر... لیکن ہمسایہ کے ساتھ بہترین ہے (یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- مومن کو اتنا علم کافی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا رہے (ابوبکر رضی اللہ عنہ)
- صلحاء کے تذکرہ کے وقت... رحمت نازل ہوتی ہے
- جس کے پاس بیوی گھر نوکر اور سواری ہو... وہ بادشاہ ہے (یحییٰ برمکی رحمہ اللہ)
- جب تو کمزوروں کو کچھ نہیں دے سکتا تو ان کے ساتھ مہربانی سے ہی پیش آ
- دُعا میں حلاوت دُعا کی قبولیت کی علامت ہے (حضرت شفیق بلخی رحمہ اللہ)
- نفسانی خواہش کو علم کے ساتھ اور غضب کو حلم کے ساتھ ختم کرو (علی رضی اللہ عنہ)
- غیر کے لیے کوئی صدقہ نہیں... جب قریبی رشتہ دار محتاج ہیں
- جس کی امیدیں چھوٹی ہوتی ہیں... اسکے عمل بھی درست ہوتے ہیں (علی رضی اللہ عنہ)
- ولی کبھی مشرک نہیں ہو سکتا... اور مشرک کبھی ولی نہیں ہو سکتا (حضرت لاہوری رحمہ اللہ)

- راحت و آرام جنت میں ہے... لوگ اسے دُنیا میں ڈھونڈتے ہیں
- موت سے محبت کرو... تو زندگی عطا کی جائے گی (ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ)
- عمل کو عیوب سے بچانا... اِخلاص ہے (حضرت یحیٰی برمکی رحمہ اللہ)
- سب سے اچھا اور عملی شکر یہ ہے کہ نعمتوں میں سے دوسروں کو بھی دے (علی رضی اللہ عنہ)
- خدا سے راضی ہونے کی دلیل یہ ہے کہ بندہ اس کی تقدیر پر راضی رہے (علی رضی اللہ عنہ)
- ایسی بات مت کہو... جو مخاطب کی سمجھ سے باہر ہو (حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)
- تہجد کے وقت آنکھ کھلے تو سمجھ لو... کہ آسمان سے ٹیلی فون آیا ہے
- کمینے آدمی سے دوستی نہ کرو... کیونکہ گرم کوئلہ ہاتھ جلاتا ہے اور ٹھنڈا کوئلہ ہاتھ کالے کرتا ہے
- حیرت ہے کہ انسان... تو دُنیا کے آگے ہاتھ پھیلاتا ہے... مگر شکوہ خدا سے کرتا ہے
- انگریزی پڑھ کر دیندار بننا... عربی پڑھ کر بے دین بننے سے بہتر ہے
- اس آنکھ میں کوئی خوبی نہیں... اگر وہ نہ روئے
- معلومات کو معمولات بنانے کے لیے بزرگان دین کی صحبت ضروری ہے
- جس کی امیدیں چھوٹی ہوتی ہیں اس کا کردار عمل بھی درست ہوتا ہے
- نعمت پر شکر... تکلیف پر صبر اور صبر و شکر دونوں کی جزا جنت ہے
- اس شخص سے بچو! جو اپنی برائیاں فخر کے ساتھ... لوگوں میں بیان کرتا ہے
- انکساری کا سہارا لے کر چلو... ورنہ ٹھوکر کھا کر گر پڑو گے
- اپنے آپ کو خود نصیحت کرو... کسی کی نصیحت کا انتظار نہ کرو
- اصلاح نفس کے لیے ہر کاوش پر... جہاد کا اجر و ثواب ہے
- قتال کی نسبت عام گناہوں سے بچنے کی جدوجہد کرنا... زیادہ بڑا جہاد ہے
- گناہ سے پرہیز کیا جائے تو دین و دُنیا میں مزے ہی مزے ہیں
- مومن جس قدر بوڑھا ہوتا ہے اس کا ایمان طاقت ور ہوتا ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)

- چیز کی اصل خوبی... اس کا بہترین استعمال ہے
- اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کو سوچ سوچ کر خود کو... خوش نصیب سمجھئے
- نعمت کی ناقدری محرومی کا سبب بنتی ہے اور اجتماعی ناشکری قومی زوال کا سبب بنتی ہے
- دوسروں کے حالات سے عبرت نہ پکڑنے والے کے حالات سے عبرت پکڑی جاتی ہے
- بوڑھا آدمی چراغ سحر ہے... تو جوان آدمی چراغ شام ہے
- اپنا بچہ روئے تو دل میں درد ہوتا ہے... اور دوسرے کا بچہ روئے تو سر میں درد ہوتا ہے
- علم کو روٹی کمانے کا ذریعہ نہ بناؤ... علم اپنا صلہ آپ ہے
- جتنی محنت سے لوگ جہنم خریدتے ہیں... اس سے آدھی محنت میں جنت ملتی ہے
- علم سے آدمی کی وحشت... دور ہوتی ہے
- محنت ہمارے ہاتھ میں... اور نصیب خدا کے ہاتھ میں ہے
- جس سے حسد ہو اس کے لیے... بلند درجات کے لیے دُعا کرنا حسد کا علاج ہے
- حدیث: اللہ اور اس کے فرشتے... پہلی صف پر رحمت بھیجتے ہیں (مسند احمد)
- دانائی کی سب سے بڑی بات... اللہ تعالیٰ سے ڈرنا ہے (ترمذی)
- حدیث... اللہ تعالیٰ کے نزدیک دُعا سے بڑھ کر کوئی چیز قدر کی نہیں (ترمذی)
- مسلمان تلاوت کرے اور دل کو سکون نہ ملے... یہ ناممکن ہے
- حدیث: حلیم آدمی کا درجہ... نبی کے قریب قریب ہے (خطیب)
- محنت لائق بننے کا ایک لازمی ذریعہ ہے
- حدیث: اللہ تعالیٰ ہر ایک کام میں... نرمی کو پسند کرتا ہے (صحیح بخاری)
- نیک آدمی کی وفات پر... زمین و آسمان روتے ہیں
- جسم کو نہ سنوارو کہ اس نے مٹی میں جانا ہے روح کو سنوارو کہ اس نے اللہ کے پاس جانا ہے
- حدیث: مسجد سے کوڑا کباڑ نکالنا... بڑی آنکھوں والی حور کا مہر ہے (طبرانی کبیر)

- نعمت کی قدر نہ کرنے پر... وہ نا معلوم طریقے سے چھین لی جاتی ہے
- حدیث: گھڑی بھر غور و فکر... ساٹھ برس عبادت کرنے سے بہتر ہے (ابو الشیخ)
- مسکراہٹ... دشمنی کو ختم کرنے کا ہتھیار ہے... جسے مفت حاصل کیا جا سکتا ہے
- مسلمانو! اپنی عزت کی حفاظت... اپنے مال سے کرو (ابو یعلیٰ)
- عمر دراز مانگ کر لائے تھے چار دن... دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں
- اعلیٰ صدقہ یہ ہے کہ مسلمان علم سیکھے اور دوسرے مسلمان کو سکھائے (ابن ماجہ)
- سب سے افضل صدقہ وہ ہے... جو بغض رکھنے والے رشتہ دار کو دیا جائے (حاکم)
- سن لو! تمہاری بیماری گناہ... اور تمہاری دوا استغفار ہے (بیہقی)
- حق بات کہنے سے زیادہ... کوئی صدقہ نہیں ہے (بیہقی)
- اچھا مال... اچھے آدمی کے لیے اچھی چیز ہے (احمد)
- انسان کے اچھا مسلمان ہونے کا ایک حصہ یہ ہے کہ وہ بے فائدہ کاموں کو چھوڑ دے (ترمذی)
- ہر مرض کے علاج کی ابتداء... صدقہ سے کرو
- وقت کے چھوٹے چھوٹے لمحے... سونے کے قیمتی ذرے ہیں
- سخی حبیب خدا تعالیٰ ہے اگرچہ فاسق ہو بخیل دشمن خدا ہے اگرچہ زاہد ہو
- نیکی کے عوض نیکی حق ادائیگی ہے اور بدی کے عوض نیکی احسان ہے
- قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کا سوال ہوگا
- جو شخص اللہ تعالیٰ کو بھول جاتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو اپنی پہچان بھی بھلا دیتا ہے
- خدا تعالیٰ اس شخص پر رحمت فرمائے جو میرے عیوب پر مجھے مطلع کرتا ہے
- فقیر کا ایک درہم صدقہ بہتر ہے... غنی کے لاکھ درہم صدقہ سے
- جب زبان اصلاح پذیر ہو جاتی ہے... دل بھی صالح ہو جاتا ہے
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے نوحہ کرنیوالی اور اسے کان لگا کر سننے والی دونوں پر لعنت فرمائی ہے

- ہر چیز کے ثواب کا ایک اندازہ ہے اور صبر کے ثواب کا اندازہ نہیں کہ وہ بے انداز ہے
- تو دُنیا میں رہنے کے سامانوں میں لگا ہے اور دُنیا تجھے اپنے سے نکالنے میں سرگرم ہے
- دُنیا کی عزت مال سے ہے...اور آخرت کی عزت اعمال سے ہے
- جس شخص کی امیدیں چھوٹی ہوتی ہیں اس کے عمل بھی درست ہوتے ہیں
- مصیبت میں صبر کرنا سخت ہے...مگر ثواب صبر کو ضائع نہ ہونے دینا سخت تر ہے
- مصیبت میں گھبرانا...کمال درجہ کی مصیبت ہے
- حقیقی صبر...مصیبت کو اولاً ہی برداشت کر لینا ہے
- جب انسان کی روش خداوند تعالیٰ کی مرضی سے ہوتی ہے تو وہ دشمنوں کو بھی دوست بنالیتا ہے
- موت سے محبت کرو...زندگی عطا کی جائے گی
- جو شخص کل کو اپنی موت کا دن سمجھتا ہے...موت کے آنے سے اسے کوئی تکلیف نہیں ہوتی
- اگر تو گناہ پر آمادہ ہے تو کوئی ایسا مقام تلاش کر جہاں خدا تعالیٰ نہ ہو
- میزان اعمال کو خیرات کے وزن سے بھاری کرو
- مرد بغیر عورت کے مسکین ہے اور عورت بغیر مرد کے مسکینہ ہے...خواہ وہ مالدار ہی ہیں
- تجربے کبھی ختم نہیں ہوتے اور عقلمند ان میں ترقی کرتا ہے
- دوسروں کی سینے سے شر اس وقت دور کر... پہلے اپنے سینے کی صفائی کر لے
- اللہ تعالیٰ کو ہر وقت اپنے ساتھ سمجھنا...افضل ترین عبادت ہے
- حیا کی غایت یہ ہے...کہ آدمی اپنے آپ سے حیا کرے
- عیالدار کے اعمال مجاہدین کے اعمال کے ساتھ آسمان پر جاتے ہیں
- اپنا بوجھ خلقت میں سے کسی پر نہ رکھ...خواہ کم ہو یا زیادہ
- جانور اپنے مالک کو پہچانتا ہے مگر انسان اپنے خدا کو نہیں پہچانتا
- جو شخص خواہ مخواہ اپنے آپ کو محتاج بناتا ہے وہ محتاج ہی رہتا ہے

- نعمت کا نامناسب جگہ پر خرچ کرنا ناشکری ہے
- دُنیا کیا ہے؟... دُنیا ہر وہ کام ہے جس سے آخرت مقصود نہ ہو
- اول عمر میں جو وقت ضائع کیا آخر عمر میں اس کا تدارک کرتا کہ تیرا انجام بخیر ہو
- ہر چیز کا دل ہوتا ہے... قرآن کا دل سورۂ یٰسین ہے (مفہوم حدیث)
- تمام پریشانیوں سے بچنے کا ایک اہم وظیفہ... بکثرت درود شریف
- اعتماد روح کی طرح ہے... جو ایک بار جانے کے بعد لوٹ کر نہیں آتا
- خاتمہ بالخیر کا نسخہ... تمام لوگوں کے بارہ میں اچھا گمان
- جب تمہیں پریشانی ہو تو... میری تکالیف کو سوچ لیا کرو (مفہوم حدیث)
- شہید کی جو موت ہے... وہ قوم کی حیات ہے
- خاموشی میں ستر ہزار فائدے ہیں... اور بلا مشقت کی عبادت ہے
- توبہ غسل کی طرح ہے... جتنی بار کی جائے روح میں نکھار آتا ہے
- توبہ کے لیے گناہ کا ہونا ضروری نہیں... یہ خود مستقل عبادت ہے
- یہی بات کہنے کو جی چاہتا ہے... مدینے میں مرنے کو جی چاہتا ہے
- اولیاء اللہ کی دل سے نکلی ہوئی باتیں... براہ راست دل پر اثر کرتی ہیں
- قبر سے زیادہ ناصح اور اچھی کتاب سے زیادہ مخلص دوست... کوئی نہیں
- اللہ کی نظر میں سب سے عظیم گناہ شرک ہے... جو ناقابل معافی جرم ہے
- اچھی کتابیں... وقت کے سمندر میں... روشنی کے مینار ہیں
- زندگی کا بھروسہ نہیں... اس لیے اپنے ذمہ حقوق کی ادائیگی کی فکر کیجئے
- دوسروں کی غیبت کرنے والا... تمہاری بھی کسی سے غیبت کرے گا
- زکوٰۃ کا ایک پیسہ نفلی صدقہ کی بڑی رقم پر... بھاری ہے
- خیر القرون سے تا قیامت صلحاء کا دو مبارک کاموں کا معمول... تلاوت و تہجد

- اچھی شہرت صرف علم سے ہی حاصل ہو سکتی ہے...دولت سے نہیں
- حقیقی علم وہ نور ہے...جو آدمی کو عمل کے لیے بے چین کر دے
- جذبات قابو سے باہر ہو جائیں...تو انسان دیوانگی کی حدود میں داخل ہو جاتا ہے
- جوانی میں کی جانے والی عبادت کا ثواب...بڑھاپے میں بھی ملتا رہتا ہے
- تم میں سے بہترین وہ ہے...جو اپنے گھر والوں سے اچھا ہے (مفہوم حدیث)
- چہرہ دل کا آئینہ ہے...اسے ہر دم صاف رکھو
- اولاد کا حق...اچھا نام رکھنا...اچھی پرورش کرنا...بالغ ہونے پر اچھی جگہ رشتہ کرنا
- جس طرح غیبت کرنا حرام ہے...اسی طرح غیبت سننا بھی حرام ہے
- غیبت سے بچنے کا آسان طریقہ یہ ہے کہ...دوسروں کا تذکرہ ہی نہ کیا جائے
- کوئی بیماری ایسی نہیں...جس کی دوا نازل نہ کی گئی ہو (مفہوم حدیث)
- اسلام کامل کی علامت...زبان اور ہاتھ کے شر سے دوسروں کی حفاظت
- خوش کلامی ایسا پھول ہے...جو کبھی نہیں مرجھاتا
- بلند حوصلہ...انسان کے ہاتھ میں مٹی کو بھی سونا بنا دیتا ہے
- یک زمانہ صحبت با اولیاء...بہتر از صد سالہ طاعت بے ریا
- بخیل کی تواضع...متکبر سخی سے بہتر ہے
- نیت...چھوٹے عمل کو بڑا...اور بڑے کو چھوٹا بنا دیتی ہے
- کسی کو حقارت کی نظر سے دیکھنا بھی...بد نظری میں شامل ہے
- انسان کا ہر سانس...موت کی طرف ایک قدم ہے
- دین کا صحیح علم...دین پر بآسانی عمل کا ذریعہ ہے
- بندہ اپنی لاعلمی یا سستی کی وجہ سے...دین پر عمل کرنا مشکل بنا لیتا ہے
- اللہ تعالیٰ کی معرفت اس کی مبارک صفات میں تدبر کے ذریعے...حاصل کی جا سکتی ہے

- سیکھ کر کیا جانے والا عمل...ثواب اور تاثیر میں بڑھ جاتا ہے
- ہر وقت باوضو رہنا...فراخی رزق کے لیے مجرب عمل ہے
- حدود میں رہ کر خوش طبعی کرنا منع نہیں...لیکن کسی کو حقیر سمجھنا حرام ہے
- سب سے بہترین وارثت...اولاد کو دینی تربیت دینا ہے
- جو تمہارے ہر قول کی تعریف کرے...وہ تمہارا وفادار نہیں
- اہل اللہ کا کلام...براہ راست دل کی دُنیا میں انقلاب برپا کرتا ہے
- دُنیا غم وخوشی سے مرکب ہے...جن میں صبر وشکر کے بغیر گزارا نہیں ہو سکتا
- قرآن محفوظ...جو اس کے ساتھ جتنا تعلق رکھے گا وہ بھی محفوظ
- کمال ہے آدمی 8 گھنٹے کی ڈیوٹی دے سکتا ہے...لیکن 8 منٹ میں تہجد نہیں پڑھ سکتا
- اپنی محنت سے زیادہ...اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھروسہ کرنا چاہئے
- اچھی بات کہنا نیکی ہے...اسی طرح لایعنی گفتگو سے خاموشی بھی نیکی ہے
- مخلوق کی ایذاؤں پر صبر کرنا...دین ودُنیا میں ترقی کا ذریعہ ہے
- دل سنوار لیجئے...آپ کی دُنیا وآخرت سنور جائے گی
- خالق کو راضی کرنے کا طریقہ...مخلوق خدا کی خدمت کرو
- اپنی نظر میں پاکیزگی پیدا کر...تاکہ تیری ماں بہن بھی بدنظری سے محفوظ رہ سکے
- ناپسندیدہ انسان سے حسن سلوک کرو...اس کا کردار بھول جائے گا
- بزرگان دین کی باتیں وہ کلیے ہیں...جن سے کئی مسائل حل ہو جاتے ہیں
- ہر انسان پیٹ کے ساتھ...دو ہاتھ بھی لے کر پیدا ہوتا ہے
- دُنیا میں برائی...اچھے لوگوں کے چپ رہنے سے پھیلتی ہے
- بچے کو جو کچھ ماں سکھاتی ہے...وہ دُنیا کی کوئی یونیورسٹی نہیں سکھا سکتی
- حقیقی علم وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کا خوف زیادہ کرے اور عبادت کا شوق پیدا کرے

- دیندار آدمی کسی بھی مرحلہ پر... رحمت خداوندی سے مایوس نہیں ہوتا
- اچھائی... اچھے دل کی محتاج ہوتی ہے... اچھی زبان کی نہیں
- جو شخص اپنی عظمت کے خود گُن گاتا ہے... وہ کبھی عظیم نہیں ہوسکتا
- بچوں کی دینی تربیت آج کے دور میں جس قدر اہم ہے.. اس میں اتنی ہی غفلت ہے
- غیرت یہ ہے کہ... تم اپنے وعدوں کو پورا کرو
- اچھی بات چاہے دیوار پر لکھی ہو... قبول کرلینی چاہئے
- جو آخرت کو دُنیا سے بہتر جانے... وہ ایمان والا ہے
- حاکم اپنی خواہش پر چلنے لگے... تو وہ انصاف نہیں کرسکے گا
- تم دوستوں میں مجھے زیادہ پسند وہ ہے جس کے اَخلاق اچھے ہوں (حدیث)
- غصہ ایمان کو ایسے خراب کردیتا ہے جیسے ایلوا شہد کو خراب کردیتا ہے (بیہقی)
- اتباع سنت کی نیت سے مسکرانا... باعث ثواب ہے (حدیث)
- عمل کے بغیر علم ایسا ہے... جیسے روح کے بغیر جسم
- اپنی عزت وآبرو کر لوگوں کی چہ میگوئیوں کا... نشانہ نہ بننے دو
- ہر وہ کام جو دل سے کیا جائے... وہ آسان ہے
- سچا مومن وہی ہے... جو اللہ کی تقسیم پر راضی رہے
- ضرورت سے زیادہ طلب.. حرص کی نشانی ہے
- دل ایک بچہ ہے جو دیکھتا ہے... وہی مانگتا ہے
- سب سے بڑی خیانت... قوم کی غداری ہے
- تین قابل احترام چیزیں... والدین... اساتذہ... قانون
- ہر کام کرتے وقت... اللہ تعالیٰ کو اپنے قریب سمجھو
- آرزو نصف زندگی اور بے بسی نصف موت ہے

- ہراس کام سے بچو جو اپنے لیے پسند ہے...اور دوسروں کے لیے ناپسند
- جو شخص خوش ہونا نہیں جانتا...وہ کسی کو خوش کر بھی نہیں کر سکتا
- آپ کے بارہ میں اچھے خیال رکھنے والے کو...اچھا بن کر دکھاؤ
- خاموشی گفتگو کا حسن ہے...ادب سے علم سمجھ میں آتا ہے
- کامل مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ ہوں (ترمذی)
- اللہ ان لوگوں پر رحم نہیں کرے گا...جو دوسروں پر ترس نہیں کھاتے
- اللہ تعالیٰ خود مہربان ہے...اور نرمی کرنا اس کو پسند ہے (علم)
- اَخلاق یہ ہے کہ...انسان اعمال کا عوض نہ چاہے
- ایسی بات مت کہو...جو مخاطب کی سمجھ سے باہر ہو
- شہادت ہے مطلوب و مقصود مومن...نہ مال غنیمت نہ کشور کشائی
- ایسے فائدہ سے بچ...جو دوسرے کو نقصان پہنچائے
- جس شخص نے جھوٹی قسم کھائی...اس نے گھر کو ویران کیا
- تو مشو مغرور بر حلم خدا...دیر گیرد سخت گیرد مر ترا
- بے ادبی کرنے سے...بدنصیبی آتی ہے
- زندگی ایک بار ملتی ہے...اسے فضول کارمی میں ضائع نہ کرو
- تمام کامیابیوں کا راز...صبر ہے
- بچوں کی دینی تربیت کرو...زندگی خوشگوار گزرے گی
- سخت کلامی کرنیوالا اور درشت گو آدمی جنت میں نہیں جائے گا (حدیث ابوداؤد)
- وقت کی پابندی...انسان کو بلند مقام پر لے جاتی ہے
- قرآن کو حدیث اور صحابہ کے بغیر نہ سمجھنا...ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے (مولانا عمر پالنپوری رحمہ اللہ)
- رمضان کا ہر لمحہ سانس کی طرح قیمتی ہے اس کی قدر کیجئے

- ہر نماز اس دھیان سے پڑھی جائے... کہ وہ پچھلی نماز سے بہتر ہو
- صحابہ کی زندگی تاقیامت امت کے لیے... مشعل راہ ہے
- عقل مند... جو دُنیا کو اس سے پہلے خود چھوڑ دے کہ... دُنیا اس کو چھوڑے
- شیطان کو زیر کرنے کا نسخہ... ذکر اللہ کی کثرت اور اتباع شریعت
- خندہ پیشانی سے ملنا... نیکی ہے (مفہوم حدیث)
- پروردگار عالم فیاض ہے... اور فیاضی کو پسند کرتا ہے (حدیث بیہقی)
- دل کی دھڑکن انسانی زندگی کی... اور اس کی اصلاح ایمانی زندگی کی علامت ہے
- رمضان کی حقیقی قدر یہی ہے کہ تمام گناہوں سے بچا جائے
- اپنی اصلاح کے لیے مرشد کامل کی صحبت... فرض عین ہے
- نفس وشیطان کے چنگل سے نکل جانے والا آزاد ہے... خواہ وہ جیل میں ہو
- اللہ والوں کی باتیں پڑھنا اور سننا... ان کی مجالس وصحبت کا بدل ہیں
- دوسروں کی راحت کا خیال رکھنا لازم اور ان کو تکلیف سے بچانا فرض ہے
- کیسا دروازہ ہے اے رب محمد تیرا... یہ تو دستک کے ارادہ ہی سے کھل جاتا ہے
- اہل علم کی مجالس میں بیٹھنے والا... باعزت ہوتا ہے
- اپنی نیکیاں اور دوسروں کی برائیاں... بھول جانا بہترین یادداشت ہے
- گناہوں کے ماحول میں... خود کو بچانا بھی جہاد ہے
- کوئی بات کھٹکے تو اپنے دل سے پوچھو... کہ وہ بہترین مفتی ہے
- سب سے بڑا وظیفہ گناہوں سے بچنا ہے... جو ولی اللہ بنا دیتا ہے
- دُنیا میں جنت یہی ہے کہ... میاں بیوی نیک ہوں اور ایک ہوں
- صلہ رحمی اچھی صفت ہے... جس کی اولین مستحق آپ کی اپنی اولاد ہے
- بچیوں کی دینی تربیت کیجئے... تاکہ وہ اپنے گھر کو خوشیوں کا گہوارہ بنا سکیں

- وہ انسان خوش رہتا ہے... جو آج کے دن کو اپنا سمجھتا ہے
- اچھے لوگوں کو یاد نہیں کرنا پڑتا... وہ یاد رہ جاتے ہیں
- قرآن کریم کی تلاوت گویا اللہ تعالیٰ سے... ہم کلام ہونا ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- زبان میں ہڈی نہیں... لیکن اس کا غلط استعمال ہڈیاں توڑ دیتا ہے
- عمل میں تاثیر و برکت کا نسخہ... گناہوں سے بچنا اور دُعا
- زندگی کا ہر دن ہمیں موت کے قریب کر رہا ہے... فکر کیجئے
- میزان عمل میں سب سے وزنی چیز... حسن اُخلاق ہے
- ہدایت اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے جو جس وقت اور جس طرح چاہے دیدے
- لباس کے بارہ میں اسلامی اصول... عزت اور راحت پر مبنی ہیں
- جس میں ادب نہیں... اس میں سب برائیاں ہی برائیاں ہیں
- اپنے اعمال کا محاسبہ کرنے میں دیر نہ کیجئے... فکر سے کام لیجئے
- بڑے بڑے گناہ... چھوٹی چھوٹی نافرمانیوں ہی سے پیدا ہوتے ہیں
- نماز میں دل کی... مجلس میں زبان کی... اور غصہ میں ہاتھ کی... حفاظت کرو
- تمام پریشانیوں کا حل یہی ہے کہ... اللہ تعالیٰ سے تعلق کو مضبوط کیا جائے
- وہ معزز تھے زمانہ میں حامل قرآں ہو کر... ہم ذلیل ورسوا ہوئے تارک قرآں ہو کر
- قرآنی تعلیمات پر عمل امت مسلمہ کے اتفاق واتحاد کا بہترین ذریعہ ہے
- میری امت کے بوڑھے کی عزت کرنا میری عزت کرنا ہے (کنز العمال)
- 99 بیماریوں کا علاج... لاحول ولا قوۃ الا باللہ کا پڑھنا ہے
- ایمان کے بعد عظیم ترین نیکی اتباع سنت ہے
- اچھی عادت پر قابو پانا... کمال فضیلت کی بات ہے
- اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمتوں میں سے... ایک دین کی سمجھ ہے

- تہجد کے لیے اٹھنے کا عمل... سورہ کہف کی آخری چار آیات پڑھ کر سونا
- راتوں کو اٹھ کر رونے والے... سارا دن ہنسی خوشی گزارتے ہیں
- انسان خود عظیم نہیں... اس کا کردار اسے عظیم بناتا ہے
- نیک لوگوں سے دشمنوں کو بھی نفع ہوتا ہے
- معمولی فکر اور توجہ سے ہم بے شمار... اجر وثواب حاصل کر سکتے ہیں
- دُنیا میں سکون صرف ان لوگوں کے لیے ہے جو اللہ کی رضا کو اپنی رضا سمجھتے ہیں
- والدہ کی خدمت کرو... جنت ملے گی (حدیث طبرانی)
- اپنی معاشرت درست کرنے کے لیے... خطبات حکیم الامت پڑھیے
- درگزر کرو تم سے درگزر کیا جائے گا (حدیث طبرانی)
- تمام مصائب کی جڑ اللہ کی نافرمانی ہے... جس کا علاج توبہ واستغفار ہے
- قناعت وہ دولت ہے... جو کبھی ختم نہیں ہوتی
- گناہ کی طاقت کا اندازہ اس وقت ہوتا ہے جب اسے چھوڑنے کی کوشش کی جائے
- سب سے اچھی خیرات... معاف کر دینا ہے
- دل کی بڑی بیماری حسد ہے... جس کا علاج روحانی معالج سے کرانا چاہیے
- تمام مخلوقات میں سب سے زیادہ محتاج انسان ہے
- اللہ کی نافرمانی ہر حال میں... طبیعت کو پریشان رکھتی ہے
- ایک عورت کی دینی تربیت... خاندان بھر کی اصلاح کا ذریعہ ہے
- ٹھوکر وہی شخص کھاتا ہے... جو راستہ سے پتھر نہیں اٹھاتا
- دین کا ضروری علم سیکھنا... نفلی عبادات سے بدرجہا افضل ہے
- والدین کی نافرمانی ایسا گناہ ہے... جس کا وبال بہت جلد دُنیا میں ہی آجاتا ہے
- نظر کی پاکیزگی... دل کی طہارت کا آئینہ ہے

- بے کار ہے وہ دولت... جو کسی خیر کے کام میں صرف نہ ہو
- شرعی پردہ... عورت کی حیا اور پاکدامنی کا ضامن ہے
- اچھی بات کرنا نیکی ہے... اور خاموشی بھی عبادت ہے
- دین کی تمام تعلیمات جس محور کے گرد گھومتی ہیں... اس کا نام صبر ہے
- نماز کی مسنون ہیئت... خشوع وخضوع پیدا کرنے میں نسخہ کیمیا ہے
- تمہارے اَخلاق اس طرح تقسیم ہیں... جس طرح کہ تمہارا رزق (حدیث ادب المفرد)
- اللہ تعالیٰ بندے کے گمان کے موافق... فیصلہ کرتا ہے (حدیث ترمذی)
- کسی کی عیب جوئی کی بات کرنا... سمندر کو کڑوا کر سکتا ہے (حدیث ترمذی)
- گناہوں سے توبہ کرنے والا ایسا ہے... گویا اس نے گناہ کیا ہی نہیں
- جس سے لوگوں کو تکلیف نہیں وہ عذاب قبر سے محفوظ رہے گا (حدیث شرح الصدور)
- نبوت ختم ہے لیکن اللہ کی ولایت کے راستے... سب کے لیے کھلے ہیں
- خدا خوفی سے نکلنے والا ایک آنسو... گناہوں کے دفتر دھو دیتا ہے
- ایمان کے بعد افضل ترین عمل... لوگوں سے الفت ومحبت ہے (حدیث طبرانی)
- خندہ پیشانی سے ملاقات کرنا... مفت کی نیکی ہے
- مومن میں دو خصلتیں جمع نہیں ہو سکتیں... بد خُلقی اور بخل (حدیث بیہقی)
- اسلامی سال کا پہلا اور آخری مہینہ... ہمیں قربانی کا درس دیتا ہے
- نعمت کی ناقدری کا وبا... دُنیا ہی میں دکھا دیا جاتا ہے
- غصہ مت کیا کرو... تمہارے لیے جنت ہے (حدیث مجمع)
- شبہ والی چیز کو چھوڑ دینا... تقویٰ ہے (حدیث ترغیب)
- مسلمان بھائی کی ضرورت میں چلنا دس سال کے اعتکاف سے بڑھ کر ہے
- والدین کی خدمت سے رزق میں اضافہ... اور برکت ہوتی ہے (حدیث مجمع)

جو شخص جمعہ میں سورہ یٰسین پڑھے گا... اس کی مغفرت ہو جائے گی (حدیث ترغیب)

◄ جنت کا شیش محل ان لوگوں کے لیے ہے جو آپس میں محبت رکھتے ہیں

◄ کسی مسلمان کو حقارت سے دیکھنا... غضب خداوندی کو دعوت دینا ہے

◄ دُنیا میں سب سے پہلے جو چیز اٹھائی جائیگی وہ آپس کی محبت والفت ہوگی (ادب المفرد)

◄ دین کے اعمال میں اِخلاص پیدا کرو... تھوڑا عمل بھی کافی ہو جائے گا (ترغیب)

◄ صبح وشام جہنم سے پناہ مانگنی چاہیئے... اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے

◄ جب فاسق کی تعریف کی جاتی ہے تو اللہ کا عرش ہلتا ہے (حدیث کنز العمال)

◄ عوام الناس اور جاہلوں سے درگزر کرنا... سنت ہے (حدیث بخاری ومسلم)

◄ مصافحہ میں ہاتھ الگ ہونے سے پہلے... مغفرت ہو جاتی ہے (حدیث ترمذی)

◄ سچائی جنت کے دروازوں میں سے ایک دروازہ ہے (حدیث کنز العمال)

◄ اپنے مسلمان بھائی کو خوش کرنا مغفرت کے واجب کرنیوالے اعمال میں سے ہے

◄ قوم کا معزز شخص کافر و فاسق ہو... تب بھی اکرام کرنا سنت ہے (حدیث مجمع)

◄ عافیت کے نو حصے خاموشی میں اور دسواں حصہ گوشہ نشینی میں ہے (حدیث کنز العمال)

◄ خندہ پیشانی سے پیش آنا... صدقہ اور سنت ہے (حدیث ترغیب)

◄ اللہ کے شکر گزار بندے وہ ہیں... جو لوگوں کا شکر ادا کرنیوالے ہیں (حدیث مجمع)

◄ جس گھر میں اللہ کا ذکر ہے... وہ آباد ہے اس کے بغیر ویران ہے

◄ بے پردعورت بدنظری کرنے والوں کے گناہ میں... برابر کی شریک ہے

◄ بڑوں کی بے تعظیمی قیامت کی علامات میں سے ایک علامت ہے (حدیث مکارم)

◄ جو مسلمان ہو اور اللہ کے دیئے پر راضی ہو وہ ضرور کامیاب ہوتا ہے (مسند احمد)

◄ ساری عمر کیے اکٹھے ہیرے جواہر موتی... مرتے دم معلوم ہوا نہیں جیب کفن میں ہوتی

◄ نماز بارگاہ خداوندی میں حاضری ہے... اس کے آداب کا خیال بہت ضروری ہے

- دینی مسائل سیکھنے کی مشغولیت...نوافل سے کہیں بہتر ہے
- دل میں محبت الٰہیہ اجاگر کرنے کے لیے...کثرت ذکر نسخہ کیمیا ہے
- اللہ تعالیٰ کے حاکم وحکیم ہونے کو دل میں بٹھالیا جائے تو پریشانیاں ختم ہوجاتی ہیں
- بلاحساب جنت...جو حج یا عمرہ کے سفر میں فوت ہو جائے (دارقطنی)
- وعدہ ایک طرح کا قرض ہے کم بختی ہے اسکی جو وعدہ کرے پھر اس کیخلاف کرے (ابن عساکر)
- ایمان کے بعد سب سے بڑی نعمت عافیت ہے...جو ہر وقت کی ضرورت ہے
- بلاحساب جنت...جب بچہ بولنے لگے تو اسے کلمہ طیبہ یاد کرانے والا (عیون الاخبار)
- نقش قدم نبی کے ہیں جنت کے راستے...اللہ سے ملاتے ہیں سنت کے راستے
- بلاحساب جنت...اللہ کے راستے میں بلاناغہ رات دن خرچ کرنے والا
- بلاحساب جنت...قرآن کریم کی تلاوت بکثرت کرنے والا
- مسلمانو! جہاں تک ہو سکے...لوگوں سے بے نیاز رہا کرو (حدیث بزار)
- ترازو میں سب سے زیادہ وزنی چیز...حسن اَخلاق ہے (حدیث ترمذی)
- اپنی عمر کی حفاظت کر...کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں گزرے
- جو اللہ کیلئے تواضع اختیار کرتا ہے...اللہ تعالیٰ اسے بلندی عطا فرماتے ہیں (حدیث)
- ایمانی زندگی کا تقاضہ ہے کہ ہر دم...اللہ کو راضی کرنے کی فکر کی جائے
- مسلمان جس قدر بدعات کو اپناتا ہے...اسی قدر سنت سے محروم ہو جاتا ہے
- بلاحساب جنت...جس کی بینائی نہ ہو اور وہ اس پر صبر کرے (بزار)
- بلاحساب جنت...علماء حق اور اولیائے کرام سے محبت کرنے والا
- لوگوں کی مدارات کرنا بھی...صدقہ میں داخل ہے (طبرانی کبیر)
- اس زمانے سے پناہ مانگو...جس میں عالم کی بات نہ مانی جائے (حدیث ترغیب)
- زندگی کا مقصد خوشی حاصل کرنا نہیں...بلکہ اللہ تعالیٰ کی مغفرت حاصل کرنا ہے

- وقت انمول ہیرا ہے... جسے کھو کر پانا ناممکن ہے
- بلاحساب جنت... آپس میں اللہ کے لیے محبت کرنے والے (بیہقی)
- بلاحساب جنت... جس نے دُنیا میں اللہ تعالیٰ کی مغفرت حاصل کی (ابونعیم)
- بلاحساب جنت... جو جمعہ کی رات یا جمعہ کے دن فوت ہو جائے
- بلاحساب جنت... رات کو تہجد پڑھنے اور عبادت کرنے والا
- بلاحساب جنت... نیکی کے بعد عاجزی اور گناہ کے بعد رونے والے
- بے وفائی بہت بڑا گناہ ہے... اور یہ آدمی کی قدر گھٹا دیتی ہے
- جو بندہ تھوڑی روزی پر راضی ہو اللہ اس کے تھوڑے سے عمل پر راضی ہو جاتا ہے
- مسلمان جس چیز سے اپنی عزت کو بچاتا ہے وہ اس کیلئے بمنزلہ صدقہ کے ہے (ابوداؤد)
- عورت اپنے حسن سیرت سے... پورے خاندان کی اصلاح کر سکتی ہے
- بلاحساب جنت... خوشی اور تکلیف میں اللہ تعالیٰ کی حمد کرنیوالے (طبرانی)
- بلاحساب جنت... ایسا طالب علم جو والدین کا فرمانبردار ہو (اربعین)
- علم پر عمل کرنا سب سے مشکل ہے... اور یہی اصل کام ہے
- کھلے منہ کے برتن میں پانی پینا صحت اور تنگ منہ کے برتن میں پینا امراض کا سبب ہے
- نیک لوگوں کی صحبت اختیار کر... تاکہ تیرا شمار بھی انہی میں ہو
- خواب میں دودھ پینا... خالص ایمان کی نشانی ہے (حدیث ابن ابی شیبہ)
- جس انسان نے ہماری راہ میں کوشش کی ہم اس کو اپنا راستہ بتائیں گے (قرآن کریم)
- مسجدوں کو پہلے جانا... بہشت کو پہلے جانا ہے (حدیث مسند الفردوس)
- سب سے بہتر وہ کام ہے... کہ اس میں اندیشہ مخلوق کا نہ ہو (حضرت خرقانی)
- سب سے خوبصورت چیز... انسان کا نیک ارادہ ہے
- بے وقوف اور عقل سے دور انسان دُنیا میں آرام کا خواہاں ہے (حضرت مجدد الف ثانی)

- تمام مخلوقات میں زیادہ محتاج... حضرت انسان ہے (حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- حرمت رسول کی پاسبانی میں مارا جانیوالا مبارک... شہید ہے
- اپنے پیٹ اور پشت کو... نماز کے لیے ہلکا رکھو (حدیث مسند ابن منیع)
- ہم کسی انسان پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتے (قرآن کریم)
- عقل مند ہمیشہ... غم وفکر میں مبتلا رہتا ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- بزرگوں کے دل میں جگہ ہونا... قرب خداوندی کی نشانی ہے
- انکساری کا سہارا لے کر چلو... ورنہ ٹھوکر کھا کر گر پڑو گے
- زیادہ گوئی سے بڑھ کر... انسان کے لیے کوئی بری چیز نہیں (حدیث)
- مسواک سنت ہے... جس وقت چاہو مسواک کر لیا کرو (حدیث مسند الفردوس)
- انسان بہتری کی دُعا مانگنے سے... کبھی نہیں اکتاتا (قرآن کریم)
- لوگوں میں وہ شریر ہیں جن کے شر سے بچنے کی خاطر انکی عزت کی جائے (بخاری ومسلم)
- سب سے اچھا انسان وہ ہے... جس کی عمر لمبی ہو اور اعمال نیک ہوں (حدیث)
- جو رب سے نہیں مانگتا... وہ سب سے مانگتا ہے
- نصیحت کے لیے... موت کافی ہے (حدیث)
- مومن کو ہر تکلیف و پریشانی پر... اجر وثواب ملتا ہے (مفہوم حدیث)
- جو انسان خدا سے ڈرتا ہے... خدا اس کے سب کام آسان کر دیتا ہے (قرآن کریم)
- لوگوں میں وہ شخص برا ہے... جو اپنے اہل پر تنگی کرے (حدیث طبرانی)
- ہر انسان اپنے عمل کے بدلے میں... گروی ہے (قرآن کریم)
- جھوٹ اور غیبت سے بچنے والا انسان... سلامت رہے گا (حدیث)
- جو انسان کسی قوم کی مشابہت پیدا کرتا ہے... وہ اسی میں سے ہو جاتا ہے (حدیث)
- بدبخت انسان وہ ہے... جو بدی کرے اور مقبولیت کی امید رکھے (حضرت بایزید)

- اعتدال سے تجاوز کسی بھی کام میں ہو... باعث ندامت و پریشانی ہے
- جب ہم انسان کو کوئی نعمت عطا فرماتے ہیں تو وہ الٹا ہم سے منہ پھیر لیتا ہے
- مومن وہ ہے... جس سے لوگوں کو اپنی جان و مال کا اندیشہ نہ ہو (حدیث)
- علم پر عمل کرنا سب سے مشکل کام ہے... اور یہی اصل کام ہے
- جو نعمت کی قدر نہیں کرتا... تو نعمت نامعلوم طریقے سے چھین لی جاتی ہے
- اِخلاص یہ ہے اپنی نیکیوں کو اس طرح چھپائے جس طرح اپنی برائیوں کو چھپاتا ہے
- خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت کی حفاظت ہر صاحب ایمان پر فرض ہے
- تقویٰ یہ ہے کہ روزِ محشر... کوئی تمہارا گریبان نہ پکڑے
- خدا نے انسان کو جو کچھ دیا ہے... اس میں سب سے بہتر خوش خلق ہے
- حدیث... نہار منہ کھجور کھایا کرو... کیونکہ وہ کیڑوں کو مارتی ہے (مسند فردوس)
- سب سے اچھا انسان وہ ہے ﴾ جس سے دوسروں کو فائدہ پہنچے (حدیث)
- سورہ یٰسین قرآن کا دل ہے... جس کی تلاوت امراض دل کے لیے مفید ہے
- زبان کی لغزش... پاؤں کی لغزش سے زیادہ خطرناک ہے
- ایمان کی نشانی... آہستہ بولنا... نیچی نگاہ رکھنا... میانہ چال چلنا
- محمد کی محبت دین حق کی شرط اول ہے... اس میں ہو اگر خامی تو سب کچھ نامکمل ہے
- سارے عالم میں مشہور ہے نام ان کا... ان پہ لاکھوں درود ان پہ لاکھوں سلام
- طاعت نہیں تو دعویٰ الفت فریب ہے... الفت نہیں ہے یہ ہے بغاوت رسول کی
- دعویٰ خدا کے عشق کا مقبول ہے جبھی... کرتا رہے جو دل سے اطاعت رسول کی
- ہر کام میں استقلال بڑی چیز ہے... اسے ہاتھ سے نہ جانے دو
- میں آخری نبی ہوں... اور تم آخری امت ہو (حدیث)
- آپ کا ہر نقش پا ٹھہرا صراط مستقیم... کفر ٹھہرا آپ کے قدموں سے ہٹ جانے کا نام

- پڑھتا ہے درود آپ ہی تجھ پر ترا خالق... تصویر پہ خود اپنی مصور بھی فدا ہے
- انسان کی حقیقی عظمت کا جائزہ... اس کے اعمال سے لیا جاسکتا ہے
- کبھی کبھی رولیا کرو... کہ اس سے تمہیں چند لمحے سکون مل جائے گا
- موت کو یاد رکھنا... نفس کی تمام بیماریوں کا علاج ہے
- گناہ کسی نہ کسی صورت میں... دل کو بے چین رکھتا ہے
- محبت کا ثمرہ اطاعت ہے... اطاعت کے بغیر محبت کا دعویٰ باطل ہے
- نصیحت ایک سچائی ہے... اور خوشامد ایک بدترین دھوکہ
- زندگی کی سانسیں بہت کم اور قبر کی زندگی بہت طویل ہے
- صبا یہ جا کے کہنا مرے سلام کے بعد... کہ تیرے نام کی رٹ ہے خدا کے بعد
- نعمت وعافیت کے ہوتے ہوئے... زیادہ طلبی بھی شکوہ ہے
- دانش مند وہ ہے جو عمر کو... ضروری کاموں میں صرف کرے
- نافذ ہو اب جہاں میں شریعت رسول کی... ہو عام کائنات میں سنت رسول کی
- حبیب کبریا تم ہو محمد مصطفیٰ تم ہو... ہمیں تو ناز اس پر ہمارے راہ نما تم ہو
- نبی کی سنتوں پر جو کوئی عامل نہیں ہوتا... وہ کچھ بھی کر رہا ہو اس سے کچھ حاصل نہیں ہوتا
- گناہ کا پتہ ہونے پر بھی گناہ کرنے والا... سب سے بڑا جاہل ہے (امام شافعی رحمہ اللہ)
- ہر حرکت اپنے اندر ایک سبق پوشیدہ رکھتی ہے
- عقلمند شخص وہ ہے جو اپنی زبان کو... دوسروں کی مذمت سے بچائے رکھے
- نیکی کی بات پھیلانا... صدقہ جاریہ ہے
- ہر وقت جہنم سے پناہ مانگنا... مسنون دُعاؤں کا مستقل باب ہے
- بیماری کے خوف سے پرہیز کی جاسکتی ہے تو جہنم کے خوف سے گناہوں سے بھی بچا جاسکتا ہے
- بہترین گھر وہ ہے...

- مچلتے رہتے ہیں ارماں یہ رہ رہ کے سینے میں کہ میرا مسکن وفن بھی ہو جائے مدینے میں
- اہل درد کی بات سن تا کہ تجھے بھی درد دل میسر آئے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- ایسا اشارہ بھی حرام ہے... جس سے کسی کو رنج پہنچے
- دیندار عورت سب سے اچھا اور سب سے آخری آسمانی تحفہ ہے
- بدگمانی ایسا زہر ہے... جو ہرے بھرے درخت کو راکھ کر دیتا ہے
- مایوسی انسان کی سب سے بڑی دشمن... اور خدا کا عذاب ہے
- جس نے اپنے آپ کو پسند کیا... وہ برباد ہوا
- اگر واقعی تم میں کوئی خوبی ہے تو شیخی نہ مارو
- صحابہ معیار رحق ہیں ان کا ہر عمل قابل اتباع ہے
- غیبت کرنے اور سننے سے بیماری آتی ہے
- خدمت خلق... دیگر نفلی عبادات سے افضل ترین عبادت ہے
- تعجب ہے اس پر... جو اللہ کو جانتا ہو... پھر بھی کسی اور کا ذکر کرے
- محبت رسول کی علامت اطاعت رسول کے سوا کچھ نہیں
- اِخلاص کی برکت سے معمولی عمل بھی... میزان عمل میں وزنی ہے
- اہل وعیال والے مفلس کی خفیہ مدد کرنا نیکی اور شرافت ہے
- بزرگان دین کی زندگی کو آئینہ بنا کر بہترین زندگی گزاری جاسکتی ہے
- ہر معاملہ میں شرعی حدود کی پابندی دین ودُنیا میں نجات کا راستہ ہے
- دین ذاتی خواہشات کی تکمیل کا نام نہیں... بلکہ حکم خداوندی پر عمل کا نام ہے
- سب سے بڑا وظیفہ دُعا اور سب سے بڑی نیکی... گناہوں سے بچنا ہے
- آسان کام کسی کو نصیحت کرنا... اور مشکل کام نصیحت پر عمل کرنا ہے
- جھوٹ انسانی کردار کو... کمزور کر دیتا ہے

- خوشی اور غم دونوں میں صبر کرو... کیونکہ ہر کام کا ایک انجام ہوتا ہے
- اپنے آپ کو مصروف رکھو... ورنہ غم اور مایوسی تمہیں فنا کر دیں گے
- اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھنا چاہئے اور مخلوق سے امید نہ رکھنی چاہئے
- بے موقع بولنے کی عادت سے گونگا ہو جانا... بہتر ہے
- نیک بخت وہ ہے جو عمر کو غنیمت جان کر اسے یاد خداوندی میں صرف کرے
- بڑوں کی صحبت میں بیٹھنے سے... عقل آتی ہے
- نصیحت کی بات قبول کر لینی چاہئے... خواہ کڑوی ہو
- اللہ کی عظیم نعمتوں میں سے ایک نعمت آنکھیں ہیں.. انہیں خدا کی ناراضگی کا ذریعہ نہ بنایئے
- آنکھ محفوظ... دل محفوظ... ایمان محفوظ
- جو کام نبی کے حکم کے خلاف ہو... اگرچہ بشکل عبادت ہو گناہ ہے
- اپنی زندگی پر غور کرو اور اصلاح کرو... تاکہ منزل حق میسر آئے
- دوسروں کی دل شکنی نہیں کرنی چاہئے کہ دل نوازی عبادت ہے
- گناہ کا پتہ ہونے پر بھی گناہ کرنے والا... سب سے بڑا جاہل ہے
- عقلمند آدمی کے لیے موت سے بڑھ کر کوئی واعظ نہیں
- کسی دکھی انسان کا آنسو پونچھ لینا... ہزاروں خون بہانے سے بہتر ہے
- نعمت اسلام کی حقیقی قدر میدان حشر میں ہوگی کہ اس کی برکت سے نجات ملے گی
- اہل علم سے دینی معلومات لیتے رہو... کہ اس میں دین و دُنیا کا فائدہ ہے
- دُعا میں دُنیا کی چیز بھی مانگی جائے تو بھی... عبادت بن جاتی ہے
- جوانی میں خوف خداوندی اور بڑھاپے میں رحمت خداوندی کا غلبہ ہونا چاہئے
- دوسرں کی خدمت میں عظمت ہے غریب پروری سب سے بڑی عبادت ہے
- دسروں کے لیے وہی چاہو... جو تم خود اپنے لیے پسند کرتے ہو

- نیک بخت وہ ہے... جو دوسروں سے نصیحت پکڑے (مفہوم حدیث)
- ماں باپ کا نافرمان اپنی اولاد کی نافرمانی اور مفلسی کا منتظر رہے
- مال اور اولاد... دُنیا کی چندروزہ زندگی کے بناؤ سنگھار ہیں (قرآن کریم)
- جاہلوں میں طالب علم ایسا ہے... جیسے مُردوں میں زندہ (عسکری)
- رزق حلال کی طلب... صدقہ ہے (مسند الفردوس)
- زیادہ گوئی سے بڑھ کر... انسان کے لیے کوئی چیز بری نہیں
- اپنے منہ مسواک سے صاف کرو... کہ یہ قرآن کے راستے ہیں (مسند الفردوس)
- تم مجھ پر درود و سلام بھیجو ﷺ تم جہاں ہو گے وہیں سے مجھے پہنچے گا (ابوداؤد)
- اپنے صحنوں کو صاف کرو... کیونکہ یہود اپنے صحنوں کو صاف نہیں کرتے (طبرانی)
- نماز میں لمبا قیام کرنا... موت کی تکالیف کو ہٹاتا ہے (مسند الفردوس)
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم ناخنوں اور بالوں کے دفن کرنیکا حکم فرمایا کرتے تھے (طبرانی)
- مجھے اس پر حیرت ہوتی ہے جو دوسروں کا عیب نکالے اور خود سے غافل رہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- رنجش کی حالت میں بہتر انسان وہ ہے جو صلح میں سبقت کرے (مفہوم حدیث)
- والدین کی زندگی ہی میں ان کیلئے... ایصال ثواب کی عادت بنایئے
- اگر اپنا رعب قائم رکھنا چاہتے ہو تو... چشم پوشی سے کام لو
- بد بخت ہے وہ انسان جو خود مر جائے لیکن اس کا گناہ نہ مرے (ابوبکر رضی اللہ عنہ)
- جس نے اپنی زبان کو قابو میں رکھا اور اپنے گناہ پر رویا اس کیلئے خوشخبری ہے (حلیۃ الاولیاء)
- عورتوں کی تابعداری... پشیمانی اور شرمندگی ہے (الکامل فی الضعف)
- اللہ دُنیا جس کو چاہتا ہے دیتا ہے... لیکن دین اسی کو دیتے ہیں جو مجاہدہ کرتا ہے

صدقہ (نفلی) روزہ سے افضل ہے اور روزہ آگ کے آگے ڈھال ہے (مسند الفردوس)
- رزق حلال... طلب کرنا جہاد ہے (مسند شہاب)

- مومن کا بچا ہوا پانی... پینا شفا ہے (مسند الفردوس)
- ''شرک'' تم میں چیونٹی کی رفتار سے زیادہ پوشیدہ ہے (مسند ابویعلیٰ)
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پینے کی چیزوں میں دودھ... زیادہ پسند تھا (حدیث)
- جھوٹ چہرے کو... سیاہ کرنے والا ہے (ابوداؤد)
- صبر جنت کے خزانوں سے ایک خزانہ ہے (احیاء العلوم)
- میری امت کا قبروں میں طویل قیام... گناہ دور کرنے کیلئے ہے (مفہوم حدیث)
- جھوٹ... رزق کو کم کرتا ہے (مسند احمد)
- عشق رسول کے بغیر انسان نہ دین کا ہے... نہ دُنیا کا
- اے انسان خدا نے تجھے اپنے لیے پیدا کیا ہے تو دوسروں کا ہونا چاہتا ہے (عثمان رضی اللہ عنہ)
- خاموشی سیکھو جیسے گفتگو سیکھتے ہو... خاموشی بلند اَخلاق ہے (حدیث کنز)
- انسان کے لیے کتنا برا ہے کہ... باطن بیمار اور ظاہر حسین رہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- اگر غرور کوئی علم ہوتا... تو اس کے کئی سند یافتہ ہوتے
- جو اپنا راز پوشیدہ رکھتا ہے... وہ اپنی سلامتی کو اپنے قبضہ میں رکھتا ہے (عمر رضی اللہ عنہ)
- تو نے جو کچھ اپنے اہل پر خرچ کیا... وہ صدقہ ہے (طبرانی)
- تندرست آدمی کو خیرات دینا... ناانصافی ہے (حاکم)
- اللہ نے انسان کو جو کچھ دیا ہے... اس میں سب سے بہتر حسن خلق ہے (مفہوم حدیث)
- صبح کے وقت صدقہ... دُنیاوی آفات کو دفع کرتا ہے (مسند الفردوس)
- جو عورت حاملہ ہو... اسکی رات' عبادت کی رات اور دن روزہ میں شمار ہوتا ہے
- جو عورت غیر مرد کو دیکھنے جاتی ہے... اللہ تعالیٰ اس پر لعنت بھیجتے ہیں
- جو عورت ذکر کرتے ہوئے جھاڑو دے... اسکو خانہ کعبہ میں جھاڑو دینے کا ثواب ہے
- بچوں کو ہر وقت... نصیحت نہ کریں... بلکہ حسب موقع نصیحت کریں

- بچوں کو یہ احساس نہ دلائیں کہ... آپ ان کی وجہ سے پریشانی میں مبتلا ہیں
- کتاب بہترین دوست ہے... لہٰذا اسے سفر وحضر میں ہمراہ رکھیں اور عمل کی نیت سے پڑھیں
- چہل قدمی اور ورزش کرتے رہو... تاکہ سستی سے بچو اور فراغت کو کام میں لاؤ
- بچوں کو اپنے طور پر سوچنے کا موقع دیں کہ وہ آپکے سامنے آپ کو اچھا پیش کرسکیں
- ہر موقع کی مسنون دُعائیں پڑھیے کہ یہ آپ کو شرور سے بچائیں گی
- اپنے گھر میں رہ کر اپنے کاموں کو درست کرو اور لوگوں سے ملنا کم کرو
- اپنی زندگی میں اچھی تبدیلی کرتے رہیں کہ انسان جدت پسند ہے
- اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھروسہ ہر پریشانی سے نجات کے لیے کافی ہے
- دُنیا مصائب کا گھر ہے... لہٰذا اس کو قبول کر کے اللہ تعالیٰ سے مدد مانگو
- پریشانیاں دل کو زندہ اور نفس کی اصلاح کر دیتی ہیں
- ایک حاملہ عورت کی دو رکعت کی نماز بغیر حاملہ عورت کی اسی رکعتوں سے بہتر ہے
- جو عورت اپنے بچوں کو اپنا دودھ پلاتی ہے... اسے ہر بوند پر نیکی ملتی ہے
- پریشانیاں تذکرہ کرنے سے بڑھتی ہیں
- سب سے بڑی سعادت کا دروازہ... والدین کی دُعا ہے
- زیادہ اخراجات سے جس قدر جسم پھولتا ہے اتنی ہی روح متاثر ہوتی ہے
- پریشان حال شوہر کو تسلی دینے پر... نصف جہاد کا ثواب ملتا ہے
- جو عورت بچے کے رونے سے رات بھر نہ سو سکے اسے بیس غلام آزاد کرنے کا ثواب ہے
- جو عورت اپنی گائے یا بھینس کا دودھ بسم اللہ پڑھ کر دوہے وہ اس کو دُعائیں دیتے ہیں
- جو عورت بسم اللہ پڑھ کر آٹا گوندھے اللہ اس کی روزی میں برکت ڈال دیتے ہیں
- خاموش رہنے سے... پریشانیاں کم ہو جاتی ہیں
- صبر کرنے سے پریشانیاں ختم ہو جاتی ہیں

- شکر کرنے سے پریشانیاں خوشی میں بدل جاتی ہیں
- بچوں کو بہت ساری نصیحتیں... ایک ساتھ نہ کریں
- بچے کو سزا دینے کے بجائے... پیار محبت سے سمجھائیں
- بچوں کو عمر کے مطابق کھلونے یا میدان میں کھیلنے کی تربیت دیں
- اگر بچہ چالیس دن کے اندر اندر فوت ہو جائے تو اس کو شہادت کا درجہ عطا ہوگا
- جب بچہ رات کو روئے ماں دودھ پلائے تو اسکو ایک سال کی نماز اور روزے کا ثواب ہے
- مریضوں کی عیادت کیجئے... تاکہ آپ کو عافیت کی نعمت کا احساس ہو
- اپنے دل میں بغض و عداوت کی آگ نہ جلائیں کہ اس سے آپ کی زندگی تباہ ہوگی
- بچے کی فطرت میں سلامتی ہوتی ہے جو نیک ماحول میں بڑھتی ہے
- ایک نیکوکار عورت ستر مردوں سے افضل ہے
- اپنی بیوی کو ایک مسئلہ سکھانا اسی سال کی عبادت کا ثواب ملتا ہے
- جس عورت کا خاوند اس پر راضی ہو اور وہ مر جائے تو جنت اس پر واجب ہوگئی
- اپنے رویے پر غور کریں... بچہ آپ کے غصے، خوشی اور مایوسی سے بہت زیادہ سیکھتا ہے
- جو گزر گیا سو گزر گیا... اس کے بارے نہ سوچئے... کیونکہ وہ گزر چکا ہے
- ایسی کتب کے مطالعہ سے بچیں... جن سے مایوسی اور بزدلی پیدا ہو
- اپنے اندر سخاوت کا مادہ پیدا کرو اور ذہین ترین افراد بنو
- اس پُرفتن دور میں ایمان و اعمال کی حفاظت کا ذریعہ قرآن کریم کو سمجھ کر پڑھنا ہے
- حقیقی دُعا وہ ہے جو جسم کے انگ انگ سے نکلے
- تقویٰ کے بغیر ترقی کا ہونا بے روح جسم پھولنے کی مانند ہے
- اللہ تعالیٰ اگر انسان کو سکون دیتا تو وہ کبھی اللہ کی عبادت نہ کرتا
- اللہ تعالیٰ کے ذکر کی مستی خیال ہستی کم کر دیتی ہے،

- میں نے 30 سال مجاہدہ کیا لیکن علم پر عمل سے زیادہ سخت کوئی چیز نہیں دیکھی (بسطامی رحمہ اللہ)
- جہنم کی آگ وہی آنسو بجھا سکتے ہیں جو وقت سحر مومن کی آنکھ سے نکلیں
- مسنون زندگی بسر کرنے والے خوش نصیب میدان حشر میں پہچانے جائیں گے
- قادیانیت کے خلاف ہر مسلمان کو سربکف ہونا چاہئے
- صرف نیک نہ بنئے بلکہ دوسروں کے ساتھ بھی نیکی کیجئے
- جب تک روح میں تڑپ اور قلب میں سوز نہ ہو دُعا قبول نہیں ہوتی
- حسن اَخلاق ایک ایسا ہتھیار ہے جس کا وار کبھی خالی نہیں جاتا
- ہر عمل سوچ سمجھ کر کرو کیونکہ ہر عمل میں اس کا انجام چھپا ہوتا ہے
- خوش رہنا چاہتے ہو تو... دوسروں کو خوش رکھو
- ولایت کا تعلق ایمان وتقویٰ سے اور دونوں کا تعلق دل سے ہے
- محنت ہمارے ہاتھ میں ہے ہمیں اسی سے کام لینا چاہئے جو ہمارے ہاتھ میں ہے
- زندگی مختصر ہے اسے ضروری کاموں میں ہی صرف کرو
- بدبختی کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے لیکن اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں کا نہیں
- عبادت اسی کی ہے رب کو پسند... کہ جس سے نہ پہنچے کسی کو گزند
- جس فعل سے شرمندگی اٹھانی پڑے اس سے پرہیز کرو
- اگر تم لوگوں سے دولت میں نہیں بڑھ سکتے تو حسن اَخلاق میں بڑھ جاؤ
- وقت ایسی دولت ہے جو امیر غریب سب کو یکساں ملتی ہے
- خوش کلامی ایسا پھول ہے جو کبھی نہیں مرجھاتا
- محبت کا اثر لازمی ہے اہل تقویٰ کی صحبت سے ان کے تقویٰ کا اثر پڑتا ہے
- ہمارے بازاروں میں خرید وفروخت وہ کرے جو مسائل سے واقف ہو (حضرت عمر رضی اللہ عنہ)
- اِخلاص یہ ہے کہ انسان اعمال کا بدلہ نہ لے

- ادب بہترین کمالات اور خیرات افضل ترین عبادات میں سے ہیں
- علم کو ریاء سے اور پیٹ کو حرام خوری سے بچا کر رکھو
- مخلوق کے لیے عمل ریا ہے اسی طرح مخلوق کے لیے ترک عمل بھی ریا ہے
- توبہ کے لیے گناہ کا ہونا ضروری نہیں...توبہ خود مستقل عبادت ہے
- عقل کی حد ہوسکتی ہے...مگر بے عقلی کی کوئی حد نہیں ہوتی ہے
- جب تک قدرت وطاقت ہو...دوسروں کے ساتھ احسان کرتے رہو
- مسلمان کے لیے جائے پناہ صرف قرآن پاک ہے (علامہ اقبال)
- دانش مند وہ ہے...جو عمر کو ضروری کاموں میں صرف کرے
- سب سے بڑی دولت...زبان ذاکر...دل شاکر اور فرمانبردار عورت
- کبھی تو نے سوچا کہ تیرے ذمہ حقوق وفرائض کیا ہیں؟ (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- ہر اچھا کام پہلے ناممکن ہوتا ہے...لیکن دُعا اور ہمت سے ممکن ہو جاتا ہے
- ایمان کی نشانی...آہستہ بولنا...نیچی نگاہ رکھنا اور میانہ چال چلنا
- نفس کی ناجائز تمنا پوری نہ کرو...ورنہ برباد ہو جاؤ گے
- جس نعمت کی قدر نہ کی جائے...وہ ختم ہو جاتی ہے
- بڑا بننے کے واسطے... پہلے چھوٹا بننا پڑتا ہے
- دین اپنی خواہشات پوری کرنے کا نہیں بلکہ حکم خداوندی کا نام ہے
- غصہ میں کبھی فیصلہ نہ کریں اور خوشی میں کبھی وعدہ نہ کریں
- اس راستے پر چلو...جو بندے کو خالق سے ملا دیتا ہے
- دُنیا کی عزت مال سے اور آخرت کی عزت اعمال سے ہے
- رات کو سوتے وقت دن بھر کے کاموں کا محاسبہ کرلیا کرو (امام غزالی رحمہ اللہ)
- جس کام سے شرمندگی اٹھانی پڑے...اس سے پرہیز کرو

- عقلمند شخص وہ ہے جو اپنی زبان کو دوسروں کی مذمت سے بچائے رکھے
- موت کو یاد رکھنا... نفس کی تمام بیماریوں کا علاج ہے
- مال کی قدر کریں مفلسی انسان کو کفر کے قریب لے جاتی ہے
- دُعا کے وقت اپنے گناہوں کی بجائے صرف رحمت خداوندی پر نظر ہو (خواجہ نظام الدین اولیاء)
- نیک بخت وہ ہے جو عمر کو غنیمت جان کر اسے یاد خدا میں صرف کرے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- اللہ کے احکام پر عمل کا نام بندگی اور اللہ کے سامنے بے بسی کا نام زندگی ہے
- عورت کی بد خُلقی پر صبر کرنا... بہترین عبادت ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- خدمت خلق... دیگر نفلی عبادات سے افضل ترین عبادت ہے
- علم فضول ہے اگر اطاعت اور خوف کا جذبہ نہ ہو (امام شافعی رحمہ اللہ)
- نیک بات دوستوں تک پہنچاؤ اور مخالفوں سے بچت نہ کرو (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- نہ زیادہ خاموشی اچھی ہے نہ زیادہ گویائی... اعتدال مطلوب ہے
- عقل مند وہ شخص ہے کہ اپنی زبان کو دوسروں کی مذمت سے بچائے رکھے
- مایوسی انسان کی سب سے بڑی دشمن اور اللہ کا عذاب ہے
- جو اللہ کے لیے تواضع اختیار کرتا ہے... اللہ تعالیٰ اسے بلندی سے نوازتے ہیں
- دوسروں سے عبرت پکڑنے والا... حقیقی نیک بخت ہے
- بہترین گھر وہ ہے... جس میں یتیم کا احترام کیا جائے
- نیک عورت اُمور دُنیا سے نہیں بلکہ اسباب آخرت میں سے ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)
- اچھے اَخلاق جسمانی حسن کی کمی کو پورا کر دیتے ہیں
- حقیر سے حقیر پیشہ ہاتھ پھیلانے سے بہتر ہے
- جب تک قدرت ہے... نیک کاموں کو غنیمت سمجھو
- ایمان اصل اور اعمال فرع ہیں... ایمان میں شرک سے اور اعمال میں گناہ سے بچو

- صبر کرو کہ دُنیا تمام ہی آفات و مصائب کا مجموعہ ہے،
- دُنیا دار دُنیا کے پیچھے اور دُنیا اہل اللہ کے پیچھے دوڑ رہی ہے
- اللہ تعالیٰ کی محبت یہ ہے کہ دُنیا و آخرت کو دوست نہ رکھے (بایزید بسطامی رحمہ اللہ)
- اللہ تعالیٰ کے کرم پر مغرور ہونا شیطان کا فریب ہے (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- سب سے بہترین وعظ یہ ہے کہ قبرستان کو دیکھ کر عبرت حاصل کی جائے
- اِخلاص کے بغیر عمل چاہے جتنا بڑا ہو... قابل قبول ہے
- دین کی اصل عقل... عقل کی اصل علم... اور علم کی اصل... صبر ہے
- انجام کی خرابی ابتداء کی برائی سے ہوتی ہے... لہٰذا ابتداء کو اچھا بناؤ
- تو نفس کی پوری کرنے میں اور نفس تجھے برباد کرنے میں مصروف ہے
- نیک شخص دلیر اور گناہ گار سخت بزدل ہوتا ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- اپنی حقیقت کو پہنچا... اور تواضع اختیار کرو
- توکل یہ ہے کہ زندگی کو ایک دن کی جانو اور کل کی فکر نہ کرو
- اہل اللہ سے کرامت مت ڈھونڈو... ان کے وجود ہی کو کرامت جانو
- شیطان کا شر... نفس کے شر سے زیادہ ہے
- مستحق سائل اللہ تعالیٰ کا ہدیہ ہے... جو بندے کی طرف بھیجا جاتا ہے
- اعلانیہ گناہ... پوشیدہ کی نسبت زیادہ سخت ہے (شیخ خرقانی رحمہ اللہ)
- گناہ چھوڑے بغیر زبانی استغفار جھوٹوں کی توبہ ہے (حضرت فضیل رحمہ اللہ)
- اسلام سراپا ادب ہے بے ادب حرمان نصیب ہے
- میانہ روی نصف روزی ہے اور حسن اَخلاق نصف دین ہے
- اہل اللہ کے نزدیک مخلوق بمنزلہ اولاد کے ہے جس پر وہ شفقت کرتے ہیں
- جب عقل کامل ہو جاتی ہے... تو کلام کم ہو جاتا ہے

- غذا سے جسم کو اور قناعت سے روح کو راحت پہنچتی ہے
- جہاں تک ہو سکے لقمہ کی اصلاح کرو کہ نیک عمل کی بنیاد یہی ہے
- احسان سب جگہ بہتر... لیکن ہمسایہ کے ساتھ بہترین ہے مصائب کا مقابلہ صبر اور نعمتوں کی حفاظت شکر سے کرو
- جب آدمی کا اخلاق اچھا ہو تو اس کا کلام لطیف ہو جاتا ہے
- نفس اللہ کا مخالف ہے اور اس کی مخالفت اللہ تعالیٰ کی دوستی ہے (جعفر صادق)
- جس شخص کی امیدیں قلیل ہوں... اس کا عمل بھی درست ہو جاتا ہے
- علم کی خوبی اس پر عمل کرنے میں اور احسان کی خوبی اس کے نہ جتلانے پر منحصر ہے
- کسی معمولی نیکی کو حقیر نہ سمجھو... کہ شاید وہی ذریعہ نجات بن جائے
- تیرا عمل عقائد کی دلیل ہے اور ظاہر باطن کی علامت ہے
- حیا کے ساتھ تمام نیکیاں اور بے حیائی کے ساتھ تمام برائیاں وابستہ ہیں
- شکر نعمت حصول نعمت اور ناشکری زوال نعمت کا ذریعہ ہے
- شریعت دُنیا و آخرت کی سعادتوں کی ضامن ہے (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- غفلت اور گمراہی کا نتیجہ ذلت و خواری کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا
- انسان کو ہر دم اپنی حقیقت سے آگاہ رہنا چاہیے
- اچھا ہنر... مصیبت میں کام آتا ہے
- اللہ تعالیٰ کی ذات پر یقین کامل ہو تو انسان لاتعداد گناہوں سے بچ سکتا ہے
- اپنے گناہوں اور غلطیوں پر ندامت ہی... توبہ ہے،
- اللہ تعالیٰ کے ہاں گناہگار کے آنسو کی بڑی قدر و قیمت ہے
- ہر بیماری نقصان میں... کوئی نہ کوئی حکمت ہوتی ہے
- اللہ تعالیٰ اپنی مصلحت کے مطابق تدبیروں کو توڑ دیتا ہے

- انسان جب حق سے آشنا ہو جائے تو ساری دُنیا نظروں میں ہیچ نظر آتی ہے
- جو اللہ تعالیٰ کا ہو جاتا ہے... اللہ تعالیٰ بھی اس کا ہو جاتا ہے (مفہوم حدیث)
- وہم کا کوئی علاج نہیں... تو ہم پرست سے جو چاہیں منوالیں
- جو مصیبت میں کام نہ آئے... وہ دوست نہیں
- موت کو شیریں بنانے کے لیے مصروف عمل رہو
- ہر حالت میں... حالات کو اللہ تعالیٰ کے سپرد رکھنا چاہیے
- دین کا ضروری علم حاصل کرنا... نماز کی طرح فرض عین ہے
- دُنیا میں واحد چیز جو ہماری ملکیت میں ہے... وہ ہمارا عمل ہے
- دل کی صفائی دُنیا و آخرت میں کامیابی کی ضمانت ہے
- ضرورت مندوں کی ضروریات پوری کرو... معاشرہ سے برائیاں ختم ہو جائیں گی
- روحانی امراض کا علاج... اللہ والوں کے پاس ہی ہوتا ہے
- دُنیا کو آخرت پر ترجیح دینے میں... سراسر خسارہ ہی خسارہ ہے
- جب اللہ کی ذات پر یقین کامل ہو جائے تو پھر مخلوق کا خوف ختم ہو جاتا ہے
- یادِ حق دُنیا میں صبح و شام کر... جس لیے آیا ہے تو وہ کام کر
- نیک لوگوں کی صحبت... ہمیشہ فائدہ دیتی ہے
- انسان کو ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہیے
- انسان لاکھ تدبیر کرے... تدبیر اسے وہیں لے جاتی ہے جہاں اس کا نصیب ہو
- نامناسب دُعا آدابِ بندگی کے خلاف ہے
- جاہل... احمق اور بدکردار سے اچھے مشورے کی توقع ہرگز نہ رکھو
- اچھے لوگوں کی تلاش جاری رکھو... یقیناً تم ان تک پہنچ جاؤ گے
- طلب صادق ہو تو... اللہ تعالیٰ کی مدد پہنچ جایا کرتی ہے

◄ مخلوق پر رحم... دُنیا و آخرت کی سرفرازی عطا کرتی ہے

◄ جاہل کو نصیحت کرنا ایسا ہے... جیسے بنجر زمین میں بیج ڈالنا

◄ ہمارا نفس سانپ کی طرح ہے... اسے مردہ نہ سمجھنا چاہیئے

◄ انسان کی بدعملی پر گرفت ہوتی ہے... جس کے انداز مختلف قسم کے ہوتے ہیں

◄ شیطان ہر وقت انسان کو اللہ کے ذکر سے روکنے کی کوشش میں مصروف ہے

◄ شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے... اس سے ہر لمحہ چوکنے رہو

◄ نیکی کرتے وقت اصل مقصد رضائے الٰہی کا حصول ہونا چاہیئے نااہل سے محبت کا انجام... ہمیشہ ذلت اور ہلاکت کی صورت میں نکلتا ہے

◄ اللہ تعالیٰ کو ہر وقت اپنے ساتھ سمجھنا افضل ترین ایمان ہے گمنامی کو پسند کرو کہ اس میں شہرت کی نسبت بڑا امن ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)

◄ جس شخص نے دُنیا کی طرف نکاح کا پیغام بھیجا تو وہ اپنے مہر میں اس کا پورا دین مانگے گی (وہب بن منبہ رحمہ اللہ)

◄ دو نعمتیں ایسی ہیں جن کے بارے میں بہت سے لوگ دھوکے میں پڑے ہوئے ہیں ایک صحت اور دوسری فراغت

◄ پہلوان وہ شخص نہیں... جو لوگوں کو پچھاڑ دے... بلکہ پہلوان وہی شخص ہے جو غصہ کے وقت اپنے نفس پر قابو رکھے (بخاری و مسلم)

◄ عجیب بات ہے کہ بعض لوگ دن میں پانچ مرتبہ منہ دھوتے ہیں مگر پانچ سال میں ایک مرتبہ بھی دل نہیں دھوتے (ابراہیم بن ادھم)

◄ جس حالت میں زندگی بسر کرو گے اس حالت میں موت آئے گی... اور جس حالت میں موت آئے گی... اس پر تمہارا حشر ہوگا (حدیث)

◄ اصل مجاہدہ ہمت کا نام ہے کہ ہمت کے ساتھ نفس کی ناجائز خواہشوں کا مقابلہ کیا

جائے...شروع میں دشواری پیش آتی ہے مگر بعد میں آسانی ہوتی ہے (ارشاد حکیم الامت تھانوی رحمہ اللہ)

◄ جو شخص بہ نسبت خدا کی یاد اور مناجات کے لوگوں کے ساتھ بات کرنا بہت پسند کرتا ہو اس کا علم تھوڑا' دل اندھا' عمر برباد

◄ میں چاہتا ہوں کہ گھر کا دروازہ بند کر دوں اور مرتے دم تک کسی سے نہ ملوں (حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ)

◄ عارف جہاں بیٹھتا ہے وہی اس کا مکہ اور مدینہ ہے کیونکہ مکہ کی حقیقت تجلی الوہیت اور مدینہ کی حقیقت تجلی عبدیت (ارشاد حضرت تھانوی رحمہ اللہ)

◄ عورت کے ستر کی حفاظت لباس سے ہوتی ہے لباس کی حفاظت برقعہ سے ہوتی ہے اور برقعہ کی حفاظت محرم سے ہوتی ہے

◄ شیطان ابلیس نے عرض کیا اے رب تو نے اپنی تمام مخلوق کے لیے رزق کے اسباب پیدا کیے ہیں میرا رزق کیا ہے؟ ارشاد ہوا جس کھانے پر میرا نام (اللہ کا نام) نہ لیا جائے وہ تیری خوراک ہے (حدیث قدسی)

◄ لوگوں کو آگ کی طرح تصور کرو' بلاضرورت ان کے پاس نہ جاؤ اور جب ان کے قریب جاؤ تو آگ کی طرح ڈرو (حاتم اصم رحمہ اللہ)

◄ ایمان کی سلامتی اور صحت کی بادشاہی... بہت بڑی نعمت ہے بزرگوں کے ملفوظات ان کی مجالس کا بدل ہیں

◄ آپ عمر کے کسی بھی حصہ میں ہو فارغ مت رہیے...خود کو دین کے کاموں میں مصروف رکھئے... بڑے بڑے دینی پروگرام سوچیے...اپنے حوصلے بلند رکھئے...ہمت نہ ہاریے...ہمت مرداں مدد خدا

◄ کوئی بات ہو جائے میں یہ کہوں کہ ایسا کیوں ہوا تو اس سے بہتر یہ ہے کہ زبان کو آگ جلا دے (حضرۃ عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ)

◄ ایک ایک سانس بے بہا گوہر... فرصت کو غنیمت جان... ابدی سعادت کا سامان کرلے ورنہ انجام حسرت کے سوا کچھ نہیں

◄ تم میں سے ہر شخص حاکم ہے قیامت کے دن اس سے اس کی رعایا کے بارے میں سوال کیا جائے گا (مفہوم حدیث)

◄ زندگی کا جائزہ... اعمال کا محاسبہ... دونوں کی اشد ضرورت ہے (حضرت عارفی رحمہ اللہ)

◄ حقیقی عمل وہی ہے جو عمل کے لیے بے چین کر دے

◄ کسی گلفام کو کفنا رہا ہوں... جنازہ حسن کا دفنا رہا ہوں... لگانا دل کا ان فانی بتوں سے... عبث ہے دل کو یہ سمجھا رہا ہوں

◄ ارے ظالم یہ کیا کر رہا ہے کہ مرنے والوں پہ مر رہا ہے... جو دم حسینوں کا بھر رہا ہے بلند ذوق نظر نہیں ہے

◄ امراء کے تکبر کو توڑنے کیلئے استغناء سے بڑھ کر تیز تلوار کوئی نہیں (حضرۃ نانوتوی رحمہ اللہ)

◄ رمضان المبارک کے لمحات کی قدر کیجئے ہر لمحہ ہر گھڑی پر نظر رکھئے کہ کوئی لمحہ ضائع نہ ہو شاید پھر یہ گھڑیاں نصیب نہ ہوں

◄ نفس کی ایک خواہش پوری کرنے سے اللہ کے راستہ میں سینکڑوں رکاوٹیں پیدا ہو جاتی ہیں (ابوالحسن خرکانی رحمہ اللہ)

◄ اگر تو اللہ سے راضی ہے تو اس بات کا نشان ہے کہ وہ تجھ سے راضی ہے (یحییٰ بن معاذ رحمہ اللہ)

◄ بسہولت زندگی گذارنے کے لیے تاریخ والی ڈائری اپنے پاس رکھیں اور ضروری باتیں نوٹ کرلیں

◄ کیا میں تمہیں ایسے خزانے سے مطلع نہ کروں جو سب سے اچھا ہو؟ سن لو! وہ نیک عورت ہے

◄ کسی بھائی کی حاجت پوری کرنے والا ایسا ہے گویا تمام عمر خدا تعالیٰ کی خدمت میں گذاری

◄ حق تعالیٰ فرماتے ہیں جب میں کسی بندہ کی مغفرت کا ارادہ کرتا ہوں تو

اسے بیماری میں مبتلا کر دیتا ہوں (حدیث قدسی)

- شریعت نے مصیبت کے وقت صبر وتحمل کی تعلیم دی ہے... تدبیر کرو، دُعا کرو، جوش سے کیا حاصل (ملفوظ حضرت تھانوی رحمہ اللہ)
- کوئی بھی بیماری ہو قریب کے اچھے طبیب سے علاج کرائیں سنت سمجھ کر فائدہ اللہ کی طرف سے
- جھگڑا یا کوئی معاملہ ہو تو انگریزی قانون سے انصاف لینے کی بجائے اللہ اور رسول کی طرف رجوع کریں
- نعمتوں میں اضافہ کے لیے شکر... نسخہ اکسیر ہے مخلوق کی اذیت پر صبر کرنا... منجملہ علامات ولایت ہے
- بزرگوں کا معمول ہے کہ اپنے نفس سے خطاب کر کے محاسبہ کرتے ہیں جس سے عملی قوت حاصل ہوتی ہے
- اگر عورت حمل کے زمانے میں خربوزہ بکثرت استعمال کرے تو اولاد خوبصورت وتندرست پیدا ہوگی (طب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم)
- جو شخص چھوٹی مصیبتوں کو بڑا سمجھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو بڑی مصیبتوں میں داخل فرما دیتا ہے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- تعجب ہے اس پر جو تقدیر کو پہچانتا ہے اور پھر جانیوالی چیز کا غم کرتا ہے (حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)
- تعجب ہے اس پر جو حساب کو حق جانتا ہے اور پھر بھی مال جمع کرتا (حضرۃ عثمان غنی رضی اللہ عنہ)
- تعجب ہے اس پر جو دوزخ کو حق جانتا ہے اور پھر بھی گناہ کرتا ہے (حضرۃ عثمان رضی اللہ عنہ)
- تعجب ہے اس پر جو شیطان کو دشمن سمجھتا ہے لیکن پھر بھی اس کی اطاعت کرتا ہے (حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ)

- دُنیا سے اپنی تعریف چاہنا اپنے اوپر عدم اعتماد کی علامت ہے لوگوں میں براوہ ہے جس کی تعظیم اس کے شر کی وجہ سے کی جائے
- مایوسی انسان کی سب سے بڑی دشمن ہے اس لیے اللہ پاک کی رحمت کے ہمہ وقت امیدوار رہیں بھلائی کی خواہش برائی کو ختم کر دیتی ہے
- حاجت مند غرباء کا تمہارے پاس آنا خدائے پاک کا انعام ہے (حضرۃ عثمان رضی اللہ عنہ)
- جب زبان اصلاح پذیر ہو جاتی ہے تو دل بھی صالح ہو جاتا ہے (حضرۃ عثمان رضی اللہ عنہ)
- حسابات و معاملات کو مبہم یا مشتبہ رکھنا بہت خطرناک غلطی ہے ہمارے اَسلاف نے الفاظ سے زیادہ کردار سے اسلام کی تبلیغ کی ہے
- خدا تعالیٰ کے کرم پر مغرور ہونا اور عفو (معافی) امید پر گناہ کرنا شیطان کا کھلا فریب ہے (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب قرآن پاک کھولتے تو فرماتے ھذا کلام ربی یہ میرے رب کا کلام ہے
- ایک لمحے کے واسطے اللہ کا ہو رہنا زمین و آسمان کی تمام مخلوقات کے اعمال سے بہتر ہے (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- اگر دل پاک ہے تو جسم پاک ہے اگر دل پاک نہیں تو جسم میں فساد ہوگا (امام غزالی رحمہ اللہ)
- دل آنکھ کے تابع ہے آنکھ کے بگڑنے کے بعد دل کی حفاظت مشکل ہے اور دل کے بگڑ جانے کے بعد شرمگاہ کی حفاظت مشکل تر ہے (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- عارف و پیشوا بھی عمل بجالانے میں طالب علموں کیساتھ برابر ہیں (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- کم بولنا حکمت کم کھانا صحت...کم سونا عبادت اور عوام سے کم ملنا عافیت ہے (عمر رضی اللہ عنہ)
- دُنیا کی مصیبتیں بظاہر زخم ہیں مگر درحقیقت ترقیوں کا موجب ہیں (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)
- حق تعالیٰ کے تمام نام بزرگ ہیں، لیکن بندے کا سب سے

بزرگ نام نیستی (مٹنا) ہے (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)

◄ سب سے بڑی دولت... زبان ذاکر... دل شاکر اور زن (عورت) فرمانبردار ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)

◄ نیک عورت اُمور دُنیا سے نہیں بلکہ اسباب آخرت سے ہے (یعنی آخرت کی کامیابی کا ذریعہ بنے گی)

◄ تم میں سے ہر ایک اپنے بھائی کا آئینہ ہے اگر اس میں کوئی برائی دیکھے تو اسے ہٹادے یا بتادے

◄ تو دُنیا میں رہنے کے سامانوں میں لگا ہے اور دُنیا تجھے اپنے سے نکالنے میں سرگرم ہے (حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ)

◄ جس پر نصیحت اثر نہ کرے وہ جانے کہ میرا دل ایمان سے خالی ہے (صدیق اکبر رضی اللہ عنہ)

◄ اہل وعیال کے لیے حلال کمانا ابدالوں کا کام ہے... اور ادب سکھانا جہاد سے افضل ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)

◄ قرض ادا کرنے کا مقدور ہوتے ہوئے ایک لحظہ دیر کرنا بھی ظلم ہے مگر باجازت قرض خواہ (امام غزالی رحمہ اللہ)

◄ حق تعالیٰ جب اپنے بندے کی بھلائی چاہتا ہے تو حسن عمل کا دروازہ اس پر کھول دیتا ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)

◄ حیا کے ساتھ تمام نیکیاں اور بے حیائی کے ساتھ تمام برائیاں وابستہ ہیں (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ)

◄ عورتوں کو ضعف اور ستر سے پیدا کیا گیا ہے ضعف کا علاج خاموشی اور ستر کا علاج پردہ میں رکھنا ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)

◄ تو نفس کی تمنا پوری کرنے میں مصروف ہے اور وہ تجھے برباد کرنے میں مصروف ہے (حضرت غوث رحمہ اللہ)

- وعظ ونصیحت خالصتاً اللہ کیلئے کرورنہ تیرا گونگا پن ہی بہتر ہے (شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ)
- افلاس پر رضا مندی بے حد ثواب کا موجب ہے... رحمت کو لے کر کیا کرے گا رحیم کو لے (حضرت غوث اعظم رحمہ اللہ)
- اعلیٰ ترین صدقہ یہ ہے کہ ایک مسلمان علم سیکھے اور دوسرے مسلمان کو سکھائے (ابن ماجہ)
- حدیث: بندہ اللہ سے سب سے زیادہ قریب اس وقت ہوتا ہے جب وہ سجدہ کی حالت میں ہو (احمد)
- عارف وہ ہے کہ راہِ عشق میں قدم رکھ کے سوائے اللہ کے اور کسی طرف نظر نہ کرے (حضرت چشتی رحمہ اللہ)
- کوئی شخص بھی فرائض کو ضائع نہیں کرتا جب کہ وہ سنتوں کو ضائع نہ کرے اور جو شخص سنت کو چھوڑے وہ بہت جلد بدعت میں مبتلا ہو جاتا ہے
- کسی بھی پریشانی پر سب سے پہلے اللہ کی طرف رجوع کیجئے اور دوسری تدابیر کو بعد میں اختیار کیجئے
- دل کی صفائی چاہتا ہے... تو آنکھ جہان سے بند کر لے... یہی وہ رخنہ ہے جہاں سے غبار اترتا ہے
- اصل بڑھاپا ایمان کی کمزوری ہے اسی لیے اللہ والے سو سال کی عمر میں بھی جوانوں سے بڑھ کر ہوتے ہیں
- جب انسان کی روش خداوند تعالیٰ کی مرضی سے ہوتی ہے تو وہ دشمنوں کو بھی دوست بنا لیتا ہے (حضرت سلیمان علیہ السلام)
- مانگو تو تمہیں دیا جائیگا... دروازہ کھٹکھٹاؤ تو تمہارے واسطے کھولا جائیگا (حضرت عیسیٰ علیہ السلام)
- جب کسی شخص کو دوسروں کی عیب جوئی کرتے دیکھو تو اسے اپنے دوستوں کے زمرے سے خارج کر دو

- اپنی اپنی تحقیق ہے بس دُنیا مقصود نہ ہو ترفع مقصود نہ ہو... لڑو جھگڑو نہیں... نیت اچھی ہو کہ اِخلاص ہو
- اپنے دلوں سے دوستی کا حال پوچھو کیونکہ یہ ایسے گواہ ہیں جو کسی سے رشوت نہیں لیتے (حضرت علی کرم اللہ وجہہ)
- تم میں سے جو شخص اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتا ہو اس کو چاہئے کہ اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرے (حدیث)
- جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سنو عمل کرنے کی نیت سے یاد رکھو نہ کہ روایت کرنے کی نیت سے
- سر جس پر نہ جھک جائے اسے در نہیں کہتے...اور ہر در پہ جو جھک جائے اسے سر نہیں کہتے
- نفس کو مباح چیزوں کی خواہش سے روک لے ورنہ دُنیا اس کی بہشت بن جائے گی اور موت اس پر دشوار ہوگی
- یا رب تیرے محبوب کی شباہت لے کے آیا ہوں... حقیقت اس کو تو کر دے میں صورت لے کے آیا ہوں
- اس شخص کی نسبت تعجب ہے جو اپنی اجل (موت کا مالک نہیں پھر امیدیں کس طرح بڑھاتا ہے
- زندگی میں تین چیزیں نہایت سخت ہیں' اخوف مرگ شدت مرض اور ذلت قرض جو امر پیش آتا ہے وہ نزدیک ہے لیکن موت اس سے بھی نزدیک تر ہے
- تین باتوں میں تاخیر نہ کر... نماز میں جب اس کا وقت ہو... جنازہ میں جب تیار ہو...اور بیوہ کے نکاح میں جب اس کا جوڑ مل جائے
- رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا وارث وہ شخص ہے جو آپ کے فعل کی اقتدا کرے نہ کہ وہ کاغذ سیاہ کرے (ابوالحسن خرقانی)

- جو شخص خود اپنے نفس کی اصلاح نہیں کرتا...وہ دوسروں کے حق میں کبھی مصلح نہیں بن سکتا
- کسی بھائی کی حاجت براری کرنے والا ایسا ہے کہ گویا تمام عمر خدا کی خدمت میں گزاری
- برکت اور فراخی رزق کا مجرب نسخہ اپنے معاملات صاف رکھئے اور ادائیگی میں کسی کو پریشان نہ کیجئے
- کیا میں تمہیں ایسے خزانے سے مطلع نہ کروں جو سب سے اچھا ہو؟ سن لو کہ وہ نیک عورت ہے
- سفر پر روانہ ہوتے وقت اپنے گھر اور بچوں پر آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کریں اور ان سے اپنے اوپر دم کرائیں سفر باظفر ہوگا
- حدیث: سچ بولنے والا امانت والا تاجر (قیامت میں) پیغمبروں اور ولیوں اور شہیدوں کے ساتھ ہوگا (ترمذی)
- اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس سے زیادہ کوئی عبادت نہیں کہ تو کسی مسلمان بھائی کا دل خوش کردے (حدیث)
- خالق سے ایسا معاملہ کرو جیسا تم اپنے غلام سے اپنے لیے کرانا چاہتے ہو (امام غزالی رحمہ اللہ)
- جس سونے کی پہرہ داری سونے نہ دیتی ہو اس سونے کو راہ خدا میں دیکر سو جاؤ مگر یہ بڑی ہمت کا کام ہے
- عالم باعمل کے چہرے کا نور بولتا ہے... گفتگو میں شعور بولتا ہے اور اس کے کردار میں صداقت کا سرور بولتا ہے
- اللہ تعالیٰ کی اطاعت قلب سے ہوتی ہے قالب سے نہیں (شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ)
- وصیت لکھ لیجئے... کیونکہ موت کا کسی لمحہ علم نہیں ورنہ اپنے لیے اور خاندان بھر کے لیے پریشانیاں ہی پریشانیاں ہیں
- نمازی کے سامنے سے گزرنا گناہ ہے... نماز پڑھتے وقت سامنے والے کی رعایت نہ کرنا یہ بھی گناہ ہے

- اپنے مرحومین کا جب بھی تذکرہ کریں تو ....''رحمۃ اللہ علیہ'' ضرور کہیں اس سے مرحوم کو خوشی ہوگی....
- اپنی اور بچوں کی نماز کی نگرانی رکھیں تا کہ نماز صحیح طریقہ سے ادا ہو...صحیح طریقہ سے پڑھنے والے بچوں کو انعام دیا جائے
- قیامت کے روز سب سے پہلے نماز کا سوال ہوگا اور یہ روزانہ پانچ وقت فرض ہے اس لیے اس کی فکر کریں اور باقاعدہ سیکھیں
- بچوں پر محنت کریں کہ ہمارا ''مقصد زندگی'' صرف کھیل کود نہیں بلکہ اللہ کی عبادت اور پہچان ہے
- ایسی بات میں گفتگو کرنا جس میں کسی کا فائدہ نہ ہو...ضلالت و گمراہی کی علامت ہے (معروف کرخی رحمہ اللہ)
- خلوص یہ ہے کہ ہر وقت اور ہر حال میں خالق کو دیکھے (نہ کہ مخلوق کو) (شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ)
- مسجد میں داخل ہونے کے وقت غور کرلیں کہ آپ کس کے گھر میں داخل ہورہے ہیں...کیا آپ نے اپنا موبائل بند کر دیا؟
- بیماریوں میں سب سے بری دل کی بیماری ہے...دل کی بیماریوں میں سب سے بڑی دل آزاری ہے
- کسی کی نسبت برا خیال بھی دل میں نہ لاؤ یاد رکھو! کہ اسکا عکس اسکے دل پر ضرور پڑیگا
- بے کسوں پر ظلم کرنیوالے تو مہلتوں کے دھوکے میں نہ آجا...تو مشو مغرور بر حلم خدا...دیر گیر د سخت گیر د مر ترا
- ہر کتاب اور ہر رسالہ پڑھنے سے ذہنی انتشار پیدا ہوتا ہے کسی ایک کا مستند عالم سے انتخاب کرائیے
- دیکھا دیکھا کسی بات پر عمل نہ کریں بلکہ کسی محقق عالم سے تحقیق کرلیں..اور بحث ہرگز نہ کریں

◄ جب تم دیکھو کہ اللہ کسی کو نافرمانی کے باوجود اس کی پسندیدہ چیزیں دے رہا ہے تو سمجھ لو اللہ اسے ڈھیل دے رہا ہے

◄ کھیل کود اور مزاح وغیرہ میں شرعی حدود کا خیال رکھنے سے یہ بھی آپ کے لیے عبادت میں شمار ہو سکتی ہیں

◄ جس نے دن میں سو مرتبہ سبحان اللہ وبحمدہ کہا اس کے گناہ سمندر کی جھاگ کے برابر بھی ہوئے تو معاف ہو جائیں گے (ابوداؤد)

◄ لوگ خدا کے عیال ہیں اور خدا کے نزدیک زیادہ پیارا اسکے عیال کو فائدہ پہنچانے والا ہے

◄ عذاب قبر سے بچنے کے لیے سورۂ ملک سوتے ہوئے پڑھیے اور پیشاب کی چھینٹوں سے بچئے اور اعمال صالحہ کی فکر کیجئے جو قبر میں ساتھ لے جائیں گے

◄ دلوں میں ایک قسم کا زنگ لگ جاتا ہے (یعنی گناہوں سے) اور اسکی صفائی استغفار ہے (بیہقی)

◄ بے شک آدمی محروم ہو جاتا ہے رزق سے گناہ کے سبب جسکو وہ اختیار کرتا ہے (مسند احمد)

◄ جب کسی احسان کا بدلہ کرنے سے تیرے ہاتھ قاصر ہوں تو زبان سے اسکا شکریہ ضرور ادا کر

◄ حفاظت کا مجرب عمل... گھر سے نکلتے وقت یا سواری پر بیٹھنے سے پہلے آیت الکرسی پڑھ کر چاروں طرف پھونک دے

◄ اپنے دل کو صرف خدا کے لیے خالی رکھ اور اعضاء کے ساتھ بال بچوں کے لیے معاش میں مصروف رہ یہ بھی تعمیل حکم ہے

◄ حدیث: تواضع سے جھکنا انسان کو اونچا کرتا ہے اور معاف کرنا عزت بڑھاتا ہے اور خیرات دینا مال و دولت میں ترقی پیدا کرتا ہے (رواہ ابن ابی الدنیا)

◄ حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے جس طرح آگ لکڑیوں کو بھسم کر ڈالتی ہے (سنن ابن ماجہ)

◄ مسلمانو! اس سے بڑھ کر گناہ کون سا ہوگا کہ تم آپس میں جھگڑے اور تکرار کرتے رہو (ترمذی)

◄ انسان کا گناہ اس سے زیادہ کیا ہو سکتا ہے کہ جو کچھ سنے زبان سے بے تحاشہ کہہ ڈالے (ابوداؤد)

- طلب صادق ہوتو کچھ عرصہ بعد شیخ کامل کی صحبت میں اس کا عکس ظاہر ہونے لگتا ہے (حضرت لاہوری رحمہ اللہ)
- حدیث: سوائے موت کے ہر مرض سے شفا کا نسخہ اَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اَنْ يَّشْفِيَكَ (ابوداؤد)
- حدیث: مہمان جب آتا ہے تو اپنا رزق لینے آتا ہے اور جب جاتا ہے تو میزبان کے گناہ مٹا کر جاتا ہے (رواہ ابوالشیخ)
- حدیث: ایک مسلمان کا دوسرے مسلمان سے ناراض ہو کر جدا ہونا اس کے قتل کرنے کے مانند ہے (ابن قانع)
- حدیث: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کثرت سے پڑھا کرو، کیونکہ یہ کلمات جنت کے خزانے میں سے ایک خزانہ ہے (مشکوٰۃ)
- حدیث: کیا میں تم کو تمہاری بیماری کی دوا نہ بتلا دوں... سن لو کہ تمہاری بیماری گناہ ہیں اور تمہاری دوا استغفار ہے (ترغیب از بیہقی)
- عقلمند اپنے آپ کو پست کر کے بلندی حاصل کرتا ہے اور نادان اپنے آپ کو بڑھا کر ذلت اٹھاتا ہے
- جب زبان اصلاح پذیر ہوتی ہے تو دل بھی صالح ہو جاتا ہے (حضرۃ عثمان رضی اللہ عنہ)
- جو اللہ تعالیٰ سے واقف ہو جاتا ہے وہ مخلوق کے سامنے متواضع ہو جاتا ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)
- خدا کی عبادت اس طرح کر کہ گویا اس کو دیکھتا ہے اور اگر تو اسے نہیں دیکھ سکتا تو وہ تجھے دیکھتا ہے
- آدمی کی عقل اس کے کلام کی خوبی اور شرافت اسکے افعال کی عمدگی سے ظاہر ہوتی ہے
- تیرے حاسد کے لیے اتنی سزا کافی ہے کہ وہ تیری خوشی پر غمگین اور تیرے غم کے وقت خوش ہوتا ہے

- حدیث: جو شخص کسی مسلمان کو تکلیف پہنچائے یا اس کے ساتھ مکرو فریب کرے وہ ملعون ہے (ترمذی)
- اللہ تعالیٰ نرمی کو پسند کرتا ہے اور نرمی پر جو اجر وثواب عطا کرتا ہے وہ سختی پر کبھی عطا نہیں کرتا (مسند احمد)
- جو آدمی تھوڑی سی روزی پر راضی ہو جاتا ہے اللہ اسکے تھوڑے سے عمل پر راضی ہو جاتا ہے
- سب سے موثر وعظ یہ ہے کہ انسان قبرستان دیکھ کر اس سے عبرت حاصل کرے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)
- خوش نصیب وہ ہے جو اپنے نصیب پر خوش ہو اور بدنصیب وہ ہے جس کی نظر دوسروں کے نصیب پر ہو
- حیا کیساتھ تمام نیکیاں اور بے حیائی کیساتھ تمام برائیاں وابستہ ہیں (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ)
- دشمنوں سے حفاظت کے لیے مسنون دُعا اللّٰھم انا نجعلک فی نحورھم ونعوذ بک من شرورھم (عصر کے بعد 313 مرتبہ)
- مسلمانو! نہ اپنے مسلمان بھائیوں سے جھگڑا کرو، نہ ان سے ہنسی اور دل لگی کی باتیں کرو نہ ایسا وعدہ کرو جو جھوٹا ہو (سنن الترمذی)
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بت پرستی اور شراب خوری کے بعد جس بات سے خدا نے مجھ کو منع کیا ہے وہ لوگوں سے جھگڑا کرنا ہے (طبرانی)
- ایمان بڑی دولت ہے اور پھر ایمان پر خاتمہ نصیب ہو جائے... ہمیشہ کے لیے بڑے مزے ہیں
- خلوص نیت سے اللہ تعالیٰ کو جس مبارک نام سے بھی پکارا جائے وہی اسم اعظم ہے (سب سے بڑی چیز دُعا ہے کسی بھی موقع پر اس کو نہ بھولئے)
- اپنی شرمگاہ کی حفاظت کرتے رہو گے تو قیامت کے دن خدا تعالیٰ

تمہیں رسوائی سے بچالے گا۔ (حدیث بحوالہ اقوال زریں)

◄ جس نے مخلوق سے کچھ مانگا وہ خالق کے دروازے سے اندھا ہے (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)

◄ دُنیا کی مصیبتیں بظاہر زخم ہیں مگر درحقیقت ترقیوں کا موجب ہیں... حادثاتِ دُنیا کی تلخی... کڑوی دوا کی مثل ہے (یحیٰ برمکی رحمہ اللہ)

◄ مجاہدہ میں تمام کوششیں کر کے حق تعالیٰ کے فضل پر نگاہ رکھنی چاہئے نہ کہ اپنے اعمال پر (حضرت بسطامی رحمہ اللہ)

◄ پریشانیوں کا ایک ہی حل... اللہ کو راضی کرنا... بڑا عمل گناہ چھوڑنا اور استغفار کرنا... اور ہر معاملہ میں اللہ سے دُعا کرنا ہے

◄ فرمایا: انسان موجود کا شکر نہیں کرتا مفقود پر نظر کر کے ناشکری کرتا ہے (ملفوظ حکیم الامت تھانوی رحمہ اللہ)

◄ خواہش نفسانی کی حلاوت ولذت کا دل میں مستحکم ہو جانا سخت لاعلاج بیماری ہے (ابن عطاء اسکندری رحمہ اللہ)

◄ ہم لوگ شکاری ہیں... جیب کے نہیں دل کے شکاری ہیں (ملفوظ حضرت مولانا عبدالغفور مدنی رحمہ اللہ)

◄ الٰہی یہ تمنا ہے کہ اب ان آنکھوں سے بیت اللہ کو دیکھوں... پھر اس کو دیکھ کر بیت رسول اللہ کو دیکھوں

◄ دوسروں کے سینے سے شر اس وقت دور کر... پہلے اپنے سینے کی صفائی کرلے (علی رضی اللہ عنہ)

◄ جلد باز آدمی اکثر اپنے کیے پر نادم ہوتا ہے... اگر نادم نہ ہو تو سمجھ لو کہ اس کا جنون مستحکم ہو گیا (حضرت علی رضی اللہ عنہ)

◄ علم مال سے بہتر ہے کیونکہ علم تمہاری حفاظت کرتا ہے اور تم مال کی حفاظت کرتے ہو (حضرت علی رضی اللہ عنہ)

◄ ایمان اس کا نام ہے کہ خدائے واحد کو دل سے پہچانے اور زبان سے اس کا اقرار کرے اور حکم شرع پر عمل کرے

◄ جب نماز کا وقت ہوتا ہے تو ظاہری و باطنی وضو کرتا ہوں... ظاہری وضو پانی سے اور باطنی توبہ سے کرتا ہوں (حضرت حاتم اصم رحمہ اللہ)

◄ شکر گزار مومن عافیت سے قریب تر ہے... گمنامی پسند کر اس میں ناموری کی نسبت بڑا امن ہے

◄ حق تعالیٰ جب اپنے بندے کی بھلائی چاہتا ہے تو حسن عمل کا دروازہ اس پر کھول دیتا ہے (معروف کرخی رحمہ اللہ)

◄ بخشش کا کمال یہ ہے کہ جو چیز کسی کو دینی ہو جلدی سے اسے دیدی جائے انتظار میں نہ رکھا جائے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)

◄ تعجب ہے اس پر جو تقدیر کو پہچانتا ہے اور پھر جانیوالی چیز کا غم کرتا ہے (حضرت عثمان رضی اللہ عنہ)

◄ اگر کلام کم ہو بالعموم جواب درست ہوتا ہے اور جب گفتگو زیادہ ہو تو غلطی بھی زیادہ ہوتی ہے (امام مالک رحمہ اللہ)

◄ جو شخص حق کیخلاف کرتا ہے حق تعالیٰ خود اس کا مقابلہ کرتا ہے (علی رضی اللہ عنہ)

◄ جب کسی کے احسان کا بدلہ دینے سے تیرے ہاتھ قاصر ہوں تو زباں سے اس کا شکریہ ضرور ادا کر (حضرت علی رضی اللہ عنہ)

◄ جب کسی کام میں اللہ کی حکمت معلوم نہ ہو تو اپنے خیالات کو آگے نہ بڑھا (حضرت علی رضی اللہ عنہ)

◄ جب زاہد لوگوں سے بھاگ جائے تو تو اسے تلاش کر اور جب زاہد لوگوں کی تلاش کریں تو تو اس سے بھاگ جا

◄ مافات کا تدارک ما آت سے کر یعنی پرانے گناہوں کو نئی نیکیوں سے مٹاؤ اگر تو کسی

کیساتھ احسان کرے تو اسے مخفی رکھ اور جب تیرے ساتھ کوئی اور احسان کرے تو اسکو ظاہر کر

◄ نیک بخت وہ ہے کہ نیکی کرے... اور ڈرے... اور بد بخت وہ ہے کہ بدی کرے... اور مقبولیت کی امید رکھے

◄ اتباع سنت کا ہمیشہ خیال رکھئے یہی کمال ہے یہی مطلوب ہے یہی رضائے خداوندی کا موجب ہے (حضرت مدنی رحمہ اللہ)

◄ جب بھی مصیبت آئے نعمتوں کو یاد کرے اور صبر سے کام لے... حدیث شریف کے مطابق ''صبر کرنا نصف ایمان ہے''

◄ جو آدمی قرآن سیکھے اور لوگوں کو سکھائے اور اس پر عمل کرے میں اس کو جنت میں کھینچ کر لے جاؤں گا (مفہوم حدیث)

◄ رمضان المبارک کی قدر کرلیں... نیکیوں سے دامن بھرلیں... شاید زندگی کا آخری رمضان ہو

◄ خدا اسؐ جوان آدمی کو پسند کرتا ہے جو اپنی جوانی کو خدا کی فرمانبرداری میں صرف کرتا ہے

◄ مجرب قرآنی نسخہ... اپنی اور بچوں کی حفاظت کے لیے والدین صبح وشام آخری دو سورتیں پڑھ کر اپنے اور بچوں پر دم کرلیا کریں

◄ اے محمد کی بیٹی فاطمہ خدا سے ڈر کر نیک عمل کرتی رہو کیونکہ میں قیامت کے دن خدا کے مقابلہ میں تم کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتا

◄ حدیث: لوگوں سے کوئی چیز مت مانگو اور اگر تمہارا کوڑا گر پڑے تو اس کو بھی خود گھوڑے سے اتر کر اٹھاؤ (احمد)

◄ اللہ پاک فرماتے ہیں روزہ بندہ کی طرف سے خاص میرے لیے ایک تحفہ ہے اور میں ہی اس کا اجر وثواب دوں گا

◄ حجر اسود کے قریب ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہی وہ جگہ ہے جہاں آنسو بہائے جاتے ہیں

- خدا سے زیادہ کون غیرت مند ہوگا جس نے تمام ظاہری و باطنی بدکاریوں کو حرام کردیا ہے (بخاری)
- زندگیوں میں روحانی انقلاب لانے اور دین کی صحیح فکر پیدا کرنے کے لیے اپنی مساجد اور گھروں میں درس قرآن شروع کرائیے
- سب سے بڑا عمل اللہ کو راضی کرنا اور گناہوں کو چھوڑنا ہے اس کے بعد پھر کسی عامل کے پاس جانے کی ضرورت نہیں
- دُعا کرنے کیلئے اہلیت شرط نہیں اس لیے خود اپنے لیے دُعا کیجئے اور دوسروں سے دُعا لیجئے
- حاجات کیلئے سب سے بڑا وظیفہ گناہوں سے بچنا ہے اگر گناہ ہوجائے تو فوراً توبہ کرلیں
- سب سے زیادہ سخت گناہ وہ ہے جو اسکے کرنیوالے کی نظر میں چھوٹا ہو
- فرمایا: اسکی صحبت میں رہو جس سے تم اپنا کوئی مخفی بھید جس کی اللہ تعالیٰ کو خبر ہے نہ چھپاؤ (ذوالنون مصری رحمہ اللہ)
- مدینہ منورہ کی سرزمین وہ سرزمین ہے جس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں کو چوما ہے
- تمہارے دلوں سے اگر موت کا یقین دور نہ ہوتا تو فضول کی امیدوں کا غرور تم پر غالب نہ آتا (علی رضی اللہ عنہ)
- جس کلام کو تو بہت اچھا سمجھتا ہے اسے مختصر کردے کہ یہ تیرے حق میں نہایت مفید ہے اور تیرے فضل وکمال کی نشانی ہے
- آخرت کی فکر کرنی ہے ضرور... جیسی کرنی ویسی بھرنی ہے ضرور... عمر یہ اک دن گزرنی ہے ضرور قبر میں میت اترنی ہے ضرور
- اِذَالَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَاشِئْتُ (جب تم حیا نہ کرو تو جو چاہے کرو) (مسلم)
- جس میں ادب نہیں اس میں برائیاں ہی برائیاں ہیں (مولانا روم رحمہ اللہ)
- قول بے عمل... عمل بے اِخلاص... ناقابل قبول ہیں (شیخ جیلانی رحمہ اللہ)

◄ جو کام لوگوں کے سامنے کرنا مناسب نہیں مناسب ہے کہ اسے چھپ کر بھی نہ کیا جائے (حضرت علی رضی اللہ عنہ)

◄ تم میں سے بہتر وہ ہے جو قرآن سیکھے اور دوسروں کو سکھائے (حدیث مبارکہ)

◄ قرآن وہ مبارک کتاب ہے جسے رحمٰن نے خود سکھایا ہے

◄ عقل مند وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کے روبرو بلائے جانے سے پہلے اللہ کو راضی کر لے (حضرت شفیق بلخی رحمہ اللہ)

◄ حدیث کا ایک ادب یہ بھی ہے کہ عمل کی نیت سے پڑھی جائے اور اللہ سے عمل کی توفیق کے لیے دُعا کی جائے

◄ زمانہ جس قدر ترقی کرے گا انسانی ترقی کے لیے سیرۃ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ضرورت بڑھتی چلی جائے گی

◄ تم میں سے ہر شخص اپنے کنبہ کا ذمہ دار ہے اس سے قیامت کے دن اپنے ماتحت افراد کے بارہ میں پوچھا جائے گا (مفہوم حدیث)

◄ علم مال سے بہتر ہے کیونکہ علم تمہاری حفاظت کرتا ہے اور تم مال کی حفاظت کرتے ہو (حضرت علی رضی اللہ عنہ)

◄ ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ ''یا نور'' پڑھ کر ہاتھوں پر پھونک کر آنکھ پر پھیرنے سے بینائی درست رہتی ہے

◄ بندہ سے حق تعالیٰ کی ناراضگی کی علامت یہ ہے کہ وہ اللہ کے ذکر سے غافل ہو جائے (حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ)

◄ سب سے ضروری چیز عقائد کا درست کرنا ہے کیونکہ اسکے بغیر کچھ بھی صحیح نہیں

◄ یہ سب سے بڑی حماقت ہے کہ کام دوزخ کے کرو اور طمع بہشت کی رکھو (یحییٰ معاذ رحمہ اللہ)

◄ کل قیامت کو میزان میں وہی عمل بھاری ہوگا جو آج تجھے گراں معلوم ہوتا ہے (ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ)

◄ اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے نوازنے کیلئے اعمال اختیار کرنیکا حکم دیا جس پر مغفرت کا وعدہ ہے

◄ مرد کے ذمے سب سے زیادہ حق اس کی والدہ کا ہے لیکن اپنی بیوی کے حقوق کا بھی خیال رکھنا فرض ہے

◄ اللہ تعالیٰ پر کامل یقین تمام راحتوں کی کنجی ہے غصہ کی ابتداء حماقت سے اور انتہاء ندامت پر ہوتی ہے

◄ جب تم دُنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ اور رزق کا کوئی راستہ نہ نکلے تو صدقہ دیکر اللہ سے تجارت کرو

◄ نماز پانچ وقت فرض عین ہے اسے باقاعدہ سیکھئے...سجدہ میں بندہ اپنے رب کے قریب ترین ہوتا ہے

◄ جس طرح کے ہمارے اعمال اوپر جاتے ہیں اسی طرح کے فیصلے ہمارے بارہ میں نیچے اترتے ہیں

◄ توبہ کے صابن سے اپنے تمام گناہ دھوڈالئے...توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسے اس نے گناہ کیا ہی نہیں

◄ اکابر کا تجربہ شاہد ہے کہ حکیم الامت رحمہ اللہ کے خطبات وملفوظات اصلاح کے لیے نسخہ اکسیر ہیں

◄ بے شک تمہارے مال اور تمہاری اولاد تمہارے لیے امتحان ہیں (القرآن)

◄ اولاد کی اصل خیر خواہی یہ ہے کہ ان کے مستقبل یعنی آخرت کی خیر خواہی کی جائے

◄ موجودہ مصائب کا علاج...خلوص نیت سے دُعا اور اپنی اصلاح کی فکر ہر دن اللہ تعالیٰ کی طرف سے مستقل مہلت ہے جسے سوچ سمجھ کر گزاریئے

◄ ہر دور کے صلحاء نے انسان کو انسانیت کی تعلیم سے آراستہ فرمایا ہے جس

شخص کے دل میں ذرہ برابر بھی ایمان ہو گا وہ دوزخ سے نکال لیا جائے گا

◄ درج بالا تمام روایات میں گناہ صغیرہ کی معافی مراد ہے کیونکہ گناہ کبیرہ توبہ وتلافی کے بغیر معاف نہیں ہوتے

◄ نفس پر عقل کو اور عقل پر شریعت کو غالب رکھو (حضرت حکیم الامت تھانوی رحمہ اللہ) نیک اولاد سے بڑھ کر کوئی دولت نہیں اس لیے بہترین سرمایہ داری اولاد کی دینی تربیت ہے

◄ نماز پانچ وقت فرض ہے اس لیے اسکو باقاعدہ سیکھئے... قیامت کے دن سب سے پہلے نماز کا سوال ہو گا

◄ اللہ تعالیٰ نے مومنوں کی مہمانی کیلئے جنت تیار کی ہے جس میں داخلہ کیلئے مومن ہونا ضروری ہے

◄ جو اللہ کا ہو گیا... اللہ اس کا ہو گیا

◄ ہر شخص اپنا محاسبہ کرے کہ وہ اللہ سے کس قدر قریب ہے

◄ نفس وشیطان اور ماحول کا مقابلہ کر کے نیک بنا جا سکتا ہے جس نے مجھے ایک حرف سکھایا... میں اس کا غلام ہوں (حضرت علی رضی اللہ عنہ)

◄ اپنے بچوں کو وقت دیجئے... ان کی دینی تربیت کیجئے تاکہ یہ آپ کے لیے ذخیرہ آخرت بن سکیں اولاد کو... جدید میڈیا کے مہلک اثرات سے بچانے کے لیے... اچھی کتب گفٹ کیجئے

◄ صاحب علم اگرچہ حقیر حالت میں ہو... تو اسے ذلیل نہ سمجھو... اور اگر بے وقوف بڑے رتبے پر ہو... تو اسے بڑا مت خیال کر

◄ جس بات کا علم نہ ہو اسے برا نہ سمجھو... ہو سکتا ہے کہ کئی باتیں ابھی تمہارے کان تک نہ پہنچی ہوں

◄ سب سے خوبصورت چیز... انسان کا نیک ارادہ ہے عمدہ چیز کو حاصل کرنا خوبی نہیں... بلکہ اس کو عمدہ طریقے سے استعمال کرنا خوبی ہے

◄ اپنی عمر کی حفاظت کر... کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں صرف ہو اپنے قصور کا اقرار کرنا... مجرم کے لیے بہت ہی اچھا سفارشی ہے

◄ مت رکھ امید کسی سے مگر اپنے رب سے اور مت ڈر کسی سے مگر اپنے گناہ سے
اے عمل کرنے والے اِخلاص پیدا کر...ورنہ فضول مشقت ہے

◄ لوگوں میں سے برا وہ ہے...جس کی تعظیم اس کے شر کے خوف سے کی جائے دُنیا حلال بھی...عذاب ہے...مگر یہ حرام کی نسبت...خفیف ہے

◄ صرف زبانی استغفار کرنا...بغیر اس کے کہ گناہوں سے اس کی طبیعت اکھڑ جائے...جھوٹوں کی توبہ ہے

◄ شرافت عقل و ادب سے ہے نہ کہ مال ونسب سے حرام کاموں سے...نفس کو روکنا...بھی صبر کی...دوسری قسم ہے

◄ نابالغ بچوں پر ظلم کرنیوالوں کی طرف سے روز محشر اللہ تعالیٰ خود مدعی ہوں گے

◄ یہ اللہ تعالیٰ کی تعظیم کا ایک حصہ ہے کہ کسی سفید بال والے مسلمان کا احترام کیا جائے

◄ تمام پریشانیوں سے بچنے کے لیے...بڑا وظیفہ...گناہ چھوڑنا...اور اللہ کے حضور...دُعا واستغفار ہے

◄ انسان کا اپنے عیبوں کو معلوم کرنا...بہت بڑا نافع علم ہے ہر وقت دُنیا کی فکر روح کو مردہ اور آخرت کی فکر...روح کو جلا بخشتی ہے

◄ خاموشی...بغیر تخت کے...بادشاہی ہے صبر کا کمال یہ ہے کہ مصیبت پہنچتے ہی...ثواب کو سوچ کر صبر کیا جائے

◄ یارب تیرے محبوب کی شباہت لے کے آیا ہوں...حقیقت اس کو تو کر دے میں صورت لے کے آیا ہوں

◄ انسان کی قابلیت اس کی زبان میں پوشیدہ ہے جو شخص ظاہر کو درست کر لے اللہ تعالیٰ اس کے باطن کو بھی درست فرما دیتے ہیں

◄ عورت اپنے خاوند کے علاوہ کسی اور کیلئے زینت کرے تو اس کیلئے آگ اور عیب ہے (طبرانی)

◄ اللہ تعالیٰ کے خوف سے ناجائز چیزوں سے نظر بچا لینا ہزاروں سال کے نوافل سے بھی زیادہ بلند مقام حاصل کرنے والا ذریعہ ہے

◄ سب سے بڑی حماقت یہ ہے کہ کام دوزخ کے کرو اور جنت کی امید رکھو تجھے اپنی زندگی کا سفر خود طے کرنا ہے... اس لیے کسی سے امید نہ رکھ

◄ میزان عمل میں سب سے وزنی چیز... حسن اَخلاق ہے وقت طلوع دیکھا وقت غروب دیکھا... اب تو فکرِ آخرت ہے دُنیا کو خوب دیکھا

◄ علم عمل کو آواز دیتا ہے اگر عمل نہیں تو علم بھی رخصت ہو جاتا ہے جو آدمی والدین کو خوش کرتا ہے...

◄ وہ اللہ کو خوش کرتا ہے... اور جو ناراض کرتا ہے... وہ اللہ کو ناراض کرتا ہے (حدیث ابن النجار)

◄ بہترین یادداشت وہ ہے... جس میں انسان اپنی نیکیاں اور دوسروں کی برائیاں بھول جاتا ہے

◄ کام تو کام کرنے سے ہوگا نہ کہ حسن کلام سے ہوگا... ذکر کے اہتمام سے ہوگا فکر کے التزام سے ہوگا

◄ علاج کی ابتدا... دُعا اور صدقہ سے کرو... دوا صرف تدبیر سمجھ کر کرو مسلمانوں میں سب سے زیادہ کامل ایمان اس شخص کا ہے جس کے اَخلاق عمدہ ہیں (احمد)

◄ الٰہی یہ تمنا ہے کہ ان آنکھوں سے بیت اللہ کو دیکھوں... پھر اس کو دیکھ کر بیت رسول اللہ کو دیکھوں

◄ میں جنت کے کناروں پر گھر دلوانے کی ضمانت دیتا ہوں... جو جھگڑا چھوڑ دے، خواہ وہ حق پر ہو (حدیث ابوداؤد)

◄ آخرت کی تیاری کیجئے... موت کے سامنے کوئی حکمت کارگر نہیں رہتی زندگی کے دکھ... انسان کو انسان بناتے ہیں

◄ ہر گناہ آگ کا انگارہ ہے... چاہے وہ چھوٹا ہو یا بڑا اچھی بات قبول کر لو... چاہے وہ دیوار پر بھی لکھی ہوئی ہو

◄ جو مسکین کا نالہ سن کر اپنے کان بند کر لیتا ہے... وہ آپ بھی نالہ ضرور کرے گا اور اس کی سنی نہ جائے گی

◄ فحش کلامی کرنے پر ایک نوجوان کو کسی بزرگ نے کہا ''دیکھ تو خدا تعالیٰ کے نام کے ساتھ کیسا خط بھیج رہا ہے''

◄ اگر کوئی عورت مر جائے.... اس حال میں کہ اس کا خاوند اس سے راضی ہو تو وہ جنت میں داخل ہوگی

◄ اِخلاص یہ ہے کہ اعمال کا عوض نہ چاہے... دُنیا کو آخرت کے لیے اور آخرت کو اللہ تعالیٰ کے لیے چھوڑ دے

◄ جس نے مخلوق سے کچھ مانگا... وہ خالق کے دروازے سے اندھا ہے نعمتوں پر شکر کیجئے... تاکہ مصائب پر صبر کا مظاہرہ ہو سکے

◄ وعدہ ایک طرح کا قرض ہے... کمبختی ہے اس کی جو وعدہ کرے پھر اس کے خلاف کرے (حدیث ابن عساکر)

◄ ایک بچے کی اچھی تربیت... خاندانوں کے سنورنے کا ذریعہ ہے برائی کو چھوڑتے وقت... اس کی طاقت کا اندازہ ہوتا ہے

◄ جب ہم کام کرنا چاہتے ہیں... تو ہمت خود بخود آ جاتی ہے حقیقی بھائی وہی ہے... جو تجھے نصیحت کرتا رہے

◄ دوسروں کو راحت پہنچا کر جینا ہی... زندگی اور بندگی ہے.... اہل و عیال کو ادب سکھانا... جہاد سے افضل ہے (امام غزالی رحمہ اللہ)

◄ غصے کی حالت میں انصاف کرنا... بہت مشکل ہے اللہ کے ہاں دُعا

سے زیادہ کوئی چیز عزت والی نہیں (حدیث ترمذی)

◄ بچوں کی دینی تربیت کرنے والے والدین اچھا پھل پاتے ہیں بدصورت چہرہ... بدصورت دماغ سے بہتر ہے

◄ اللہ تعالیٰ کی معرفت... دُنیا و آخرت کا انمول خزانہ ہے اسلام ہی وہ دین ہے جو انسان کو انسانیت اور باہمی اخوت و محبت کا درس دیتا ہے

◄ دُنیا کی عزت مال سے اور آخرت کی عزت اعمال سے ہے زندگی کا ایک مقصد بنالو اور پھر ساری طاقت اس پر لگادو

◄ خاموشی میں ستر ہزار فائدے ہیں... اور بلا مشقت کی عبادت ہے ترقی کا راز... لگاتار عمل میں پوشیدہ ہے

◄ جب زبان درست ہوتی ہے تو دل نیک ہو جاتا ہے حاجت مند غرباء کا تمہارے پاس آنا اللہ تعالیٰ کا انعام ہے

''رات کے آخری حصہ میں مرغ کا تجھ پر اُٹھنے میں سبقت لے جانا' تیرے لیے باعث ندامت ہے'' (ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ)

رات کو اُٹھو اس لئے کہ عشاق رات کو راز و نیاز کرتے ہیں' دوست کے دروازے اور چھت کے اِردگرد پرواز کرتے ہیں ہر جگہ کے دروازے رات کو بند کردیئے جاتے ہیں' سوائے دوست کے دروازے کے جسے رات کو کھول دیتے ہیں

اللہ کے خزانہ میں چار چیزیں نہیں ہیں: (۱) عدم (۲) حاجت (۳) عذر (۴) گناہ

ایک شخص نے رابعہ بصریہ رحمہا اللہ تعالیٰ علیہ کے پاس دُنیا کی برائی کا تذکرہ کیا فرمایا: ''آئندہ میرے پاس نہ آنا' تمہیں دُنیا سے بہت محبت ہے''

بعض لوگوں نے ذوالنون مصری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے کہا: فلاں جماعت شغل وطرب میں مشغول ہے' بددُعا کریں' فرمایا: اللہ! جیسے تو نے انہیں دُنیا میں خوشیاں دیں' آخرت میں بھی

خوشیاں عطا فرما

اگر کوئی اہل دُنیا کی تعظیم کرے تو کون سی عجیب بات ہے' لوگ تو سانپ اور بچھو کو دیکھ کر بھی کھڑے ہو جاتے ہیں

دل غیر سے خالی اور پیٹ حرام سے خالی ہو تو ہر اسم ''اسم اعظم'' ہوتا ہے

لقمان حکیم نے فرمایا: ''میں چاند اور سورج کی روشنی میں پرورش پاتا رہا مگر دل کی روشنی سے بڑھ کر کسی کو سودمند نہ پایا''

دل سیاہ ہو تو چمکتی آنکھیں کچھ فائدہ نہیں دیتیں

جس دل میں غم نہ ہو جس گھر میں آرائش نہ ہو بگڑ جاتا ہے' اسی طرح جس دل میں غم نہ ہو تو وہ بھی بگڑ جاتا ہے

قیامت کے بازار میں سودے کی اتنی قیمت نہ ہوگی جتنا مؤمن کا دل خوش کرنے کی

نماز میں جی نہ لگنے کی وجہ ایسی ہے جیسے چمڑے کے کارخانے میں کام کرنے والا عطر کی دُکان پر جائے تو اس کا دم گھٹنے لگتا ہے

جو عبادت دُنیا میں مزہ نہ دے گی وہ آخرت میں کیا جزا دے گی

ولی' گنہ گار اور شیطان: جو گناہ پر پچھتائے اسے ولی سمجھو' جو پروا نہ کرے اُسے گنہگار انسان سمجھو' جو گناہ کر کے اترائے اسے شیطان سمجھو

گناہ کو نہ دیکھو کہ کتنا چھوٹا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی عظمت کو دیکھو کہ کس کی نافرمانی کی جارہی ہے

سچ کو باہر مت چھوڑیئے: اگر تم غلطیوں کو چھپانے کے لیے دروازے بند کرو گے تو سچ بھی باہر ہی رہ جائے گا

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وہ بدی جو تمہیں رنجیدہ کرے اس نیکی سے بہتر ہے جو تمہیں نازاں کرے

''اِخلاص یہ ہے کہ اپنی نیکیوں کو اس طرح چھپائے جس طرح اپنی برائیوں کو چھپاتا ہے'' (ابراہیم تیمی)

ساتھیوں کو چاہیے کہ لوگوں کو اللہ کی نعمتیں یاد دلائے تاکہ شکر کریں اپنے گناہ یاد

دلائے تاکہ توبہ کریں نفس وشیطان کی عداوت یاد دلائے تاکہ بچ سکیں

ایک غافل نے کسی شخص سے کہا کہ آپ کا مرید ریائی ذکر کرتا ہے فرمایا: اس کے پاس ٹمٹماتا چراغ ہے، لہٰذا بخشش کی اُمید ہے، آپ کے پاس تو یہ بھی نہیں

جس نے معمولات میں پابندی حاصل کرلی اس پر رحمت ہوگئی فرحتِ قلب اس کی لونڈی ہے جو خود بخود دل جائے گی

حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے تھے کہ جو شخص بیعت کی تمنا ظاہر کرے، میں اس کو اس لیے مرید کرلیتا ہوں کہ پیر کو قیامت کے دن جہنم جاتا دیکھ کر مرید ترس کھائے گا شاید اسی برکت سے بخشا جاؤں

ایک شخص نے کسی بزرگ کو ہدیہ دے کر دُعا کی درخواست کی فرمایا: ''ہدیہ واپس لے جاؤ، یہ دُعا کی دُکان نہیں ہے''۔ شیخ گنہگار مرید کو یوں سمجھے جیسے کسی حسینہ نے چہرے پر سیاہی لگالی ہے اگر دھوئے تو چاند سا چہرہ نکل آئے گا

تقویٰ یہ ہے کہ روزِ محشر کوئی تمہارا گریبان نہ پکڑے

ہم ایسے زمانے میں پیدا ہوئے ہیں کہ سلف صالحین نے اپنے علم وتقویٰ کے باوجود اس سے پناہ مانگی تھی

دُعا کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ قیامت کے دن کہے گا ''اے اللہ! میں نے تو دُعا کی تھی مجھے نیک بنا'، پس وہ معذور سمجھا جائے گا

جس سے حسد ہو اُس کے لیے بلندیِ درجات کی دُعا کرنا حسد کا بہترین علاج ہے

محنت ہمارے ہاتھ میں ہے، نصیب خدا کے ہاتھ میں ہے ہمیں اسی سے کام لینا چاہیے جو ہمارے ہاتھ میں ہے۔

بے کار انسان مردے سے بھی بدتر ہے کیونکہ مردہ کم جگہ روکتا ہے

جس طرح مخلوق کے لیے عمل کرنا ریا ہے اسی طرح مخلوق کے لیے عمل ترک کرنا بھی ریا ہے

''ہمارے بازاروں میں خرید وفروخت وہ کرے جو فقیہ ہو'' (قول عمر فاروق رضی اللہ عنہ)

بغیر مصیبت کے کوئی نعمت چھن جائے تو بہتر ملتی ہے

کسی نے حضرت خواجہ بایزید بسطامی سے کہا: آپ بھوک کی اتنی تعریف کیوں کرتے ہیں؟ فرمایا: ''اگر فرعون بھوکا ہوتا تو ''اَنَا رَبُّکُمُ الْاَعْلٰی '' (سورۃ النازعات' آیت: ۲۴) نہ کہتا

بعض اَسلاف کے چراغ کے تیل کا خرچہ زیادہ ہوتا تھا اور کھانے کا خرچہ کم ہوتا تھا

نادانوں کی بات پر تحمل عقل کی زکوٰۃ ہے

بہت زیادہ کھا کر بیمار ہونے والوں کی تعداد فاقہ کشی سے بیمار ہونے والوں سے زیادہ ہے

ہر بچے کی پیدائش اس بات کی علامت ہے کہ خدا ابھی بندے سے مایوس نہیں ہوا ہے

سچ پر چلنے والوں کا ہر قدم شیطان کے سینے پر ہوتا ہے

حیرت ہے کہ انسان ہاتھ تو دُنیا کے آگے پھیلاتا ہے مگر گلہ خدا سے کرتا ہے

بری عادتوں کی طاقت کا اندازہ اس وقت ہوتا ہے جب انہیں چھوڑنے کی کوشش کی جاتی ہے

جتنی محنت سے لوگ جہنم خریدتے ہیں اس سے آدھی محنت میں جنت ملتی ہے

گنہگار مؤمنین کو جہنم میں تکلیف کا احساس نہیں ہوگا

انگریزی پڑھ کر دیندار بننا عربی پڑھ کر بے دین بننے سے بہتر ہے

یہ تجربہ شدہ بات ہے کہ جو بچہ سورۂ یوسف پہلے یاد کرے اسے قرآن جلدی یاد ہو جاتا ہے

مرشد کی دُعا کا اثر بہت زیادہ ہوتا ہے

جس طرح شہوت بغیر محل حرام ہے اسی طرح غصہ بھی بغیر محل حرام ہے

بزرگوں کا کلام نقل کرنے سے کیا ہوتا ہے؟ دیکھو طوطا کیسے ہو بہو آدمی کی طرح بولتا ہے' کیا وہ آدمی ہو جاتا ہے' ہرگز نہیں

سچائی کی مشعل جہاں جلتی دیکھو فائدہ اٹھاؤ' یہ نہ دیکھو کہ مشعل بردار کون ہے

مسلمان کو فائدہ نہ پہنچا سکو تو نقصان نہ دو خوش نہ کرسکو تو رنجیدہ نہ کرو

تعریف نہ کر سکو تو غیبت نہ کرو

سو سال کی عمر میں ایک لمحے کی غلطی انسان کا رُخ مشرق سے مغرب کی طرف بدل دیتی ہے

غلطی کے بعد چہرے کو بہانے کی چادر سے نہ چھپاؤ کیونکہ چادر چہرے سے زیادہ میلی ہے

کمینے آدمی سے دوستی نہ کرو کیونکہ گرم کوئلہ ہاتھ جلاتا ہے اور ٹھنڈا کوئلہ ہاتھ کالے کرتا ہے

حیوانات میں مکھی سب سے زیادہ حریص اور مکڑی سب سے زیادہ قناعت پسند ہے پس اللہ تعالیٰ نے مکھی کو مکڑی کی غذا بنا دیا

اگر انسان کے خیالات شرعی گواہ ہوتے تو کئی نیک لوگ بدمعاش ہوتے

''بری نظر چھوڑ دو، خشوع کی توفیق ملے گی بیہودہ گوئی چھوڑ دو، دانائی ملے گی'' (ابن مبارک رحمہ اللہ)

فحش کلامی کرنے پر ایک نوجوان کو کسی بزرگ نے کہا: ''دیکھ تو خدا تعالیٰ کے نام کیسا خط بھیج رہا ہے''

اگر غرور کوئی علم ہوتا تو اس کے کئی سند یافتہ ہوتے

اگر تو حق تعالیٰ سے راضی ہے تو یہ نشانی ہے اس بات کی کہ وہ تجھ سے راضی ہے

انکساری کا سہارا لے کر چلو ورنہ ٹھوکر کھا کر گر پڑو گے

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دُعا کی: ''خدایا! مخلوق کی زبان مجھ سے روک دے''

فرمایا: ''اگر میں ایسا کرتا تو اپنے لیے کرتا''

اشراف نفس کے بغیر جو ہدیہ ملے اس میں برکت ہوتی ہے

لباس کے تین درجے ہیں: ایک آسائش کا جو ضروری ہے، دوسرا زیبائش کا جو جائز ہے اور تیسرا نمائش کا جو منع ہے

اے دوست! تو اپنے اصل مکان کی طرف جا رہا ہے لیکن سست رفتاری کے ساتھ، اصل مکان کی طرف تو جانور بھی تیز چلتے ہیں

کوئی پیٹھ کی طرف سے پکارے تو جواب نہ دو، پیٹھ کی طرف سے جانوروں کو پکارتے ہیں (امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ)

جو نعمت کی قدر نہیں کرتا' نعمت نا معلوم طریقے سے چھین لی جاتی ہے

وعظ گوئی سے عجب پیدا ہو تو لکھ کر وعظ کرے' اس طرح لوگ کہیں گے کہ بیچارہ دیکھ کر بول رہا ہے

"تم فاقے کی قدر کیا جانو ہم نے سلطنت دیکر خریدے ہیں ہم سے پوچھو" (ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ)

عورت کے لیے زیور و لباس کی محبت کم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ گھر میں اچھے کپڑے پہنے دوسری جگہ جائے تو معمولی کپڑے پہنے

ابن عطاء سکندری کو الہام ہوا کہ میں ایسا رازق ہوں اگر تو دُعا کرے کہ رزق نہ ملے تو پھر بھی دوں گا' اگر رو رو کر مانگے گا تو کیوں نہ دوں گا

دریا کے پانی اور آنکھوں کے پانی میں صرف جذبات کا فرق ہوتا ہے

بوڑھا آدمی چراغ سحر ہے تو جوان آدمی چراغِ شام ہے

اپنا بچہ روئے تو دل میں درد ہوتا ہے اور دوسرے کا بچہ روئے تو سر میں درد ہوتا ہے

تہجد کے وقت آنکھ کھلے تو سمجھ لو کہ آسمان سے فون آیا ہے

ذکر سے خالی بات لغو ہے عبرت سے خالی نظر لہو ہے اور فکر سے خالی خاموشی سہو ہے

بیمار دل کی چار علامتیں ہیں:

(۱) اطاعت میں حلاوت محسوس نہ کرے

(۲) اس میں خدا کا خوف نہ رہے

(۳) دُنیا کی چیزوں کو نگاہِ عبرت سے نہ دیکھے (۴) جو علم سنے اسے سمجھے نہیں

گناہوں سے پرہیز کیا جائے تو دین و دُنیا میں مزے ہی مزے ہیں

تمام برائیوں کی جڑ دُنیا کی دوستی ہے

اقوال صوفیاء سے چند منتخب اقوال

فرمایا: اے درویش! جس نے سعادت حاصل کی خدمت سے کی کیونکہ دین دنیا کی نعمت مشائخ اور پیروں کی خدمت کرنے سے حاصل ہوتی ہے۔ (حضرت فرید گنج شکر رحمہ اللہ)

فرمایا: اپنے والدین کی رضامندی سب کام پر مقدم رکھنا اولاد کی سعادت مندی ہے۔

(حضرت مولانا عبدالاول جونپوری وفات ۱۳۳۹ھ)

فرمایا: جو چیز تجھ کو حق تعالیٰ سے غافل کردے وہ دنیا ہے۔

(حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ وفات ۲۴۵ھ)

فرمایا: جو چیز بندوں کو آخرت سے باز رکھتی ہے وہ دنیا ہے۔

(حضرت شیخ ابن عطاء اسکندری رحمہ اللہ)

فرمایا: دنیا ایک بیمارستان ہے اور لوگ اس میں دیوانوں کی مانند ہیں اور دیوانوں کے لئے بیمارستان میں قید و زنجیر ہوتی ہے۔

(حضرت فضیل بن عیاض رحمہ اللہ وفات ۱۸۷ھ)

فرمایا: جو چیز بھی تجھ کو حق سے مانع ہوجائے وہی تیرا بت ہے (ایک بزرگ) دنیا دریا ہے اور اس کا کنارہ آخرت ہے اور اسکی کشتی تقویٰ ہے اور تمام آدمی مسافر ہیں۔

(حضرت ابویعقوب نہرجوری رحمہ اللہ)

فرمایا: دنیا کو تن کے لئے لینا چاہیے اور آخرت کو دل کے لئے۔

(حضرت سفیان ثوری رحمہ اللہ وفات سن ۱۶۱ھ)

فرمایا: دنیا کی محبت زہر قاتل کا اثر رکھتی ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ کیونکہ زہر سے جان ہلاک ہوتی ہے اور حبِّ دنیا سے ایمان جاتا رہتا ہے۔ (حضرت سلطان باہو رحمہ اللہ وفات ۱۱۰۲ھ)

فرمایا: دنیا کی حالت یہ ہے کہ جب چلی جاتی ہے تو آدمی کو حسرت و رنج دے کر جاتی ہے اور جب آتی ہے تو بہت سے افکار ساتھ لاتی ہے۔ (ایک بزرگ رحمہ اللہ)

فرمایا: اولیاء لوگوں میں سے بعضوں نے جو دنیا کو قبول کرلیا ہے تو اس نیت پر کہ غیروں کو فائدہ پہنچائیں۔ (حضرت مولانا کرامت علی رحمہ اللہ وفات ۱۲۹۰ھ)

فرمایا: دل مرکز اعمال ہے بگڑا ہوا دل نیکی نہیں کرسکتا۔ (حضرت امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ)

فرمایا: دل ارادہ کیلئے دماغ تدبیر کیلئے اور ہاتھ عمل کیلئے ہے۔ (ایک بزرگ رحمہ اللہ)

فرمایا: بندہ اور حق تعالیٰ کے درمیان حجاب' بندہ کا اپنا نفس ہے۔ (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)

فرمایا: خواہشات نفسانی کی فرمانبرداری کرنا قید خانہ میں رہنا ہے (عثمان حیری رحمہ اللہ)

فرمایا: جس شخص کی عزت لوگوں میں زیادہ ہو۔ اسے اپنے نفس کو نظر حقارت سے دیکھنا چاہیے۔ (حضرت عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ وفات ۱۸۱ھ)

فرمایا: انسان کے لئے بری صحبت سے بڑھ کر اور کوئی بری چیز نہیں۔ (خواجہ بختیار کاکی رحمہ اللہ)

فرمایا: برے لوگوں کی صحبت' نیک لوگوں کے ساتھ بدگمانی پیدا کردیتی ہے' اور نیک لوگوں کی صحبت بدوں کے ساتھ (بھی) حسنِ ظن پیدا کردیتی ہے۔

(حضرت بشر حافی رحمہ اللہ وفات ۲۲۷ھ)

فرمایا: اصلاح خیالات بجز شیخ کامل کی صحبت کے میسر نہیں ہوتی۔ (ایک بزرگ رحمہ اللہ)

فرمایا: عادت اللہ یہی ہے کہ استفادہ خاص زندوں سے ہوتا ہے۔ (ایک بزرگ رحمہ اللہ)

فرمایا: تم اپنے شیخ سے اس وقت تک نفع حاصل نہیں کرسکتے جب تک تمہارا اعتقاد ان کے متعلق سب سے زیادہ نہ ہو۔ (حضرت عدی بن مسافر رحمہ اللہ ۵۵۸ھ)

فرمایا: جاننا چاہیے کہ مقصود حق تعالیٰ ہے اور پیر حق تعالیٰ کی جناب تک پہنچنے کا

وسیلہ ہے۔ (حضرت مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)

فرمایا: سب سے ضروری چیز عقائد کا درست کرنا ہے اور یہی راس العبادات ہے کہ بغیر اس کے کچھ بھی صحیح نہیں ہے۔ (حضرت شیخ تھانوی رحمہ اللہ)

فرمایا: پس مخلص میں ریا نہیں ہو سکتی۔ (حضرت ابو علی دقاق رحمہ اللہ وفات سن ۴۰۵ھ)

فرمایا: اپنے اخلاص پر خود نظر ہونا علامت اخلاص کے غیر مکمل ہونے کی ہے اس لئے یہ اخلاص محتاج اخلاص ہو گیا۔ (حضرت شیخ تھانوی رحمہ اللہ)

فرمایا: خلوص یہ ہے کہ ہر وقت اور ہر حال میں خالق کو دیکھے (نہ کہ مخلوق کو)

(حضرت سید عبد القادر جیلانی رحمہ اللہ ۵۶۱)

فرمایا: تواضع یہ ہے کہ تم حق بات کو قبول کر لو چاہے وہ کسی جاہل کی زبان سے ہو یا لڑکے کی زبان سے (حضرت فضیل بن عیاض رحمہ اللہ ۱۸۷ھ)

فرمایا: تواضع یہ ہے کہ تو باہر جائے اور جسے بھی دیکھے اسے اپنے سے افضل سمجھے۔

(حضرت حسن بصری رحمہ اللہ ۱۱۰ھ)

فرمایا: قناعت کا پھل راحت ہے، تواضع کا پھل محبت ہے، تکبر کا پھل عداوت ہے۔

(ایک بزرگ رحمہ اللہ)

فرمایا: کل قیامت کو میزان میں وہی عمل زیادہ بھاری ہوگا جو آج تجھے گراں معلوم ہوتا ہے۔ (حضرت ابراہیم بن ادھم رحمہ اللہ)

فرمایا: عمل کر کے اس کو نہ کیا ہوا خیال کرنا چاہیے اور اپنے تئیں قصوروار خیال کر کے عمل از سر نو شروع کرنا چاہیے۔ (حضرت خواجہ علی رامیتنی رحمہ اللہ وفات ۷۱۵ھ)

فرمایا: یہ سب سے بڑی حماقت ہے کہ کام دوزخ کے کرو اور طمع بہشت کی رکھو۔

(حضرت یحییٰ معاذ رحمہ اللہ)

فرمایا: جو شخص بے ضرورت کاموں میں مشغول ہوتا ہے وہ ضروری کاموں کو ضائع کر بیٹھتا ہے۔ (حضرت ذوالنون مصری رحمہ اللہ)

فرمایا: کثرت کلام، حسنات کو اس طرح چوس لیتی ہے جیسے زمین پانی کو جذب کر لیتی ہے۔ (حضرت محمد بن عبدالخالق دینوری رحمہ اللہ)

فرمایا: وہ عمل جس کے ذریعہ بندہ انتہائی مدارج پر پہنچتا ہے وہ اپنے قصور اور عجز و ضعف کا استحضار و مشاہدہ ہے۔ (حضرت خیر نساج رحمہ اللہ وفات ۳۲۱ھ)

فرمایا: تصوف کی حقیقت دل کو مخلوق کے رجوع سے صاف کرنا اور علیحدگی اختیار کرنا ہے۔ (حضرت جنید بغدادی رحمہ اللہ)

فرمایا: تصوف وہ ہے کہ آدمی پر جو کچھ بھی گذرے اسے حق تعالیٰ کی طرف سے جانے اور اللہ کے ساتھ اس طرح رہے کہ سوائے اس کے کسی کو نہ جانے۔

(حضرت ابوسلیمان دارانی رحمہ اللہ)

فرمایا: صوفی وہ شخص ہے جو ہمیشہ اپنے حال کو چھپائے اور تمام کائنات اس کی ولایت کی ناطق ہو۔ (حضرت ابومحمد شنبکی رحمہ اللہ)

فرمایا: جو اول وقت میں فرائض ادا کرتا ہے وہ عابد ہے۔ (حضرت ابوعبداللہ جلا رحمہ اللہ ۳۰۶ھ)

فرمایا: لفظ فقیر میں ''ف'' سے مراد فاقہ، قؔ سے مراد قناعت، یؔ سے مراد یادِ الٰہی اور رؔ سے مراد ریاضت ہے۔ (حضرت شاہ غلام علی رحمہ اللہ دہلوی)

فرمایا: تمام سعادتوں کا سرمایہ سنت کی تابعداری ہے اور تمام فسادوں کی جڑ شریعت کی مخالفت ہے۔ (مجدد الف ثانی رحمہ اللہ)

فرمایا: اتباع سنت کا ہمیشہ خیال رکھئے! یہی کمال ہے، یہی مطلب ہے، یہی رضائے خداوندی کا موجب ہے۔ (مولانا حسین احمد مدنی رحمہ اللہ)

فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وارثت کے یہ معنی ہیں کہ ہر فعل میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کی جاوے نہ کہ کاغذ سیاہ کئے جاویں۔ (حضرت خرقانی رحمہ اللہ)

فرمایا: جب نماز کا وقت ہوتا ہے تو ظاہری وضو کرتا ہوں اور باطنی وضو کرتا ہوں

ظاہری وضو پانی سے کرتا ہوں اور باطنی وضو توبہ سے کرتا ہوں۔ (حضرت حاتم اصم رحمہ اللہ)

فرمایا: نماز کی اصل روح خشوع و خضوع ہے اور تمام نماز میں حضوریٔ قلب ہے نماز اسی قدر لکھی جاتی ہے جس میں حضور قلب ہو، نماز باروح وہی ہے جس میں اول سے آخر تک دل حاضر رہے، اور جس نماز میں سوائے پہلی تکبیر کے دل حاضر نہ ہو اس میں سوائے ایک رمق روح کے زیادہ نہیں ہوتا اور اس کی مثال اس شخص کی سی ہے جو صرف ایک ہی دم کا مسلمان ہے۔ (حضرت امام غزالی رحمہ اللہ ۵۰۵ھ)

فرمایا: نماز حقیقی، دلوں کو اغیار کے میل کچیل سے پاک کرنیوالی اور پوشیدہ اسرار کا دروازہ کھولنے والی ہے، نماز سرگوشی کا محل اور محبت و اخلاص کی جگہ ہے۔ (حضرت اسکندری رحمہ اللہ)

فرمایا: درویش اگر پانچ وقت کی نماز باجماعت میں مداومت نہ کرے تو اس کا کچھ اعتبار نہ کرو۔ (حضرت ابوالحسن شاذلی رحمہ اللہ وفات ۶۵۶ھ)

فرمایا: جو کچھ مجھ کو حاصل ہوا وہ سب بہ برکت نماز تہجد حاصل ہوا۔ (سید احمد شہید رحمہ اللہ)

فرمایا: اللہ کا ذکر شریعت کا مددگار ہے اور شریعت کے کام ذکر کے مددگار ہیں۔ (سید احمد شہید رحمہ اللہ)

فرمایا: جب تم کو وہ گناہ یاد آوے مگر یاد آنے پر اس کی لذت محسوس نہ ہو، بس یہ ہے توبہ صحیح۔ (حضرت بوشنجی رحمہ اللہ وفات ۳۴۸ھ)

فرمایا: اہل سلوک کے نزدیک پانچ چیزوں میں سے پہلی یہ ہے کہ اپنے ماں باپ کا منہ محبت سے اولاد کو دیکھنا عبادت ہے چنانچہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو فرزند اپنے ماں باپ کا منہ اللہ کی دوستی کے لئے دیکھتا ہے، ایک حج مبرور (یعنی مقبول) اس کے نامۂ اعمال میں لکھا جاتا ہے اور جب فرزند اپنے ماں باپ کے پاؤں پر بوسہ دیتا ہے تو حق تعالیٰ ہزار برس کی عبادت کا ثواب اس کے نامۂ اعمال میں لکھ دیتا ہے اور اس کو بخش دیتا ہے۔ (حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمہ اللہ)

(کھٹے) لیموں سے میٹھا شربت بنایئے

سمجھدار آدمی نقصان کو فائدہ میں بدل دیتا ہے اور بے وقوف ایک مصیبت کو دو مصیبتیں بنا دیتا ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ سے نکال دیا گیا تو آپ نے مدینہ میں ایک سلطنت قائم کی جس سے تاریخ بھری پڑی ہے۔

امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ کو قید کیا گیا اور کوڑے مارے گئے تو وہ اہل سنت والجماعت کے امام بن گئے۔

امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ کو قید کیا گیا تو ان کی قید سے علم کا ایک وسیع خزانہ نکالا گیا (قید میں انہوں نے بہت سی کتب تصانیف کیں)

امام سرخسی رحمہ اللہ کو ایک اندھے کنویں میں ڈال دیا گیا تو انہوں نے فقہ کے موضوع پر 20 جلدوں میں کتاب لکھی۔

علامہ ابن الاثیر رحمہ اللہ کو نظر بند کیا گیا تو انہوں نے جامع الأصول اور نہایہ نامی کتابیں لکھیں جو حدیث کی مشہور اور مفید کتابیں ہیں۔

علامہ ابن الجوزی رحمہ اللہ کو بغداد سے جلاوطن کیا گیا تو انہوں نے قرأت سبعہ کے متعلق بہت کام کیا۔

مالک بن الریب رحمہ اللہ کو گردن توڑ بخار نے آ پکڑا تو انہوں نے دنیا والوں کیلئے ایک قصیدہ بھیجا جو عباسی حکومت کے شعراء کے قصیدوں کے برابر تھا۔

ابوذویب الہذلی رحمہ اللہ کے بیٹے فوت ہوئے تو انہوں نے ایک ایسا مرثیہ پڑھا جس (کی مثال لانے) سے دنیا خاموش ہے۔ علماء اس سے حیران ہیں اور تاریخ نے اس کا استقبال کیا۔

اپنے سخت ترین برتن میں ٹھنڈک پیدا کیجئے تا کہ آپ اس سے پھول، گلاب اور چنبیلی نکالیں۔

وَعَسٰى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ

ہوسکتا ہے جس چیز کو آپ ناپسند کریں وہ آپ کے حق میں مفید ہو۔

اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ مجھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تجھے ایسے کلمات نہ سکھا دوں کہ جو مصیبت کے وقت پڑھا کرے؟

وہ کلمات یہ ہیں

اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّىْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا

اللہ تعالیٰ میرے رب ہیں میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔

کچھ چیزیں دل پر تاریکی کے بادل چڑھا دیتی ہیں جب بندہ اپنے رب کی طرف رجوع کرتا ہے اور اپنا معاملہ اللہ کے حوالے کر دیتا ہے اور مخلوق میں سے کسی کو شریک کئے بغیر اپنے آپ کو اللہ کے سامنے ڈال دیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے بادل کو ختم کر دیتے ہیں لیکن اگر کوئی شخص غافل دل کے ساتھ ان جملوں کو کہے تو ہائے کچھ بھی نہیں۔ (ڈاکٹر عبداللہ القرنی)

گھر بھر کی اِصلاح اور دِل کی دُنیا بدلنے والی اہم کتب

اللہ تعالیٰ کی محبت بیدار کیجئے

اپنے اخلاق درست کیجئے

قرآنِ کریم کیسے پڑھنا چاہیے؟

لطائفِ قرآن

مسنون دعاؤں کی قبولیت کے حیرت انگیز واقعات

ہمارے اکابر دلوں کے فاتح

دورِ حاضر میں والدین کی ذمہ داریاں

ایک ہزار جواہرات مفتی اعظم

اسلاف کی باہمی محبت کے حیرت انگیز واقعات

بچوں کو سچا پکا مسلمان بنانے کیلئے 365 سبق

مجرباتِ اکابر

نفس و شیطان کی مکاریاں اور علاج

تبلیغی جواہرات

عجائبات

دُنیا کے اے مُسافر!

سخی لوگ سخاوت کے حیرت انگیز واقعات

نیت درست کریں

دعوت و تبلیغ کی محنت

چوک فوارہ ملتان پاکستان
(0322-6180738, 061-4519240